★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 14 | جمعرات یکم ربیع الاول 1445ھ 5 ستمبر 2024ء 21 ھادوں 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 325

فرمان الٰہی

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

وزیر اعلیٰ کا لاہور کے دو میگا پراجیکٹس کا افتتاح

کنٹرولڈ ایکسس کوریڈور و بند روڈ پیکیج ٹو اور راوی برج توسیعی منصوبے کا باقاعدہ آغاز

نیازی انٹرچینج تا سگیاں، سگیاں تا بابو صابو انٹرچینج پراجیکٹ پر تعمیرات، داخلی و خارجی راستے پر بابو صابو انٹرچینج کی ری ماڈلنگ بھی مکمل کر لی گئی

وزیر اعلیٰ کا بند روڈ کوریڈور اور راوی برج کا دورہ، سروس روڈ کا جائزہ، اطراف کی آبادیوں کی سہولت کیلئے بند روڈ سروس لین کی مزید توسیع کا حکم

لاہور (نامہ نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے لاہور کے دو میگا پراجیکٹس کا افتتاح کر دیا۔ ایم پی اے سمیع اللہ خان اور غزالی بٹ بھی ہمراہ تھے۔ کنٹرولڈ ایکسس کوریڈور بند روڈ پیکج ٹو اور راوی برج توسیعی منصوبے کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا۔ کنٹرولڈ ایکسس پراجیکٹ کے اہم داخلی و خارجی راستے پر بابو صابو انٹرچینج کی ری ماڈلنگ بھی مکمل ہو گئی ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1

اسلام آباد، صدر آصف علی زرداری سے ترکیہ کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

بجلی بلوں کی سبسڈی پر آئی ایم ایف کو اعتراض ہے تو بات ہو سکتی ہے: عظمیٰ بخاری

دو ماہ کا عارضی ریلیف دیا گیا تھا لیکن سیاسی مخالفین بجلی بلوں کے ریلیف پر سیاست کر رہے ہیں

لاہور (نامہ نگار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ بجلی کے بلوں پر ٹارگٹڈ سبسڈی ہے، اس پر آئی ایم ایف کو اعتراض نہیں ہوتا اور اگر آئی ایم ایف کو کوئی اعتراض ہے تو اس پر بات ہو سکتی ہے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

خواتین کو تحفظ فراہم کرنا ہمارا فرض، احسن اقبال

معاشرہ اس وقت تک ترقی نہیں کر سکتا جب تک 50 فیصد خواتین کی شمولیت نہ ہو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی، اصلاحات و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ ہر خاتون کو کام کی جگہ پر تحفظ فراہم کرنا ہمارا فرض ہے، کوئی معاشرہ اس وقت تک ترقی نہیں کر سکتا جب تک 50 فیصد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

پاکستانی سفیر کی امریکی کانگریس میں پاکستان کاکس کے ٹام سوازی سے بات چیت

پاک امریکہ تعلقات کو مستحکم کرنے اور تعاون کے فروغ کیلئے ملکر کام کرنے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) امریکہ میں پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ کی امریکی کانگریس میں پاکستان کاکس کے سرکردہ رکن ٹام سوازی سے بات چیت ہوئی دونوں نے پاک امریکہ تعلقات کو مستحکم کرنے اور تعاون کے فروغ کیلئے ملکر کام کرنے پر اتفاق کیا۔ بات چیت میں پاک امریکہ تعلقات اور دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم کرنے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ رکن کانگریس ٹام سوازی نے سفیر پاکستان کو امریکہ میں پاکستانی سفیر کی حیثیت سے ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دی۔ پاکستانی سفیر نے اس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

آئی ایم ایف بورڈ سے ایکسٹرنل فنانسنگ کی منظوری کیلئے ڈیڈ لائن نہ مل سکی

ایگزیکٹو بورڈ کی منظوری کیلئے 12 ارب ڈالر قرض رول اوور پہلے کرانا ہوگا، عالمی مالیاتی فنڈ مشن

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کو ایکسٹرنل فنانسنگ کیلئے عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) ایگزیکٹو بورڈ سے منظوری کی کوئی ڈیڈ لائن نہ مل سکی۔ وزارت خزانہ اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) مشن کے درمیان ایکسٹرنل فنانسنگ پر ورچوئل مذاکرات ہوئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق ایف بی آر حکام نے بھی ورچوئل مذاکرات میں محصولات شارٹ فال پر بات چیت کی، وزارت خزانہ حکام نے آئی ایم ایف مشن کو ایکسٹرنل

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

ملک میں بجلی کی پیداوار زائد جبکہ اس کی کھپت کم ہے، اعظم نذیر تارڑ

آئی پی پیز کو پیمنٹ کے حوالے سے مسئلے کے حل کے لئے پیشرفت جاری ہے، وزیر قانون

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون، انصاف و پارلیمانی امور سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ بجلی چوری کی روک تھام اور بقایا جات کی عدم ادائیگی کے حامل علاقوں کی نشاندہی کے لیے سمارٹ میٹرز کی ٹرانسفارمرز پر منتقلی کے حوالے سے 6 ارب ڈالر کے منصوبے کے لئے ورلڈ بینک نے قرض کی فراہمی پر رضامندی ظاہر کر دی ہے جن علاقوں میں بجلی چوری کی شرح 20 فیصد سے زیادہ ہے وہاں پر زیادہ لوڈ شیڈنگ کی جاتی ہے، ملک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

وزیر مملکت آئی ٹی سے ازبکستان کے سفیر کی ملاقات

آئی ٹی و ٹیلی کام کے شعبہ میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ سے پاکستان میں ازبکستان کے سفیر اوبیک عارف عثمانوف نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7

اسلام آباد، سیلابی ریلے میں پھنسے لوگوں کو بچانے والے ایکسکویٹر ڈرائیور محب اللہ وزیر اعظم شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں

کے پی اور بلوچستان میں حکومتی رٹ ختم ہو چکی

معاملات سیاستدانوں کے حوالے کیے جائیں

فضل الرحمن

سیاستدانوں کو بااختیار بناؤ، سیاسی لوگوں کی اہمیت ختم کی جا رہی ہے، سندھ میں ڈاکوؤں کا راج ہے، کچے کی صورتحال کو دیکھ کر پریشان ہیں، پارلیمنٹ آگے بڑھے، سربراہ جے یو آئی کا اسمبلی میں خطاب

کے الیکٹرک نے ریاست کے اندر ریاست بنا رکھی ہے، سید امین الحق، ملک میں غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ جاری ہے، لوگ لوڈ شیڈنگ کی وجہ سے لوگ مشکلات کا شکار ہو رہے ہیں، آصفہ بھٹو زرداری، بجلی کی لوڈ شیڈنگ ختم کیسے کریں، حکومت کو معلوم ہی نہیں، عمر ایوب

سمندری علاقوں میں گیس اور پٹرولیم کی تلاش کے لیے غیر ملکی کمپنیز کو بلا رہے ہیں، وزیر پٹرولیم مصدق ملک، پورے ہاؤس کی ایک کمیٹی تشکیل دی جائے اور آئی پی پیز پر بحث ہو، یہ بہت گھمبیر کرائسز ہے، اس پر ابہام دور ہونے چاہئیں، راجہ پرویز اشرف

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ جمعیت علمائے اسلام (ف) مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ سیاسی جماعتوں اور سیاسی قائدین کو ملک کیلئے غیر ضروری سمجھنے سے زیادہ بڑی حماقت کوئی نہیں۔ بدھ کو قومی اسمبلی کا اجلاس اسپیکر سردار ایاز صادق کی زیر صدارت شروع ہوا۔ اس موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سربراہ جمعیت علمائے اسلام (ف) مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ سیاستدانوں کو بااختیار بناؤ، سیاسی لوگوں کی اہمیت ختم کی جا رہی ہے، جہاں معروف اور تجربہ کار ہے ان کو سائیڈ لائن کیا جا رہا ہے اور ظاہر ہے اس کی جگہ نئے نوجوان لیں گے مگر وہ تجربہ نہیں رکھتے اور جذباتی ہوتے ہیں اس سے معاملات اتنے الجھ جاتے ہیں کہ اس گتھی کو سلجھانا مشکل ہو جاتا ہے، سب چیزیں اپنے اندر سمیٹنا اور سارے معاملات کے لیے فیصل آباد کا گھنٹا گھر بن جانا یہ شاید ایک خواہش ہو سکتی ہے مگر یہ مسئلے کا حل نہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سی پیک یہ سب معاملات ہیں جن کے سامنے رکاوٹیں کھڑی ہو گئی ہیں، ڈیرہ اسمٰعیل خان، لکی مروت کا علاقہ مسلح قوتوں کے قبضہ میں ہے، وہاں کوئی کام نہیں ہو سکتا، حالات کی سنگینی کا اندازہ اس سے لگائیں کہ کچھ علاقوں میں آج اسکولوں اور کالجوں میں پاکستان کا ترانہ نہیں پڑھا جا سکتا، پاکستان کا جھنڈا نہیں لہرایا جا سکتا، یہاں تک صورتحال خراب ہو گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن سے پہلے میں افغانستان گیا وہاں باہمی تجارت، افغان مہاجرین پر بات چیت کی، میں افغانستان سے کامیاب ہو کر واپس لوٹا تھا، ہم ذمہ داریاں کسی اور پر ڈال دیں، اس طرح نہیں چلے گا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ میں ڈاکوؤں کا راج ہے، کچے کی صورتحال کو دیکھ کر پریشان ہیں، پارلیمنٹ سے درخواست ہے کہ آگے بڑھیں اور ان سے گفتگو کی جائے، جب ریاست ناکام ہو جاتی ہے تو ہم جا کر وہاں صورتحال کو کنٹرول کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جبری گمشدگیاں ایک اہم مسئلہ ہے، اس پر بات

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8

لاہور، صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس کر رہی ہیں

ڈاکو کچے کے ہوں یا اڈیالہ کے کسی کو نہیں چھوڑا جائے گا، عظمیٰ بخاری

”اپنی چھت اپنا گھر“ پروگرام کے لئے 80 ہزار، کسان کارڈ کے لئے 8 لاکھ افراد نے رجسٹریشن کروا لی

سولر پینل کی فراہمی کے نتیجے میں پنجاب کے عوام کو 25 سال کیلئے بجلی کے بلوں سے نجات مل جائے گی، وزیر اطلاعات

لاہور (سمعیہ فیاض) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ ”اپنی چھت اپنا گھر“ پروگرام کے لئے 80 ہزار اور کسان کارڈ کے لئے 8 لاکھ افراد نے رجسٹریشن کروا لی ہے۔ سولر پینل کی فراہمی کے نتیجے میں پنجاب کے عوام کو 25 سال کیلئے بجلی کے بلوں سے نجات مل جائے گی۔ ڈاکو کچے کے ہوں یا اڈیالہ کے کسی کو نہیں چھوڑا جائے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے انٹرنیشنل انویسٹرز کا وفد ملاقات کر رہا ہے

انٹرمیڈیٹ پارٹ II کے نتائج کا اعلان، کامیابی کا تناسب 60.45 فیصد رہا

1 لاکھ 14 ہزار 985 امیدوار پاس، 75 ہزار سے زائد امیدوار فیل ہوئے

لاہور (این این آئی) لاہور بورڈ نے انٹرمیڈیٹ پارٹ II کے نتائج کا اعلان کر دیا، کامیابی کا تناسب 60.45 فیصد رہا۔ رواں سال امتحان میں ایک لاکھ 90 ہزار امیدواروں نے شرکت کی جس میں انٹرمیڈیٹ پارٹ II امتحانات میں 1

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

2 شادیاں کر رکھی ہیں، دونوں شادیاں لو میرج ہیں، فواد چوہدری

ملک میں اس وقت سیاست ہو ہی نہیں رہی، جب سیاست ہوگی تو سیاسی طور پر متحرک بھی نظر آؤں گا

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے 2 شادیاں کر رکھی ہیں اور دونوں شادیاں لو میرج ہیں، ملک میں اس وقت سیاست ہو ہی نہیں رہی ہے، جب سیاست ہوگی تو سیاسی طور پر متحرک بھی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

محسن نقوی کو پی سی بی چیئرمین شپ الیکشن میں دھاندلی کے انعام میں ملی: محمد علی سیف

محسن نقوی اور جعلی حکومت کی ترجیحات صرف پی ٹی آئی کارکنوں کی پکڑ دھکڑ ہے، مشیر اطلاعات، بیان جاری

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا محمد علی سیف نے کہا ہے کہ کرکٹ کی بہتری بورڈ چیئرمین محسن نقوی کی ترجیحات ہی نہیں ہیں، محسن نقوی کو بورڈ چیئرمین شپ الیکشن میں بدترین دھاندلی کے انعام میں ملی۔ بیرسٹر سیف نے اپنے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

لاپتہ شہری فیضان عثمان کو بازیاب نہ کرایا جا سکا، آئی جی عدالت میں پیش

فیضان کی لوکیشن پہلے اسلام آباد اور 17 اگست کو پھر لاہور کی لوکیشن آئی، آئی جی اسلام آباد کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) لاپتہ شہری فیضان عثمان کو بازیاب کرا کر اسلام آباد ہائی کورٹ میں پیش نہ کیا جا سکا۔ اسلام آباد سے لاپتہ فیضان عثمان کی بازیابی کی درخواست پر اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس بابر ستار کیس نے سماعت کی۔ سماعت کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

گورنر خیبر پختونخوا وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور سے اعتماد کا ووٹ لینے کا مطالبہ

دو تہائی اکثریت والے وزیر اعلیٰ اپنی اسمبلی میں جانے سے کترا رہے ہیں،

کابینہ میں کیوں ردوبدل کیا جا رہا ہے قوم کو بتایا جائے، اگر یہ ممبران کرپٹ ہیں یا پھر نااہل ہے تو قوم کو بتایا جائے میڈیا سے گفتگو

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے ایک بار پھر وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے چیئرمین رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد ملاقات کر رہے ہیں

محرومیوں کی وجہ سے بلوچستان میں ملک دشمن عناصر کو تقویت ملی، وزیر دفاع

سابق وزیر اعظم جو کچھ کرتے رہے، فیض حمید سب سے باخبر آدمی ہیں، سب چند دنوں میں طے ہو جائیگا

اختر مینگل سے بات چیت کرنا ضروری ہے، استعفیٰ واپس لینے کے لیے ان کے خدشات دور کرنا چاہئیں، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ بلوچستان کی بہتری کیلئے کئی مواقع

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے انٹرنیشنل انویسٹرز کا وفد ملاقات کر رہا ہے

توہین الیکشن کمیشن کیس: عمران خان اور فواد چودھری کیخلاف سماعت 19 ستمبر تک ملتوی

بانی پی ٹی آئی کا کیس الگ ہے، شعیب شاہین کہ مختلف کیسز میں مصروفیت کے باعث نہیں آسکے، نعیم پنجوتھہ

اسلام آباد (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان اور فواد چودھری کیخلاف توہین الیکشن کمیشن کیس کی سماعت ہوئی، بانی پی ٹی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29

حکومت متنازع فیصلوں، قانون سازی سے عدلیہ کو رسوا نہ کرے: لیاقت بلوچ

جعلی بنیادوں پر اکثریت حاصل کر کے متنازع آئینی ترامیم کی گئیں تو یہ آئین و قانون کا میگا اسکینڈل ہوگا، بیان

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ حکومت متنازع فیصلوں اور قانون سازی سے عدلیہ کو رسوا نہ کرے۔ لیاقت بلوچ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ اگر جعلی بنیادوں پر اکثریت حاصل کر کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

اسلام آباد، ازبکستان کے سفیر وزیر مملکت برائے آئی ٹی شزا فاطمہ خواجہ سے ملاقات کر رہے ہیں

محسن نقوی سے چیئرمین رویت ہلال کمیٹی سے ملاقات، مختلف امور پر تبادلہ خیال

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں موثر بیانیہ کیلئے تمام ممالک کے علماء کرام سے مشاورت کی جائے گی، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد نے ملاقات کی جس میں قیام امن اور دہشت گردی و فرقہ واریت کے خاتمے، مذہبی ہم آہنگی، رواداری اور بین

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کو توہین عدالت کا نوٹس جاری، 3 اکتوبر کو پیش ہونے کا حکم

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ سرکٹ بینچ کی جانب سے وزیر اعلیٰ مراد علی شاہ کو توہین عدالت کا نوٹس جاری کر دیا گیا۔ سندھ ہائیکورٹ سرکٹ بینچ میں سابق لائبریرین مہران یونیورسٹی کی جانب سے دائر توہین عدالت درخواست پر سماعت ہوئی جس میں درخواست گزار کی جانب سے موقف

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

ہائیکورٹ کی آر پی او شیخوپورہ کو بچے کی بازیابی کیلئے آئندہ سماعت تک مہلت

جس کا بچہ گم ہو، پانی کا گھونٹ پیتا ہے تو وہ بھی نہیں پی پاتا، جسٹس فاروق حیدر

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بچے کی بازیابی کے متعلق کیس کی سماعت کرتے ہوئے آر پی او شیخوپورہ کو بچے کی بازیابی کیلئے آئندہ سماعت تک مہلت دے دی۔ جسٹس فاروق حیدر نے عظمیٰ بی بی کی اپنے بیٹے کی بازیابی کے متعلق دائر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

صدر مملکت کا سعودی شہزادی لطیفہ بنت عبدالعزیز السعود کے انتقال پر اظہار افسوس

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے سعودی شہزادی لطیفہ بنت عبدالعزیز السعود کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ بدھ کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے سعودی فرمانروا شاہ سلمان بن عبدالعزیز، شاہی خاندان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

پاکستانی کلچر اور مہمان نوازی سے بہت خوش ہوں: امریکی قونصل جنرل اسکاٹ اربوم

امریکا قائد اعظم کے متحد، جمہوری اور خوش حال پاکستان کے وژن کی حمایت کرتا ہے، مزار قائد پر میڈیا سے گفتگو

کراچی (این این آئی) کراچی میں امریکی قونصل جنرل اسکاٹ اربوم نے کہا ہے کہ کراچی آئے کم وقت ہوا ہے مگر پاکستان کے کلچر اور مہمان نوازی سے بہت خوش ہوں۔ امریکی قونصل جنرل اسکاٹ اربوم نے مزار قائد پر حاضری دی۔ اس موقع پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32

وزیر اعلیٰ کے معاون خصوصی ذیشان ملک سے چیئرمین پی ایچ اے غزالی سلیم بٹ کی ملاقات

حکومت کی گرین پنجاب اور ماحول دوست انوائرمنٹ میں پی ایچ اے کا اہم کردار ہے، گفتگو

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ کے معاون خصوصی برائے سیاسی امور ذیشان ملک سے چیئرمین پی ایچ اے غزالی سلیم بٹ نے 90 شاہراہ قائد اعظم پر ملاقات کی۔ ذیشان ملک نے غزالی سلیم بٹ کو چیئرمین پی ایچ اے مقرر ہونے پر مبارکباد دی اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

زراعت کو جدید خطوط پر استوار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، احسن اقبال

جدید خطوط پر استوار زراعت کے شعبے میں تربیت حاصل کریں، وفاقی وزیر کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ زراعت کو جدید خطوط پر استوار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، زرعی تعلیم و تحقیق حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34

کراچی: ایسٹ کمپلین سیل میں پولیس اہلکاروں کی رشوت لینے کی ویڈیو وائرل

ایک خاتون اہل کار کو 50 ہزار روپے سے زائد رشوت کا مطالبہ کرتے دیکھا جا سکتا ہے

کراچی (این این آئی) کراچی میں ایسٹ کمپلین سیل میں پولیس اہلکاروں کی رشوت لینے کی ویڈیو سامنے آگئی۔ اپنے خلاف درج شکایت کے سلسلے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22

سی ٹی ڈی کی ساہیوال میں کارروائی، فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والا دہشتگرد گرفتار

دہشت گرد کے قبضے سے مذہبی منافرت پھیلانے والے لٹریچر برآمد ہوئے، ذرائع سی ٹی ڈی

ساہیوال (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سی ٹی ڈی نے ساہیوال میں فرید یہ پارک کے قریب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کرتے ہوئے فتنہ الخوارج سے تعلق

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21

چیئرمین سینیٹ نے سید حسنین حیدر کو سیکریٹری سینیٹ تعینات کر دیا

گریڈ 21 کے ایڈیشنل سیکریٹری سینیٹ حفیظ اللہ شیخ کو گریڈ 22 میں سپیشل سیکریٹری سینیٹ تعینات کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے سید حسنین حیدر کو سیکریٹری سینیٹ تعینات کر دیا۔ بدھ کو سینیٹ سیکریٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق سید حسنین حیدر اس سے قبل قائمقام سیکریٹری سینیٹ کے طور پر فرائض

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25

اسلام آباد، کوآرڈینیٹر وزیر اعظم برائے موسمیاتی تبدیلی روبینہ خورشید عالم سے یوئیف کے پاکستان میں نمائندے عبداللہ اے فادل ملاقات کر رہے ہیں

رانا ثنا اللہ کی پارلیمانی وفد کے ہمراہ سردار اختر مینگل سے ملاقات

اختر مینگل نے استعفیٰ واپس لینے سے متعلق حکومتی درخواست منظور کر لی، رانا ثنا اللہ

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما اور وزیر اعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ نے پارلیمانی وفد کے ہمراہ بدھ کو پارلیمنٹ لاجز میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر مینگل سے ملاقات کی۔ وفد میں ڈاکٹر طارق فضل

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

سپیکر قومی اسمبلی کی معروف مصور جمی انجینئر کو ہلال امتیاز کے لیے نامزد ہونے پر مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے معروف آرٹسٹ اور سماجی کارکن جمی انجینئر کو حکومت پاکستان کی جانب سے ہلال امتیاز کے لیے نامزد ہونے پر مبارکباد دی ہے۔ بدھ کو قومی اسمبلی سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق سپیکر نے کہا کہ ہلال امتیاز کے لیے نامزدگی جمی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

اعظم نذیر تارڑ سے یو این ڈی پی کے وفد کی ملاقات

محفوظ ڈیجیٹل ماحول کے فروغ سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف، انسانی حقوق اور پارلیمانی امور سینیٹر اعظم نذیر تارڑ سے چیف ٹیکنیکل ایڈوائزر علی البیطی کی سربراہی میں یو این ڈی پی کے وفد نے ملاقات کی جس میں ایسے کلیدی اقدامات جن کا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

ہماری جدوجہد میں کمی نہیں آئے گی، حافظ نعیم الرحمن

دھرنا، لانگ مارچ، شٹر ڈاؤن اور پہیہ جام ہڑتالوں سمیت تمام آپشنز موجود ہیں

فیصلہ کیا ہے کسی سیاسی پارٹی سے اتحاد نہیں کریں گے، ہم عوام سے اتحاد کریں گے، امیر جماعت اسلامی

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ معاہدہ پر اپوزیشن جماعتوں میں سے پروپیگنڈہ کرنے والے جان لیں اس کا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

لاہور، صوبائی سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ سے وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان ملاقات کر رہے ہیں

گندم خریداری میں مالی فائدہ اٹھانے کا کیس، ایم ڈی پاسکو مقدمے سے بری

جوڈیشل مجسٹریٹ عمران عابد نے ایف آئی اے کی درخواست پر ایم ڈی پاسکو کو مقدمے سے بری کیا

لاہور (این این آئی) عدالت نے ایم ڈی پاسکو سعید احمد نواز کو گندم کی خریداری میں مالی فائدہ اٹھانے کے مقدمے سے بری کر دیا۔ جوڈیشل

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

حجاب عورت کو آزادی، تحفظ، شناخت، عزت و وقار عطا کرتا ہے

ضیاء الدین انصاری

حجاب مسلمان خواتین کی عصمت و عفت اور شرم و حیا کی علامت ہے، مسلمان خواتین امہات المومنین رضی اللہ عنہن کے کردار کو مشعل راہ بنائیں۔

عالمی یوم حجاب کے موقع پر سرکاری سطح پر تعلیمی اداروں میں تقریبات کا انعقاد ہونا چاہیے۔، امیر جماعت اسلامی لاہور ایڈووکیٹ

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ حجاب عورت کو آزادی، تحفظ، شناخت عزت و وقار

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

لاہور، جماعت اسلامی خواتین کے زیر اہتمام عالمی یوم حجاب کے موقع پر ریلی سے امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور

سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	3:30
فجر	4:20
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

فقہ جعفریہ

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال
111-809-809

سروسز ہسپتال لاہور
99203407-25

میو ہسپتال لاہور
9921110-6

جنرل ہسپتال لاہور
99284092-8

پی آئی سی لاہور
111-786-786

حافظ آباد: نوسرباز خواتین نے بیہوش کر کے لوٹ لیا

کانوں سے طلائی زیورات اتار کر فرار ہو گئیں، پولیس سراغ نہ لگا سکی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد کے محلہ فاروق آباد میں دو نوسرباز خواتین گھر میں موجود خواتین کو بے ہوش کر کے وہاں سے طلائی زیورات اتار کر لے گئیں۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ریٹائرڈ غلام سرور انصاری کے گھر دن کے وقت دو نوسرباز خواتین داخل ہوئیں، جنہوں نے وہاں پر موجود غلام سرور کی والدہ اور بیوی کو چکمہ دیکر بے ہوش کر دیا اور بعد ازاں انکے کانوں سے طلائی زیورات اتار کر رفو چکر ہو گئیں، واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی تاحال نوسرباز خواتین کا سراغ نہ لگایا جا سکا ہے۔

پولیس اور انتظامی افسران کے بعد بورڈ آف ریونیو میں "کے پی آئی" سسٹم متعارف کرانے کا فیصلہ

کمشنر، ڈپٹی کمشنر، اے سی، تحصیلدار اور نائب تحصیلدار کی کارکردگی کا تعین "کے پی آئی" سے ہوگا

لاہور (کرائم رپورٹر) پولیس اور انتظامی افسران کے بعد بورڈ آف ریونیو میں "کے پی آئی" سسٹم متعارف کرانے کا فیصلہ کیا گیا۔ کمشنر، ڈپٹی کمشنر، اے سی، تحصیلدار اور نائب تحصیلدار کی کارکردگی کا تعین "کے پی آئی" سے ہوگا۔ بورڈ آف ریونیو کے جوڈیشل ممبرز، ممبر ٹیکس، ممبر کالونیز اور ممبر کنسولیڈیشن کی پرفارمنس کو بھی مانیٹر کیا جائے گا۔ دیہی مرکز مال اور پی ایل آر اے میں انتقال کی بروقت تصدیق کا عمل مکمل کرنے پر سکور اپ ڈیٹ ہوگا۔ سب رجسٹرار آفس کی کارکردگی رجسٹری کی بروقت تصدیق سے منسلک ہوگی۔ انتقال سے متعلق امور اور اراضی ریکارڈ کی تصحیح بھی کے پی آئی سکور میں شامل ہوگی۔ "پلس پراجیکٹ" کے تحت ریونیو ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن پر پیشرفت بھی کے پی آئی میں شامل ہے۔ اسی گرداوری، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا ماہانہ اجلاس، وراثتی انتقال کے کیس میں فیلڈ رپورٹ بھی کے پی آئی کا حصہ ہے۔ عوام کی سہولت کے لئے اختراعی اقدامات، پالیسی ریفارمز سے بھی افسران کی کارکردگی کو جانچا جائے گا۔ عدالتی مقدمات نمٹانے پر کے پی آئی سکور میں اضافہ ہوگا۔ تقسیم انتقال اور ریونیو ریکوری سے بھی متعلقہ افسر کے پی آئیز بہتر ہوں گے۔ سٹیٹ لینڈ مینجمنٹ کے کے پی آئی بھی مقرر، زرعی اراضی کی لیز، کنسولیڈیشن فیس اور سٹیٹ لینڈ ڈائریکٹری بھی کے پی آئی میں شامل ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت بورڈ آف ریونیو کے "کی پرفارمنس انڈیکس" سے متعلق اجلاس منعقد ہوا۔

وائس چانسلر پروفیسر احسن وحید راٹھور یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور کے بورڈ آف سٹڈیز نرسنگ کے 37ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز نے پنجاب میں بی ایس سی نرسنگ کے داخلوں اور سالانہ امتحانات کا شیڈول کی منظوری دے دی

یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور کے بورڈ آف سٹڈیز نرسنگ کا 37واں اجلاس بدھ کے روز وائس چانسلر پروفیسر احسن وحید راٹھور کی زیر صدارت ہوا

بی ایس سی نرسنگ کے امتحانی کیلنڈر 2024 کی بھی منظوری دی گئی، پہلی میرٹ لسٹ نومبر کے تیسرے ہفتے میں اور داخلوں کیلئے آخری میرٹ لسٹ 31 دسمبر کو جاری کی جائیگی

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور کے بورڈ آف سٹڈیز نرسنگ کا 37واں اجلاس بدھ کے روز وائس چانسلر پروفیسر احسن وحید راٹھور کی زیر صدارت ہوا جس میں آئندہ سیشن کیلئے بی ایس سی نرسنگ 4 سالہ ڈگری پروگرام کے داخلوں کے شیڈول کی منظوری دی گئی۔ مزید برآں بی ایس سی نرسنگ دو سالہ اور چار سالہ پروگرامز کے امتحانی کیلنڈر 2024ء کی بھی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں الحاق شدہ سرکاری اور نجی نرسنگ کالجوں کے سربراہان نے شرکت کی۔ شرکاء کو بتایا گیا کہ پنجاب بھر میں بی ایس سی نرسنگ چار سالہ ڈگری پروگرام کے داخلے [illegible] پہلی میرٹ لسٹ نومبر کے تیسرے ہفتے میں اور داخلوں کیلئے آخری میرٹ لسٹ 31 دسمبر کو جاری کی جائیگی۔ خزاں سمسٹر کے لیے کلاسوں کا آغاز 13 جنوری 2025ء سے جبکہ بہار سمسٹر کے لیے کلاسز کا آغاز یکم جولائی 2025ء سے ہوگا۔ مزید برآں بی ایس سی نرسنگ کے امتحانی کیلنڈر 2024 کی بھی منظوری دی گئی جس کے مطابق فرسٹ پروفیشنل کے سالانہ امتحانات مارچ 2025ء کے پہلے ہفتے، سیکنڈ پروفیشنل [illegible] جون 2025ء کے دوسرے ہفتے میں ہوں گے۔ ایوننگ سیشن بی ایس سی نرسنگ 4 سالہ پروگرام کے فرسٹ پروفیشنل کے سالانہ امتحانات اکتوبر 2024ء کے دوسرے ہفتے میں ہوں گے۔ اس موقع پر صوبے میں نرسنگ کی فیکلٹی کی ڈویلپمنٹ کیلئے اہم اقدامات کی بھی منظوری دی گئی۔ یہ فیصلہ کیا گیا کہ یو ایچ ایس کے آفیشل جرنل بائیو میڈیکا میں نرسنگ کے ریسرچ پیپرز کیلئے ایک علیحدہ سیکشن مختص کیا جائے گا۔ ۔۔۔ ایجوکیشن قائم کیا جائے گا جو فیکلٹی کی تربیت کے پروگرام ترتیب دے گا اور اس حوالے سے ہر چھ ماہ بعد اپنی رپورٹ یونیورسٹی میں جمع کرائے گا۔ مزید برآں مستقبل قریب میں نرسنگ کا ایک علیحدہ ریسرچ جرنل جاری کیا جائے گا۔ وائس چانسلر یو ایچ ایس پروفیسر احسن وحید راٹھور نے اعلان کیا کہ یونیورسٹی کی نرسنگ فیکلٹی تشکیل دی جائے گی۔ فیکلٹی کی رجسٹریشن ایک پورٹل کے ذریعے ہوگی۔ دو سالہ پوسٹ آر این نرسنگ ۔۔۔ کیا کہ یہ ڈگری حاصل کرنے والے طلبہ سے یو ایچ ایس انگریزی، مطالعہ پاکستان اور اسلامیات کے لازمی مضامین کا خصوصی امتحان لے گی۔ یہ امتحان صرف ایک مرتبہ ہی لیا جائے گا جس کے بعد ان گریجویٹس کو ایچ ای سی سے بی ایس سی کی ایکولینس مل سکے گی۔ مزید برآں ان تینوں مضامین کو پوسٹ آر این نرسنگ کے نصاب میں بھی شامل کیا جائے گا۔

عزیر احمد گجر صدر، غلام حسین بخاری جنرل سیکرٹری، ہمراہ ممبران بار ایسوسی ایشن بھلوال چیف جسٹس ہائی کورٹ مس عالیہ نیلم کے ساتھ ملاقات کر رہے ہیں اور اپنے مسائل پیش کریں گے

فیشن کالج کے طلبہ کا پی ایچ اے آرٹ گیلری کا دورہ

لاہور (سپیشل رپورٹر) پاکستان انسٹیٹیوٹ آف فیشن اینڈ ڈیزائن کے طلبہ نے ناصر باغ میں واقع پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی لاہور کی جانب سے ناصر باغ میں کھولی گئی آرٹ گیلری کا دورہ کیا۔ یہاں جاری ایک بیان میں ترجمان نے بتایا کہ پی آئی ایف ڈی کے طلبہ نے نامور مصورہ حمرا عباس کی نمائش "پانی، ہوا اور دیگر ماحولیات" کا مشاہدہ کیا۔ نمائش کو عالمی شہرت یافتہ پاکستانی مصور عمران قریشی نے کیوریٹ کیا ہے۔ طلبہ نے نمائش میں رکھے گئے فن پاروں میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ نمائش مصورہ کی تخلیقی صلاحیتوں اور دور جدید کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈیزائن کی گئی ہے۔ فنون لطیفہ خصوصاً مصوری کی نمائشیں ثقافت کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ طلبہ نے مزید کہا کہ فن و ثقافت کی ترویج معاشرے کی فکری مضبوطی اور قومی شناخت کو اجاگر کرنے کے لیے ضروری ہے۔ عوام کے علاوہ غیر ملکی سفرا کی نے بھی فن پاروں میں دلچسپی ظاہر کی ہے۔

کمشنر پنجاب سوشل سکیورٹی محمد علی کا دورہ فیصل آباد مزدوروں کے مسائل کے فوری حل کے لئے عملی اقدامات کا جائزہ لیا

لاہور (این این آئی) کمشنر پنجاب سوشل سکیورٹی محمد علی کا دورہ فیصل آباد مزدوروں کے مسائل کے فوری حل کے لئے عملی اقدامات کا جائزہ لیا کمشنر پیسی کا مدر اینڈ چائلڈ مدینہ ٹاؤن اور کلاش ہسپتال میڈیکل سنٹر کا تفصیلی معائنہ کیا تینوں ڈائریکٹوریٹس کا دورہ بھی کیا اور سروسز اور انفراسٹرکچر کے معیار کا جائزہ لیا پیپلز کالونی میڈیکل سنٹر کی خستہ حالت پر ناراضگی کا اظہار بلڈنگ کی فوری مرمت کی ہدایت فیصل آباد کلاش فیکٹری کے دورہ کے دوران مزدور نمائندوں سے ملاقات مزدوروں کے مسائل کے فوری حل کے لئے ہیڈ آفس میں شکایت سیل قائم کرنے کا اعلان فیصل آباد کمشنر پیسی محمد علی کی ہسپتالوں، ڈسپنسریوں اور دفاتر میں صفائی اور سروس ڈیلیوری کے اعلیٰ معیار کی بھی ہدایات کیں مدینہ ٹاؤن میں واٹر فلٹریشن پلانٹ اور کلاش ہسپتال میں آپریشن تھیٹر کا بھی افتتاح کیا مریضوں کی عیادت کی اور اہل خانہ سے ہسپتالوں میں ملنے والی سہولیات بارے دریافت کیا کلاش ہسپتال میں مریضوں کے رش کے باعث ہسپتال کا توسیعی منصوبہ تیار کرنے کی ہدایت فیصل آباد ہسپتالوں کے میڈیسن سٹورز میں ادویات کی فراہمی کا بھی جائزہ ڈاکٹرز و پیرا میڈیکس کی حاضری اور ریکارڈ کی بھی چیکنگ کی کمشنر سوشل سکیورٹی کا ڈاکٹرز، نرسز و دیگر سٹاف کو حاضری یقینی بنانے کی ہدایت کی۔

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد کا ویئر ہاؤس کا دورہ/گورنمنٹ کالج کالیکی منڈی کا دورہ

چیف آفیسر ضلع کونسل شہزاد اختر تارڑ اور محکمہ بلڈنگ کے افسران بھی انکے ہمراہ تھے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے ضلع کونسل کے تعمیر ہونے والے ویئر ہاؤس اور زیر تعمیر گورنمنٹ گرلز کالج کالیکی منڈی کے منصوبے کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے تعمیراتی کام کی کوالٹی کا جائزہ لیا۔ گورنمنٹ کالج کی تعمیر کے اس منصوبے پر 184 ملین کی لاگت آئیگی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ تصور عباس، چیف آفیسر ضلع کونسل شہزاد اختر تارڑ اور محکمہ بلڈنگ کے افسران بھی انکے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے ضلع کونسل میں تعمیر ہونے والے نئے ویئر ہاؤس کی سائٹ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے ویئر ہاؤس کے کام کی کوالٹی کو چیک کیا۔ سی او ضلع کونسل کو نئے تعمیر ہونے والے ویئر ہاؤس بارے بریفنگ بھی دی۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے 184 ملین کی لاگت سے نئے تعمیر ہونے والے گورنمنٹ گرلز کالج کالیکی کے منصوبے کا بھی دورہ کیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اور محکمہ بلڈنگز کے افسران نے ڈپٹی کمشنر کو کالج کے منصوبے بارے بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے تعمیر ہونے والے کالج کے کلاس رومز، سائنس لیب اور دیگر حصوں کا دورہ کرتے ہوئے کوالٹی آف ورک کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے محکمہ بلڈنگز کے افسران کو ہدایت کی کہ کالج کے اس منصوبے کو جلد از جلد مکمل کیا جائے اور اس کے تعمیراتی کام کی کوالٹی کو ہر لحاظ سے یقینی بنایا جائے۔ کالج کی تعمیر میں کسی بھی قسم کے ناقص میٹریل کا استعمال نہ کیا جائے۔ انکا کہنا تھا کہ کالج کے اس منصوبے کی تکمیل سے کالیکی منڈی اور گردونواح دیہات کی طالبات بہتر اور احسن طریقے سے تعلیم حاصل کر سکیں گی اور انہیں دور دراز شہر کے کسی کالج کا بھی سفر نہیں کرنا پڑے گا اس لیے محکمہ تعمیرات کے افسران اور متعلقہ کنٹریکٹر معیار کے مطابق اس کی تعمیر کو جلد از جلد مکمل کرے۔

حافظ آباد: یوم دفاع پاکستان منانے کیلئے پروگرام ترتیب دیدیا گیا

6 ستمبر کو ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او پرچم کشائی اور ریلی کی قیادت کرینگے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے 6 ستمبر یوم دفاع بھرپور ملی جوش و جذبے سے منانے کے لیے پروگرام ترتیب دے دیا گیا۔ پرچم کشائی کی مرکزی تقریب ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں منعقد ہو گی جہاں ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او پرچم کشائی اور ریلی کی قیادت کرینگے۔ یوم دفاع کی مناسبت سے محکمہ تعلیم، محکمہ سپورٹس، محکمہ صحت اور دیگر تمام محکموں کی جانب سے بھی پروگرام منعقد کیے جائینگے۔ تعلیمی اداروں میں افواج پاکستان اور پنجاب پولیس کے شہداء کو انکی لازوال قربانیوں پر خراج تحسین پیش کرنے کے لیے تقریری مقابلے، ملی نغمیں اور دیگر پروگرام منعقد کیے جائینگے جبکہ تمام محکموں کی جانب سے ریلیاں بھی نکالی جائینگی۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے ضلعی محکموں کے تمام افسران کو یوم دفاع بھرپور ملی جوش و جذبے سے منانے کی ہدایات جاری کی ہیں۔

ایک لڑکی الحمراء آرٹ گیلری میں لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی کے شعبہ ٹیکسٹائل ڈیزائن کی طالبات کے ڈگری شو میں رکھی گئی مصنوعات دیکھ رہی ہے

لاہور اور اسلام آباد کے ائیرپورٹس پر مسافروں سے بھاری منشیات برآمد

لاہور ائیرپورٹ پر مسافر سے 544 گرام آئس، اسلام آباد ائیرپورٹ پر خاتون مسافر سے 53 ہیروئن بھرے کیپسولز برآمد

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور کے علامہ اقبال ائیرپورٹ پر جدہ جانے والے مسافر کے بیگ سے 544 گرام آئس برآمد کر لی گئی۔ اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے مختلف کارروائیوں 24 لاکھ روپے مالیت کی منشیات برآمد کر لی۔ لاہور ائیرپورٹ پر مسافر سے 544 گرام آئس اور اسلام آباد ائیرپورٹ پر خاتون مسافر سے 53 ہیروئن بھرے کیپسولز برآمد ہوئے۔ دونوں مسافر جدہ جا رہے تھے۔ سیالکوٹ کے جنرل پوسٹ آفس (جی پی او) سے بحرین بھیجے جانے والے پارسل سے 470 گرام آئس برآمد کر لی گئی۔ شکار پور روڈ پر واقع ہوٹل کے قریب کار کے خفیہ خانوں سے 26 کلو 400 گرام چرس برآمد ہوئی۔ کار میں منشیات لے جانے والے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ اے این ایف کے مطابق برآمد شدہ منشیات کی بین الاقوامی مالیت 24 لاکھ روپے سے زائد بنتی ہے۔ ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے مزید تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

لائیو سٹاک سیکٹر ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ ثاقب علی عطیل

سیکرٹری لائیو سٹاک ثاقب علی عطیل کا ویٹرنری یونیورسٹی لاہور کا دورہ

لاہور (خبر نگار) سیکرٹری لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈیویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ پنجاب ثاقب علی عطیل نے گذشتہ روز یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور کا دورہ کیا اور وائس چانسلر میری ٹوریئس پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس (تمغہ امتیاز) سمیت سینئر فیکلٹی ممبران سے ملاقات کی۔ دریں اثناء اجلاس کا انعقاد ہوا جس کی صدارت سیکرٹری لائیو سٹاک نے کی جس میں ڈین فیکلٹی آف ویٹرنری سائنس پروفیسر ڈاکٹر انیلہ ضمیر درانی سمیت دیگر یونیورسٹی کے سینئر فیکلٹی ممبران، محکمہ لائیو سٹاک سے آفیشل کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری لائیو سٹاک ثاقب علی عطیل نے کہا کہ لائیو سٹاک سیکٹر ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور اسی فیصد غریب مویشی پال حضرات اسی شعبہ سے منسلک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لائیو سٹاک سیکٹر کی ترقی کے لیے موسمی تبدیلی، دودھ دینے والے مویشیوں کی جینیاتی بہتری، سسٹین ایبلیٹی، آٹومیشن، آرٹیفیشل انٹیلی جنس اور متبادل چارہ کی پروڈکشن سے متعلقہ امور پر تحقیقی کام کرنے کی اشد ضرورت ہے نیز کہا کہ لائیو سٹاک سیکٹر کو منہ کھر جیسی مہلک بیماریوں سے بچانے کے لیے موثر ویکسین کی تیاری اور گوشت کی برآمد کو بڑھانا محکمہ لائیو سٹاک کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ثاقب علی عطیل نے مزید کہا کہ ویٹرنری یونیورسٹی اپنی تعلیم و تحقیق اور ماہر افرادی قوت کو بروئے کار لاتے ہوئے لائیو سٹاک سیکٹر کی ترقی میں اپنا کلیدی کردار ادا کرے۔ دریں اثناء سیکرٹری لائیو سٹاک نے پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس اور ڈائریکٹر انفارمیشن ٹیکنالوجی محمد رضوان سلیم سمیت دیگر حاضرین کے ہمراہ ڈیجیٹل آٹومیشن آف انٹرشپ مینجمنٹ سسٹم اور دودھ کی سپلائی مینجمنٹ سسٹم کا افتتاح بھی کیا جو کہ ڈائریکٹوریٹ انفارمیشن ٹیکنالوجی نے یونیورسٹی کی ویٹرنری فیکلٹی کے باہمی اشتراک سے ڈیویلپ کیا۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس نے کہا کہ ویٹرنری یونیورسٹی نے ہمیشہ ہی محکمہ لائیو سٹاک پنجاب کے شانہ بشانہ کام کیا ہے اور سیکٹر کو درپیش چیلنجز کے حل کے لیئے ہمہ وقت آمادہ ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر انیلہ ضمیر درانی نے اینٹی بائیوٹکس اور لائیو سٹاک پنجاب پالیسی پر سنجیدگی سے کام کرنے پر زور دیا نیز کہا کہ یونیورسٹی نے ڈاکٹر ویٹرنری کے نصاب کو دور حاضر کے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے حال ہی میں بین الاقوامی ویٹرنری آرگنائزیشن اور ہونہار طلبہ کی مدد سے خلا کی نشاندہی کی اور نصاب میں مختلف اپ ڈیٹڈ موضوعات شامل کیئے ہیں۔

اے ایس پی ٹاؤن شپ ڈاکٹر خدیجہ کیپریس کانفرنس

آن لائن فراڈ کرنے والا گروہ انڈسٹریل ایریا پولیس نے گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) اے ایس پی ٹاؤن شپ ڈاکٹر خدیجہ کیپریس کانفرنس میں بتایا آن لائن فراڈ کرنے والا گروہ انڈسٹریل ایریا پولیس نے گرفتار کر لیا، ملزمان تاجروں سے تعلقات استوار کرتے پھر خریداری کر کے فراڈ کرتے تھے ملزمان خریداری کی جعلی واٹس ایپ اور چیز کیش سلپ بنا کر بھجوا دیتے تھے ملزمان میں حاجی صدیق، عثمان علی، عباد اور آصف شامل، ملزمان ڈکیتی، فراڈ سمیت متعدد مقدمات میں چالان ہو چکے ہیں، ملزمان کے قبضے سے لاکھوں کی نقدی اور ہتھیایا جانے والا سامان برآمد کیا ہے ملزمان کو گرفتار کرنے پر ایس ایچ او شبیہ رضا اور ٹیم کو شاباش۔

لاہور میں ڈکیتی کے دوران لڑکی کو زیادتی کا نشانہ بنانے والے ملزم گرفتار

ملزم حمزہ مشتاق کو ہیومن انٹیلی جنس اور جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے گرفتار کیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور میں ڈکیتی کے دوران لڑکی کو زیادتی کا نشانہ بنانے والے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق لاہور کے علاقے اچھرہ میں ملزم حمزہ مشتاق نے ڈکیتی کی واردات کے دوران لڑکی سے زیادتی کی تھی۔ گرفتار ملزم لاہور کے مختلف تھانوں میں 62 مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہے۔ ملزم حمزہ مشتاق کو ہیومن انٹیلی جنس اور جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے گرفتار کیا گیا۔ ملزم سے تفتیش جاری ہے اور مزید انکشافات کی توقع ہے۔

گلشن راوی پولیس کے سب انسپکٹر قاسم نے 15 کی کال پر فوری ریسپانس کرتے ہوئے ڈاکوؤں کو گرفتار کر لیا

لاہور (خالد صمدانی سے) گلشن راوی پولیس کے سب انسپکٹر قاسم نے 15 کی کال پر فوری ریسپانس کرتے ہوئے ڈاکوؤں کو گرفتار کر لیا ملزمان کو ویڈیو میں گن پوائنٹ پر واردات کرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے ملزمان نے عثمان پارک گلشن راوی گھر کے باہر لڑکے سے گن پوائنٹ پر موبائل فون چھینا ملزمان کو واردات کرنے کے کچھ گھنٹوں بعد ہی سی سی ٹی وی کیمروں اور جدید ٹیکنالوجی سے گرفتار کرایا گیا ملزمان تابش اور ناصر سے چھینی ہوئی 02 موٹر سائیکل چھینا ہوا موبائل نقدی اور 02 پستول بمعہ گولیاں برآمد، ملزمان تابش اور ناصر کے خلاف مقدمات درج مزید تفتیش جاری ایس پی اقبال ٹاؤن کی ایس ایچ او گلشن راوی عدیل انجم سب انسپکٹر محمد قاسم جٹ اور پولیس ٹیم کو شاباش سٹریٹ کرائم کو کنٹرول کرنا اولین ترجیحات میں شامل ہے، ایس پی اقبال ٹاؤن بلال احمد

محقق اسلام مولانا الحاج محمد علی نقشبندی کا سالانہ عرس

عرس کی تقریبات 6 ستمبر کو جامعہ رسولیہ شیرازیہ میں منعقد ہوں گی

لاہور (سٹاف رپورٹر) محقق اسلام مولانا الحاج محمد علی نقشبندی کا سالانہ عرس۔ عرس کی تقریبات 6 ستمبر کو جامعہ رسولیہ شیرازیہ میں منعقد ہوں گی۔ عرس کی تقریبات نماز مغرب کے بعد شروع ہوں گی۔ نامہ علمائے کرام، حفاظ اور قراء کرام شرکت کریں گے۔ شیخ الحدیث مولانا الحاج محمد علی نقشبندی کی دینی خدمات پر خراج عقیدت پیش کیا جائیگا۔

سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری، داتا دربار کے تعمیراتی امور کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

داتا دربار کے تعمیراتی پراجیکٹ میں پائل ورک کا آغاز

مدینہ فاؤنڈیشن کی طرف سے پیش کردہ پائلنگ کا ڈیزائن نیسپاک منظور کرائیگا

لاہور (سپیشل رپورٹر) داتا دربار کے تعمیراتی پراجیکٹ میں پائل ورک کا آغاز، مدینہ فاؤنڈیشن کی طرف سے پیش کردہ پائلنگ کا ڈیزائن نیسپاک منظور کرائیگا۔ داتا دربار میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے سیکرٹری/چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے کہا کہ داتا دربار پراجیکٹ کی مقررہ ٹائم لائن میں تکمیل ہوگی۔ زائرین کی سہولت ہر حال میں مقدم ہے۔ خانقاہ علی ہجویری خطے میں ممتاز و معتبر مقام کی حامل ہے، ڈویلپمنٹ شایان شان ہوگی۔ سپرویژن کے لیے اوقاف، نیسپاک کے انجینئرز ہمہ وقت ڈیوٹی پر مامور ہیں۔ انہوں نے داتا دربار کے جاری تعمیراتی امور بروقت پایہ تکمیل تک پہنچانے پر شعبہ انجینئرنگ اوقاف، مدینہ فاؤنڈیشن، داتا دربار ایڈمنسٹریشن اور میسرز انجم حفیظ کی کاوشوں کو سراہا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر پراجیکٹس اوقاف نے مزار شریف کی ڈویلپمنٹ کی بابت بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ داتا دربار کی تزئین و آرائش کا 272 ملین پر محیط یہ پراجیکٹ تین حصوں پر مشتمل ہے، جس میں پہلا مرحلہ Dismantling کا تھا جو کہ مکمل ہو چکا، دوسرا مرحلہ پائل فاؤنڈیشن، جبکہ تیسرا مرحلہ سپر سٹرکچر کا ہے۔ مزید یہ کہ پائل فاؤنڈیشن کے امور کی جلد از جلد تکمیل کا اہتمام کرتے ہوئے، سپر سٹرکچر کے مرحلے کو شروع کیا جائے گا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر پراجیکٹس اوقاف رفیق نور وٹو، گروپ ایڈوائزر مدینہ فاؤنڈیشن محمد اسلم ترین، ایڈمنسٹریٹر داتا دربار شاہد حمید ورک، منیجر داتا دربار شیخ محمد جمیل، میسرز انجم حفیظ کے انجینئر شہزاد حفیظ، ایکسین ہیڈ کوارٹر رانا زوہیب، ایس ڈی او داتا دربار راؤ عمران

ایل ڈی اے کا گلشن راوی میں غیر قانونی کمرشل عمارتوں/کمرشل فیس نادہندگان کے خلاف آپریشن، 16 املاک سربمہر کر دیں

شہر میں غیر قانونی کمرشل عمارتوں/کمرشل فیس نادہندگان کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق

لاہور (خبر نگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایات پر ایل ڈی اے ٹیموں نے گزشتہ روز گلشن راوی میں غیر قانونی کمرشل عمارتوں/کمرشل فیس نادہندگان کے خلاف آپریشن کر کے 16 املاک سربمہر کر دیں۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے گلشن راوی کے مختلف بلاکوں میں غیر قانونی کمرشل املاک/کمرشل فیس کی عدم ادائیگی پر آپریشن کیا۔ سیل کی گئی املاک میں نجی سکول، مٹن شاپ، آئل شاپ، بیکری، کیفے، رستوران، آٹو ورکشاپ، گارمنٹس شاپس اور دیگر شامل ہیں۔ سیل کی گئی املاک کے ذمے کمرشل فیس کی مد میں لاکھوں روپے کی ادائیگیاں باقی ہیں۔ آپریشن سے پہلے ان املاک کو متعدد نوٹسز دیے گئے تھے۔ آپریشن چیف ٹاؤن پلانر ون اسد الزمان کی زیر نگرانی ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ زون ون عائشہ مطاہر نے کیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے کی ہدایت پر شہر میں غیر قانونی کمرشل عمارتوں/کمرشل فیس نادہندگان کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔

لاہور پولیس کے زیر انتظام 19 خدمت مراکز میں شہریوں کو 14 ڈیجیٹل خدمات 24 فراہم کی جا رہی ہیں

رواں سال اب تک 06 لاکھ 38 ہزار سے زائد شہری خدمت مراکز سے پولیسنگ سہولیات حاصل کر چکے ہیں، ترجمان

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور پولیس کے زیر انتظام 19 خدمت مراکز میں شہریوں کو 14 ڈیجیٹل خدمات فراہم کی جا رہی ہیں۔ اس سلسلے میں رواں سال اب تک 06 لاکھ 38 ہزار سے زائد شہری خدمت مراکز سے پولیسنگ سہولیات حاصل کر چکے ہیں۔ یہ بات ترجمان لاہور پولیس نے جاری اپنے بیان میں کہی۔ ترجمان نے بتایا کہ خدمت مراکز پر ایک چھت تلے پولیس کریکٹر سرٹیفکیٹ، جنرل پولیس ویری فکیشن، وہیکل ویری فکیشن، گمشدگی رپورٹ، کرائم رپورٹ، خواتین کی قانونی راہنمائی، ایف آئی آر کی نقول، کرایہ داری اور گھریلو ملازمین کے اندراج، لرنر ڈرائیونگ، نیو ریگولر ڈرائیونگ لائسنس کا حصول، ڈرائیونگ لائسنس کی تجدید، ڈوپلیکیٹ ڈرائیونگ لائسنس اور انٹرنیشنل ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کی خدمات فراہم کی جا رہی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق رواں سال 73 ہزار سے زائد شہریوں نے پولیس کریکٹر سرٹیفکیٹس حاصل کئے ہیں اور 01 لاکھ 24 ہزار سے زائد شہریوں نے پولیس ویریفکیشن کروائی ہے۔ 472 شہریوں نے کرائم رپورٹ، 11 ہزار سے زائد شہریوں نے دستاویزات کی گمشدگی کا اندراج کروایا ہے اور 08 ہزار سے زائد شہریوں نے ایف آئی آرز کی نقول حاصل کی ہیں۔ اس دوران 02 لاکھ 12 ہزار سے زائد لرننگ لائسنس ایشو کیے گئے ہیں۔ 01 لاکھ 21 ہزار سے زائد شہریوں کو ڈرائیونگ لائسنس ایشو کیے گئے ہیں جبکہ 67 ہزار سے زائد لائسنس رینیو کیے گئے ہیں۔ 03 ہزار سے زائد شہریوں کو ڈوپلیکیٹ لائسنس جاری کیے گئے اور 13 ہزار سے زائد انٹرنیشنل ڈرائیونگ لائسنس کا اجراء کیا گیا ہے۔ اسی طرح 02 ہزار سے زائد شہریوں نے کرایہ داری کا اندراج کروایا جبکہ 273 شہریوں نے ڈمیسٹک ویریفکیشن کروائی ہے۔ سی سی پی او لاہور نے کہا ہے کہ پولیس خدمت مراکز شہریوں کو مفید ڈیجیٹل خدمات کی فراہمی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کرکٹ میچز کی سکیورٹی کے حوالے سے سنٹرل پولیس آفس میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

TEVTA

Government of the Punjab

TEVTA

Invitation to Bid

Technical Education & Vocational Training Authority (TEVTA) invites encrypted electronic bids under **single stage two envelopes** national competitive bidding procedure from active tax bidders registered on e-Punjab Acquisition and Disposal System (e-PADS) and also registered with Income Tax and Sales Tax Department for supply and installation (where applicable) of Machinery & Equipment of following package at the places specified by the procuring agency in the Form of Bid:

Package No.	Package Name	Estimated Amount (Rupees)	Bid Security (Rupees)	e-Bid Opening Date & Time
TEVTA / PC/ 703 (2) 2024-25	IT Equipment	11,285,000	225,700	20-09-2024 at 11:00 A.M

- Bidding documents are available on e-PADS and PPRA Website i.e. www.ppra.punjab.gov.pk and can be downloaded free of cost.
- Encrypted electronic bids duly completed and in conformity with Bidding Documents must be submitted online on e-Punjab Acquisition and Disposal System (e-PADS) website i.e., https://punjab.eprocure.gov.pk till 10:30 A.M dated 20 September, 2024 and e-bids shall be opened as per above mentioned schedule.
- Detailed terms & conditions, method of procurement, procedure for submission of e-bids, bid validity, and other information are available in bidding documents.
- Original bid security in favor of Chairperson TEVTA in the shape of Bank Guarantee/CDR/ Bankers Cheque/Pay Order/Demand Draft of the above mentioned amount must be submitted physically at the below mentioned address well before the date and time of submission of e-bids. E-Bids submitted through e-PADS shall only be entertained / accepted.
- Bidders are advised to ensure uploading the e-bid on e-PADS Portal, well before the submission deadline, and not wait for the last date and time to upload the e-bid. E-Bid submission on E-PADS Portal shall entirely be the responsibility of the bidder. TEVTA shall not be held responsible for any issues thereof.

ADG (PROCUREMENT) IPL 8394

TECHNICAL EDUCATION AND VOCATIONAL TRAINING AUTHORITY
96-H, Gulberg-II, Lahore 54000.Tel: 042-99263073
Tel: 042-99263055-59 (Ext-310 & 413)
E-mail: adg.proc@tevta.gop.pk

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
روزنامہ قوت لاہور (3) 5 ستمبر 2024ء

سیالکوٹ میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالجز انٹری ٹیسٹ 22 ستمبر کو ہونگے

مجموعی طور 2 ہزار 432 طلباء وطالبات حصہ لیں گے، جن 1956 فی میل اور 476 میل اسٹوڈنٹس شامل ہیں، ایم ڈی کیٹ امتحان میں دیانت داری کو برقرار رکھنے اور شفافیت کو یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں گے، ڈپٹی کمشنر

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ضلع سیالکوٹ میں میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالجز انٹری ٹیسٹ 22 ستمبر کو گورنمنٹ کالج وویمن یونیورسٹی سیالکوٹ میں منعقد ہوں گے، جس میں مجموعی طور 2 ہزار 432 طلباء وطالبات حصہ لیں گے جن 1956 فی میل اور 476 میل اسٹوڈنٹس شامل ہیں۔ یہ بات ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد ذوالقرنین اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ رانا عمر فاروق کی زیر صدارت ایم ڈی کیٹ انٹری ٹیسٹ 2024ء کے پرامن اور شفاف انعقاد کیلئے انتظامی و سیکورٹی امور کے لائحہ عمل کو شکیل دینے کیلئے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے بتائی۔ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد ذوالقرنین نے کہا کہ ایم ڈی کیٹ امتحان میں دیانت داری کو برقرار رکھنے اور شفافیت کو یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں گے اور اس ضمن میں تمام محکموں کو ذمہ داریاں تفویض کی گئیں ہیں وہ اس قومی و آئینی ذمہ داریوں کو ایمانداری سے انجام دیں گے اور سلسلہ میں غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

ترقی یافتہ خوشحال پاکستان کیلئے قوم کو ملکر جدوجہد کرنی ہوگی، میاں خالد محمود

ہمارے اجداد نے بے شمار قربانیوں کے بعد یہ ملک حاصل کیا ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) استحکام پاکستان پارٹی کے مرکزی ایڈیشنل جنرل سیکرٹری و سابق صوبائی وزیر میاں خالد محمود نے کہا ہے کہ ملک کی ترقی خوشحالی اور بہتری کیلئے پوری قوم کو ملکر جدوجہد کرنی ہوگی وہی ریاستیں ترقی پاتی ہیں جہاں قومیں جدوجہد اور ملکر کاوشیں کرتی ہیں یہ وقت قومی اتحاد اور محنت کرنے کا ہے، اپنے نسلوں کے بہتر مستقبل اور ملک کو سنبھالنے کیلئے ہمیں متحد ہونا پڑیگا ہمارے اجداد نے بے شمار قربانیوں کے بعد یہ ملک حاصل کیا ہے اس کی ترقی، حفاظت اور سلامتی اب ہمارے ذمہ ہے جب سب ملکر کام کریں گے تو وہ وقت دور نہیں جب ملک سے غربت، مہنگائی اور بیروزگاری کا خاتمہ ہوگا، پاکستان ہر مذہب اور عقیدے کے ماننے والوں کو برابر کے حقوق دیتا ہے پاکستان کے سبز ہلالی پرچم میں سفید رنگ مختلف مذاہب کی نمائندگی کرتا ہے، جو اس بات کا مظہر ہے کہ سب پاکستانی ہیں اور کسی بھی قسم کی تفریق نہیں کی جاتی مذہبی ہم آہنگی اور رواداری کے فروغ کیلئے پختہ عزم اور بھرپور جدوجہد کی ضرورت ہے جس کیلئے تمام اسٹیک ہولڈرز کو کردار ادا کرنا ہوگا اپنے مذہب یا عقیدے کی بنیاد پر تعصب یا تشدد کو روکنا ہوگا معاشرے میں محبت، رواداری اور بھائی چارے کو فروغ دینا ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے مذہبی تفریق اور نفرت کو ہوا دینے کی کوشش کرنے والوں کو شکست دینا ضروری ہے عوام تشدد اور تعصب کے خلاف کھڑے ہوں اور ایک پرامن اور محفوظ معاشرے کے قیام کیلئے اپنا کردار ادا کریں۔

محکمہ ہیلتھ شیخوپورہ کے ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ساجد جٹ نے انفارمیشن ایکٹ کے احکامات کو ماننے سے انکار کر دیا

پرائیویٹ ہسپتال متعدد بار سیل ہونے کے باوجود محکمانہ ملی بھگت سے چند گھنٹوں میں دوبارہ ڈی سیل، شہری کی درخواست پر ڈی ڈی او کا معلومات دینے سے انکار

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) محکمہ ہیلتھ شیخوپورہ کے ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ساجد جٹ نے انفارمیشن ایکٹ کے احکامات کو ماننے سے انکار کر دیا تفصیلات کے مطابق شیخوپورہ کے ایک رہائشی نے بھکھی روڈ شیخوپورہ پر واقع پرائیویٹ ہسپتال جو کہ متعدد بار انسانی صحت اور زندگیوں کو نقصان پہنچانے کی وجہ سے محکمہ ہیلتھ اور پولیس کی کاروائی سے بند ہوا اور اس کے مالک ڈاکٹر مشتاق ہمایوں جو کہ ہومیو پیتھک ڈاکٹر ہو کر سرجن کے فرائض بھی انجام دیتا ہے کے خلاف متعلقہ تھانہ میں متعدد نامزد ایف آئی آر کا بھی اندراج ہوا مگر ملی بھگت سے ڈاکٹر مشتاق ہمایوں چند گھنٹوں بعد ہی ہسپتال کھول لیتا اس کے سیل ہونے اور ڈی سیل کی معلومات حاصل کرنے کے لیے شہری نے چیف ایگزیکٹیو آفیسر محکمہ ہیلتھ شیخوپورہ کو درخواست دی معلومات کی فراہمی کے لیے جس پر انہوں نے زبانی طور کہا کہ آپ درخواست ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کو دیں یہ کام ان کا ہے جس پر درخواست دہندہ نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کو معلومات کی فراہمی کی درخواست دی جو ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ساجد جٹ کو مارک ہوئی درخواست دہندہ نے ڈی ڈی ایچ او کے دفتر کے چکر لگانے شروع کر دیئے درخواست دہندہ کو روزانہ دفتر کا عملہ لالی پاپ دیتا رہا کبھی آپ کو دیر ہوگئی صاحب ابھی نکلے ہیں آپ کل آجاو دوسرے دن انتظار کروا کر تھکنے پر پھر دوسرے دن آنے کا کہہ دیتے خدا خدا کر کے جب ڈی ڈی ایچ او سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے صاف انکار کر دیا کہ معلومات نہیں دونگا جب ان سے درخواست کا جواب تحریری طور پر لکھ کر دینے کو کہا تو ڈی ڈی ایچ او ساجد جٹ نے صاف انکار کر دیا جس پر درخواست دہندہ نے کمشنر پنجاب انفارمیشن کمیشن لاہور کو درخواست ارسال کر دی درخواست دہندہ کا کہنا ہے کہ ڈاکٹر مشتاق ہمایوں کے ہسپتال کو محکمہ ہیلتھ نے کاروائی کر کے متعدد بار بند کیا محکمہ نے جتنی بار بھی بند کیا ڈاکٹر مشتاق ہمایوں نے چند گھنٹوں بعد ہسپتال کھول لیا اور دوسرے دن ہسپتال کے نام میں تھوڑی بہت تبدیلی کر کے نیا نام دے دیا کیا یہ ملی بھگت ہے یا ڈاکٹر مشتاق ہمایوں کی ذات قانون سے بالاتر ہے۔

اختر مینگل کا اسمبلی رکنیت سے مستعفی ہونا پارلیمانی سیاست کے مستقبل پر سوالیہ نشان ہے سید آفتاب عظیم بخاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان فلاح پارٹی کے رہنما سید آفتاب عظیم بخاری نے کہا ہے کہ اختر مینگل کا اسمبلی رکنیت سے مستعفی ہونا پارلیمانی سیاست کے مستقبل پر سوالیہ نشان ہے، پاکستان کے سب سے سپریم ادارے کے رکن کا اظہار بے بسی تشویشناک حالات کی واضح نشاندہی ہے، بلوچستان کے حالات پر ہمیں جذباتی ہونے اور بزور بازو مسائل کے حل کی بجائے انتہائی فہم وفراست سے کام لینا ہوگا بلوچستان کی محرومی دور کرنے اور انکے مسائل کے حل کیلئے ہمیں بلوچ سیاسی رہنماؤں کی آواز پر توجہ دینا ہوگی اگر اختر مینگل اور بلوچستان کے لوگوں کے گلے شکوے ہیں تو انہیں پارلیمنٹ میں حل کیا جانا چاہیے بلوچستان میں بڑھتی مایوسی اور بڑھتی دہشت گردی دونوں وفاق کے لئے کسی صورت مناسب نہیں۔

عقیدہ ختم نبوتؐ اور شان رسالتؐ کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں، خالد خان

وزیر آباد (نامہ نگار) جماعت اسلامی اٹلی کے رہنما خالد خان نے کہا ہے کہ اسلامیان پاکستان غلبہ دین عقیدہ ختم نبوتؐ اور شان رسالتؐ کے تحفظ کے لئے کبھی کوئی کمپرومائز نہیں کرینگے حافظ نعیم الرحمن نے قوم کو نیا ولولہ دیا ہے نوجوانوں کو ساتھ ملا کر کرپشن اور ظلم کے خلاف جدوجہد کرینگے پاکستان بھر میں ممبر شپ مہم نے نیا حوصلہ دیا ہے ہر نوجوان جماعت اسلامی کا ساتھ دینے کا عہد کرے تو تبدیلی جلد آسکتی ہے وہ معروف آباد میں نوجوانوں کی تقریب اور میڈیا سے گفتگو کر رہے تھے۔

پرنسپل اسپائر کالج ساہیوال رانا ساجد سلمان سے سینئر صحافی ذاکر حسین کھوکھر کی ملاقات

تعلیم انسان کیلئے ایک ایسا عطیہ خداوندی ہے جس کے بغیر انسانی بقا ناممکن ہے، رانا ساجد سلمان

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا اے) پرنسپل اسپائر کالج ساہیوال رانا ساجد سلمان سے سینئر صحافی ذاکر حسین کھوکھر کی ملاقات۔ اسپائر کالج کی تعلیمی کارکردگی پر تفصیلی گفتگو کرتے ہوئے۔ تعلیم انسان کے لیے ایک ایسا عطیہ خداوندی ہے جس کے بغیر انسانی بقا ناممکن ہے۔ انسانی نشوونما اور معاشرتی ترقی کے لیے تعلیم بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔ تعلیم یافتہ افراد نہ صرف صحیح اور غلط، اچھے اور برے کی تمیز کرنے کا شعور رکھتے ہیں بلکہ وہ معاشرتی ماحول میں رہتے ہوئے مختلف قسم کی مہارتیں اور ترقی کی نئی راہیں متعین کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار پرنسپل اسپائر کالج ساہیوال رانا ساجد سلمان نے اپنے آفس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ قوموں اور معاشروں نے اعلیٰ تعلیم کے حصول سے ہی ترقی و خوشحالی کی منازل طے کیں ہیں۔ اسپائر کالج عوام کے اعتماد کا نام ہے۔

زین علی قریشی کی قابلیت پر فخر ہے۔ ایس۔ این ڈے ایسوسی ایٹس

قانون کی حکمرانی کیلئے انکی لازوال خدمات ہیں۔ ملک شہباز احمد

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) معروف ماہر قانون زین علی قریشی کی اپنے موکل خلیل الرحمٰن قمر ہتی ٹریپ کیس کی ملزمہ کی لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت کیجانب سے درخواست ضمانت مسترد ہونے پر سینئر وکیل رہنما ملک شہباز احمد شرکاء کا زبردست خیر مقدم۔ ہتی ٹریپ کیس میں آمنہ عروج و شریک ملزمان کو درخواست ضمانت لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت نے معروف قانون دان زین علی قریشی و مدثر چوہدری ایڈووکیٹس کے مضبوط دلائل پر مسترد کرتے ہوئے جیل بھیجنے کے آرڈر کر دیے۔ خلیل الرحمٰن قمر کیجانب سے زین علی قریشی و چوہدری مدثر ایڈووکیٹس پیش ہوئے۔ ملک کے معروف ڈرامہ نگار و سٹوری رائٹر خلیل الرحمٰن قمر ہتی ٹریپ کے ذریعہ اغوا کرنے اور بلیک میلنگ و تشدد کا نشانہ بنانے والے کیس میں گرفتار مرکزی ملزمہ آمنہ عروج کی درخواست ضمانت لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت نے مسترد کر دی۔ خلیل الرحمٰن قمر کیجانب سے مایہ ناز قابل وکیل زین علی قریشی اور مدثر چوہدری پیش ہوئے جن کے مضبوط دلائل کی بنیاد پر فاضل جج انسداد دہشت گردی عدالت لاہور ارشد جاوید نے آمنہ عروج کی درخواست ضمانت مسترد کرتے ہوئے جیل بھیجنے کا حکم نامہ سنایا۔

نکاسی آب کیلئے 16 سوفٹ لمبا نالہ تعمیر کیا جائیگا، محمد ذوالقرنین

تعمیر کیلئے 5.6 کنال نجی اراضی کی ایکوائر کرنی ہوگی، ڈپٹی کمشنر

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر/ ایڈمنسٹریٹر ضلع کونسل سیالکوٹ محمد ذوالقرنین نے کہا ہے کہ کوٹلی لوہاراں مشرقی میں نکاسی آب کے دیرینہ مسئلہ کے حل کیلئے 16 سوفٹ لمبا نالہ تعمیر کیا جائے گا، ٹیکنیکل کمیٹی کی سفارشات کے مطابق نالہ کی توسیع اور تعمیر کیلئے 5.6 کنال نجی اراضی کی ایکوائر کرنی ہوگی جس کیلئے سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پنجاب کو لینڈ ایکوزیشن کیلئے خط لکھا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ کوٹلی لوہاراں مشرقی کے زمین کے دو مالکان نے نالے کی تعمیر کیلئے 4 کنال اراضی بغیر معاوضے کے دینے کا حلف نامہ بھی جمع کروا دیا جبکہ باقی 5.2 کنال (لمبائی 600 فٹ) زمین کی ایکوزیشن کیلئے سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پنجاب کو لینڈ ایکوزیشن کیلئے خط لکھا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ کوٹلی لوہاراں مشرقی کے زمین کے دو مالکان نے نالے کی تعمیر کیلئے 4 کنال اراضی بغیر معاوضے کے دینے کا حلف نامہ بھی جمع کروا دیا جبکہ باقی 5.2 کنال (لمبائی 600 فٹ) زمین کی ایکوزیشن کیلئے سیکرٹری لوکل گورنمنٹ سے ایڈوائس مانگی گئی ہے۔ ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین نے کہا کہ کوٹلی لوہاراں مشرقی 30 ہزار آبادی پر مشتمل قصبہ ہے۔ جہاں بارشوں کے دوران قصبہ کے نواحی کھیتوں سے فصلوں کو بچانے کیلئے پانی کے نکاس کیلئے کوٹلی لوہاراں کا ڈیڑھ فٹ کے نالہ کو مقامی لوگوں نے توڑ دیا جس میں پانی کی گنجائش سے زیادہ آنے سے اوور فلو ہوگیا۔ انہوں نے کہا کہ نالہ اور پلیوں کی ڈی سلٹنگ سے پانی نکل رہا ہے اور اس کے ساتھ ڈی واٹرسیٹ بھی لگائے گئے ہیں اور اگر مزید بارش نہ ہوئی تو ایک دن میں پانی اتر جائے گا۔

ماڈل ٹاؤن میں تعمیراتی منصوبہ جات جاری ہیں، محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

ممبران کی فلاح و بہبود ہمارا مشن ہے، سجاول علی وسیم

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ممبران ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو سوسائٹی فیز 1 اگوکی و فیز 2 گنہ کلاں کیساتھ دہائیوں کا مضبوط اعتماد و محبتوں کا رشتہ ہے جو ہر انیوالے دن تقویت اختیار کرتا جارہا ہے وجہ خدمت میں عظمت کا عملی مظاہرہ اور ترقیوں کی جانب تیز تر سفر ہے۔ ان باتوں کا اظہار فرزند سیالکوٹ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ صدر ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو سوسائٹی و سابق صدر سوسائٹی سجاول علی وسیم نے سینئر صحافیوں کیساتھ ایک خصوصی نشست کے دوران کیا۔ اس موقع پر موجود ڈائریکٹرز سوسائٹی شمس عمران، ڈاکٹر منور مرزا و عظیم بٹ بھی انکے ہمراہ موجود تھے جنہوں نے کہا کہ قائد محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی قیادت میں ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کے تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہیں سڑکوں پر ٹف ٹائل لگانے کا کام عروج پر ہے جبکہ لنک روڈ اور دوسری سڑکوں پر تعمیراتی کاموں کو جاری رکھنے کے لیے لائحہ عمل مرتب کیا گیا ہے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ ہمارا مشن اور منشور یہی ہے کہ ممبران کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کی جائیں۔

چک 67 ڈی میں محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ کا انعقاد۔

پاکپتن (محمد عمران جنجوعہ۔ قوت) چک 67 ڈی میں محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ کا انعقاد۔ پاکپتن چک 67 ڈی میں ملک خالد حسین؛ ملک نیک محمد اور ملک ساجد حسین کی طرف سے روحانی محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ کا انعقاد کیا گیا، جس راؤ محمد افضال چودھری طارق سہو کاشف عرف کاشی جٹ حاجی کامران علی حیدر مظہر حیات اور محمد احمد ماہی صاحب جمال ڈاکٹر سجاد پیر توقیر بودلہ اسداللہ اور کثیر تعداد میں عاشقانِ رسول ﷺ نے شرکت کی۔ محفل کا آغاز تلاوتِ کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد نقیب محفل ڈاکٹر خالد جاوید نے اور نعت خوانوں صدام حسین جامی؛ محمد کاشف سلطانی؛ حافظ ضمیر اختر نے حضور اکرم ﷺ کی شان میں گلہائے عقیدت پیش کیے۔ علمائے کرام پروفیسر صاحبزادہ پیر محمد مظہر فرید چشتی نے اپنے خطابات میں حضور اکرم ﷺ کی سیرت طیبہ اور ان کے پیغام محبت و امن پر روشنی ڈالی۔ محفل میلاد میں شامل شرکاء نے ذکر و اذکار میں حصہ لیا اور درود و سلام کے نغمے بلند کیے آخر میں دعا کے بعد حاضرین میں لنگر تقسیم کیا گیا اس روحانی محفل سے لوگوں کے دلوں میں عشقِ مصطفیٰ ﷺ کی شمع مزید روشن ہو۔

انٹرمیڈیٹ امتحانات حافظ آباد ضلع طلباء وطالبات نے 6 پوزیشنز حاصل کرلیں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن گوجرانولہ کے زیر انتظام ہونے والے انٹرمیڈیٹ کے سالانہ امتحانات 2024ء میں حافظ آباد ضلع طلباء وطالبات نے 6 پوزیشنز حاصل کرلیں۔ ضلع کے طلباء وطالبات نے گوجرانوالہ بورڈ کے انٹرمیڈیٹ امتحانات میں اپنی قابلیت اور محنت کا لوہا منواتے ہوئے شاندار کامیابی حاصل کی اور مختلف کیٹیگریز میں 6 نمایاں پوزیشنز اپنے نام کیں۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب کالج حافظ آباد کی عمائم طارق نے 1155 نمبر لے کر پری میڈیکل فی میل کیٹیگری میں بورڈ میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔ کیپس کالج حافظ آباد کے محمد عتیق نے 1139 نمبر لے کر پری میڈیکل میل کیٹیگری میں بورڈ میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ پنجاب کالج حافظ آباد کے محمد عبدالرافع نے 1117 نمبر لے کر پری انجینئرنگ میل کیٹیگری میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔ پیپیریئر کالج فار گرلز پنڈی بھٹیاں کی فاخرہ نے 1114 نمبر لے کر آرٹس فی میل کیٹیگری میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔

7 ستمبر اکابرین کی جدوجہد کی یاد دلاتا ہے، ابن انور سید انظر محمود شاہ

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) ابن انور سید انظر محمود شاہ بخاری جنرل سیکرٹری جے یو آئی ضلع اوکاڑا نے کہا کہ 7 ستمبر اکابرین کی جدوجہد کی یاد دلاتا وہ دن جب دشمنان ختم نبوت کو حضرت مولانا مفتی محمود رحمۃ اللہ علیہ کی قیادت میں دھول چٹائی گئی اور آئین پاکستان میں قانونی طور پر ذلت و رسوائی قادیانیوں کے حصے میں آئی۔ ملکی تاریخ کی اس اہم قانون سازی کے پچاس سال مکمل ہونے پر مینار پاکستان لاہور پر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام ختم نبوت کانفرنس میں جوق در جوق شریک ہو کر اس بات کا ثبوت دیں کہ اکابرین نے ختم نبوت کی پہرہ داری کرتے ہوئے قانون بنوایا ہم انہی کے نقش قدم پر چلتے ہوئے قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان اور اپنے دیگر اکابرین کی قیادت میں اس قانون پر مرتے دم تک پہرہ جاری رکھیں گے۔

نیا پاکستان ہاؤسنگ سکیم ایمپیریل وسٹا کا ایلی جبلٹی لیٹر فتح ہاؤسنگ سے منسوب سوشل میڈیا اور واٹس ایپ گروپوں میں تشہیر لمحہ فکریہ

فتح ہاؤسنگ ڈیلپر کا آتھورائز ڈیلر عوام اور سرکار کو چونا لگانے کا منصوبہ

ڈویلپر کا اعتراف میں بھی not approved تحریر درج ہے اور اسی لیٹر میں واضح ہے کہ جو ہاؤسنگ کالونی approved ہوگی وہ اس منصوبے کے تحت اہل قرار ہوگا

متعلقہ اداروں سے کسی قسم کا این او سی حاصل کیے بغیر غیر قانونی اقدامات کیے جا رہے ہیں حکام سے نوٹس کا مطالبہ

115 ج ب ڈپٹی والا انٹرچینج ملت روڈ پر قائم غیر رجسٹرڈ فتح ہاؤسنگ کے ڈویلپر مہر محمد اویس مہر محمد شعیب نے متعلقہ اداروں سے کسی قسم کا کوئی NOC حاصل کیے بغیر غیر قانونی بجلی کنکشن اور نجی TV چینل PHA کے بل بورڈ پر تشہیر کا سلسلہ شروع کر رکھا ہے

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) سابقہ دورہ حکومت میں عوام کو دکھایا جانے والا خواب نیا پاکستان ہاؤسنگ منصوبہ کے تحت 24 ماہ میں 750 سکیر فٹ 550 ک ورڈ ایریا کے 100 یونٹ اپارٹمنٹ ایمریل وسٹا کے نام سے UBL برانچ سرکلر روڈ 2021 کے تحریر کردہ اپیجبلٹی لیٹر کو فتح ہاؤسنگ کیساتھ منسوب کرتے ہوئے سوشل میڈیا اور واٹس ایپ گروپوں میں تشہیر کر کے عوام اور آتھورائز ڈیلرز کیساتھ ساتھ سرکار کو بیوقوف بنایا جا رہا ہے FDA کی جانب سے دو مرتبہ سیل ہونے والی 115 ج ب ڈپٹی والا انٹرچینج ملت روڈ پر قائم غیر رجسٹرڈ فتح ہاؤسنگ کے ڈویلپر مہر محمد اویس مہر محمد شعیب نے متعلقہ اداروں سے کسی قسم کا کوئی NOC حاصل کیے بغیر غیر قانونی بجلی کنیکشن اور نجی TV چینل PHA کے بل بورڈ پر تشہیر کا سلسلہ شروع کر رکھا ہے اور بورڈ آف ریونیو کے ناہندگان میں بھی سرفہرست ہے اس کے علاوہ کچھ ماہ قبل گھوڑا اور ٹگہ پال ڈیڑھ ایکڑ سرکاری اراضی پر قبضہ کر رکھا تھا جسے ڈسٹرکٹ انتظامیہ کی مدد سے واگزار کروایا گیا مگر کسی قسم کی کوئی قانونی کاروائی عمل میں نہ لائی گئی علاوہ ازیں فتح ہاؤسنگ کو ایف ڈی اے نے 16 مئی اور پھر 25 جولائی 2024 کو سیل کیا باوجود اس کے فتح ہاؤسنگ میں پلاٹوں کی خرید و فروخت کا کاروبار جاری ہے جو کہ ایف ڈی اے ملازمین یا افسران کی ملی بھگت کا نتیجہ ہے؟ علاوہ ازیں سابقہ دورہ حکومت میں عوام کو دکھایا جانے والا خواب نیا پاکستان ہاؤسنگ منصوبہ کے تحت 24 ماہ میں 750 سکیر فٹ 550 ک ورڈ ایریا کے 100 یونٹ اپارٹمنٹ ایمریل وسٹا کے نام سے UBL برانچ سرکلر روڈ 2021 کے تحریر کردہ اپیجبلٹی لیٹر کو فتح ہاؤسنگ کیساتھ منسوب کرتے ہوئے سوشل میڈیا اور واٹس ایپ گروپوں میں تشہیر کر کے عوام اور آتھورائز ڈیلرز کیساتھ ساتھ سرکار کو بیوقوف بنایا جا رہا ہے سیکرٹری ہاؤسنگ ڈویلپمنٹ اتھارٹی پنجاب کے علاوہ کمشنر ڈپٹی کمشنر ڈی جی ایف ڈی اے سے غیر رجسٹرڈ فتح ہاؤسنگ کالونی کو سیل کر کے مالکان کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کا عوامی مطالبہ تاکہ مزید شہری فراڈ سے بچ سکیں مزید تفصیلات اکٹھی کی جا رہی ہے پڑھنا نہ بھولئے آئندہ شمارہ میں (ادارہ)

ننکانہ صاحب: متعدد مقامات بارش اور گٹروں کے پانی میں ڈوب گئے

ضلع ننکانہ کے افسران صرف فوٹو سیشن کی حد تک محدود ہیں، نوٹس لیا جائے، اہل علاقہ

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ضلعی انتظامیہ میونسپل کمیٹی اور مقامی سیاستدانوں کی بے حسی شہر ننکانہ صاحب کے معتدد مقامات بارش اور گٹروں کے پانی میں ڈوب گئے وزیر اعلیٰ پنجاب سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق ضلع ننکانہ کے افسران صرف فوٹو سیشن کی حد تک محدود ہیں عملی طور پر زیرو ہیں ننکانہ صاحب کو پوری دنیا میں احترام اور عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے لیکن بدقسمتی کی انتہا تب ہوتی ہے جب یہاں پر تعینات افسران اور سیاست دانوں کی بے حسی کے باعث شہر ننکانہ بارش گٹروں کے پانی کی وجہ سے تعفن کی لپیٹ میں آچکا ہے اور ان گندے پانی میں ڈوبے ہوئے، آفیسر کالونی بھٹہ بازار کینیڈا کالونی شاد باغ کالونی کیارہ صاحب کوارٹر محلہ گرو بازار ہاؤسنگ کالونی میونسپل کمیٹی والی گلی سمیت شہر کے دیگر علاقے شامل ہیں میونسپل کمیٹی ننکانہ کے ذرائع کا کہنا ہے کہ سیوریج کی ابتر صورتحال کی سب سے بڑی وجہ غیر ذمہ داروں کی بطور سپروائزر چیف آفیسر میونسپل کمیٹی کی طرف سے تعینات ہے سیوریج کی ابتر صورتحال یہی رہی تو بہت ساری جگہوں سے مین لائن بیٹھ جائے گی اور پورا شہر گندے پانی میں ڈوب جائے گا شہر کی سڑکیں بازار اندرونی گلیاں سیوریج کے گندے پانی کی وجہ سے شہری سخت اذیت میں مبتلا ہیں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے شہر ننکانہ کی ابتر صورتحال پر نوٹس لینے کا مطالبہ اور نااہل افسران کے خلاف عملی طور پر کاروائی کی جائے تاکہ آئندہ ایسی غلطی نہ کر سکیں۔

(ن) لیگ وعدوں کی بجائے کام پر یقین رکھتی، ڈاکٹر شاہد جاوید

سمندری (اعظم رضا راول سے) پاکستان مسلم لیگ (ن) لیگ وعدوں کی بجائے کام پر یقین رکھتی ہے مسلم لیگ نے مشکل حالات میں حکومت کی بھاگ دوڑ سنبھالی جب ملک دیوالیہ ہونے کے قریب تھا نوئی نے ملک کی اساس سے کھلواڑ کیا ہے۔ شہباز شریف حکومت مشکل فیصلے کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما ڈاکٹر شاہد جاوید نے اپنے بیان میں کیا۔ مزید کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی قیادت ملک کو موجودہ بھنور سے نکالنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے۔

گورنمنٹ گرلز ہائی سکول بشارت کی ایکٹنگ ہیڈ خود ہی سی او بن بیٹھی

چکوال (ایم ایوب سلطانی) گورنمنٹ گرلز ہائی سکول بشارت کی ایکٹنگ ہیڈ خود ہی سی او بن بیٹھی۔ سکول کی بچیوں کو 1:30 بجے چھٹی کے بعد بھی 2:30 بجے تک سکول میں پابند کر دیا۔ والدین میں تشویش اور بچی والدین سراپا احتجاج۔ گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کی (ایس ایس ٹی) ایکٹنگ ہیڈ نے 2 ستمبر 2024 بروز سوموار پنجاب ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے احکامات کی دھجیاں اڑاتے ہوئے اپنا حکم چلا دیا۔ سکول کی بچیوں کو بمطابق پنجاب ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ 1:30 بجے چھٹی دینا ہے لیکن ایکٹنگ ہیڈ نے بچیوں کو 2:30 بجے تک سکول بٹھائے رکھا۔ جس سے علاقے و سکول کے والدین میں شدید تشویش پیدا ہوگئی

مظہر حسین کو سینئر سب انجینئر گریڈ 16 میں ترقی ملنے پر مبارکباد

پاکپتن (محمد عمران جنجوعہ سے) مظہر حسین کو سینئر سب انجینئر گریڈ 16 میں ترقی ملنے پر مبارکباد ہم دل کی گہرائیوں سے پیارے بھائی مظہر حسین کو سینئر سب انجینئر گریڈ 16 میں ترقی ملنے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ ان کی یہ ترقی ان کی محنت، لگن اور پیشہ ورانہ قابلیت کا منہ بولتا ثبوت ہے، جس کے نتیجے میں وہ اس اعلیٰ عہدے پر فائز ہوئے ہیں۔ مظہر حسین نے اپنے کیریئر کے دوران نہایت محنت اور ایمانداری سے اپنے فرائض انجام دیے، جس کے باعث وہ اپنے ادارے اور ساتھیوں میں عزت و وقار کی نظر سے دیکھے جاتے ہیں۔

پٹرولنگ چوکی ملک محبوب بہڑوال کرپشن کا گڑھ بن گئی

گاڑیوں سے انچارج اہلکاروں کے زریعے منتھلی اکٹھی کرنے لگا

الہ آباد (نامہ نگار) پٹرولنگ چوکی ملک محبوب بہڑوال کرپشن کا گڑھ بن گئی، روزانہ گزرنے والی گاڑیوں سے انچارج اہلکاروں کے زریعے منتھلی اکٹھی کرنے لگا۔ منتھلی نہ دینے والے ڈرائیوروں کو حراساں کیا جاتا ہے۔ کاغذات تاخیر سے دیکھانے اور منتھلی نہ دینے پر چوکی انچارج خبیب احمد کی موجودگی میں اہلکاروں نے ڈرائیور اشفاق پر تھپڑوں کی بارش کر دی۔ مقدمہ کروانے کی دھمکی، گاڑی کے مالک ذوالفقار کا الزام۔ آئی جی پٹرولنگ اور پولیس حکام انصاف فراہم کریں۔ تفصیلات کے مطابق پٹرولنگ چوکی ملک محبوب بہڑوال مسافر وین، ٹرک، ٹرالر توڑی والے ٹرالے، رکشہ اور دیگر لوڈر گاڑیوں سے منتھلی وصول کرنے لگے، ڈرائیور، ہیلپر منتھلی یا نذرانہ تاخیر سے دیں تو انہیں روڈ پر حراساں کیا جاتا ہے۔ گاڑی نمبر SAC9815 کے مالک محمد ذوالفقار نے مزید الزام عائد کیا کہ پٹرولنگ چوکی ملک محبوب بہڑوال کے انچارج کی موجودگی میں اہلکاروں نے میرے ڈرائیور پر تھپڑوں کی بوچھاڑ کی کہ تم کاغذ تاخیر سے کیوں لائے ہو، اہلکار گالی گلوچ کرتے رہے اور مقدمہ درج کروانے کی دھمکی بھی دی وجہ ایک ہزار روپے منتھلی لیٹ تھی۔

پیپلز پارٹی حقیقی عوامی جماعت ہے، سید اعجاز حسین شیرازی

عوام کے حقوق کے لئے خاموش نہیں بیٹھیں گے، رہنما پاکستان پیپلز پارٹی

بھلوال (تحصیل رپورٹر) پیپلز پارٹی حقیقی عوامی جماعت ہے پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کے حقوق کی بات کی ہے اور ملک کی سب سے بڑی پارٹی ہونے کی قابلیت بھی پیپلز پارٹی کے پاس ہے کیونکہ پیپلز پارٹی جمہوریت پسند جماعت ہے اسی لئے جمہوریت کو بچانے کے لئے مسلم لیگ ن کا ساتھ دیا ہے لیکن عوام کے حقوق کے لئے خاموش نہیں بیٹھیں گے ان خیالات کا اظہار راہنما پاکستان پیپلز پار

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

مہنگائی کی کم ترین سطح اور زمینی حقائق

وزیراعظم شہبازشریف نے مہنگائی سنگل ڈیجٹ پر آنے کے اعلان پر اظہارِ اطمینان کرتے ہوئے کہا ہے کہ اللہ کے فضل سے قومی معاشی ٹیم کی محنت رنگ لا رہی ہے۔ اگست میں مہنگائی کا 6.9 فیصد پر آنا معیشت میں بہتری کے حکومتی اقدامات کا عکاس ہے۔ 3 برس میں مہنگائی کی کم ترین شرح سنگل ڈیجٹ پر آ گئی ہے۔ 3 سال میں پہلی بار مہنگائی کی شرح سنگل ڈیجٹ پر آئی ہے۔ [illegible] اگست میں مہنگائی 9.5 سے 10.5 فیصد رہنے کی توقع تھی۔ معاشی ماہرین کی ستمبر میں افراطِ زر میں مزید کمی کی پیشگوئی قوم کے لیے خوشخبری سے کم نہیں۔

وزیراعظم [illegible] آج ستمبر 2021ء آ جاتا ہے۔ [illegible] پٹرول کی قیمت 118 روپے لیٹر تھی۔ پٹرول اور بجلی کی قیمتیں مہنگائی پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ ان دنوں بجلی کی فی یونٹ قیمت آج کے مقابلے میں بہت کم تھی۔ اپریل 2022ء میں اقتدار میں آنے والی پی ڈی ایم کے لیڈروں کی طرف سے [illegible] بجلی کا یونٹ 16 روپے [illegible] 12 روپے [illegible] آج بجلی کے بل [illegible] جا رہا ہے کہ پاکستان میں گھروں کے کرایوں سے زیادہ بجلی کے بل آ رہے ہیں۔ [illegible]

وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ تین سال میں پہلی بار مہنگائی سنگل ڈیجٹ پر آئی ہے، وفاق نے 200 یونٹ تک بجلی استعمال کرنے والے صارفین کو 50 ارب روپے کی سبسڈی دی جبکہ پنجاب نے 201 یونٹ سے 500 یونٹ تک بجلی استعمال کرنے والوں کو [illegible] 45 ارب روپے [illegible]

قومی اسمبلی کے اجلاس میں [illegible] نواز شریف 2018ء میں 4 فیصد پر مہنگائی چھوڑ کر گئے تھے، جہاں پٹرول اور بجلی کی قیمتوں [illegible]

2022ء [illegible]

2018ء کی بات کرتے ہیں۔ ان کی طرف سے اور وزیراعظم کی طرف سے بھی یہ کہا گیا ہے کہ میاں نواز شریف مہنگائی چار فیصد پر چھوڑ کر گئے تھے۔ اس کے بعد اب مہنگائی میں کمی آئی ہے۔ ستمبر 2017ء کی بات کریں تو اس روز مسلم لیگ نون کی حکومت کے دوران پٹرول کی قیمت 71 روپے فی لیٹر تھی۔ بجلی کا یونٹ بھی نو 10 روپے سے زیادہ کا نہیں ہوگا۔ آج مہنگائی نو فیصد ہے۔ چار سے تقریباً دوگنا، عوام اگر اس حساب سے پٹرول اور بجلی کی قیمت کے تعین کا مطالبہ کریں تو بے جا نہیں ہوگا۔

عام آدمی کو اعداد و شمار کے گورکھ دھندے کی سمجھ نہیں آتی۔ اسے نہیں معلوم کہ موڈیز نے کیا کہا ہے اور فچ کی کیا رپورٹس ہیں۔ دو جمع دو چار روٹیاں کھنے والا تو اپنی آمدن اور اخراجات کا حساب لگاتا ہے۔ 2017ء اور 2021ء کی نسبت اس کی زندگی اجیرن ہو کے رہ گئی ہے۔

ایک تو لوگ مہنگائی اور بے روزگاری کے ہاتھوں تنگ ہیں دوسرے بے روزگاری میں مزید بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ چند روز قبل یوٹیلٹی سٹورز بند کرنے کا اعلان کیا گیا جس کے 11 ہزار ملازمین ہیں جن میں سے چھ ہزار مستقل ہیں باقی کنٹریکٹ پر، ان لوگوں کو اپنی روٹی روزی کے لالے پڑ گئے۔ وہ سڑکوں پر نکل آئے، بھرپور احتجاج کیا گیا۔ حکومت نے اب کہا ہے کہ یوٹیلٹی سٹور بند کرنے کا ارادہ نہیں ہے۔ اگر حکومت نے یوٹیلٹی سٹور بند کرنے کا فیصلہ واپس لے لیا ہے تو یہ خوش آئند ہے۔ کہا جا رہا ہے کہ رائٹ سائزنگ کمیٹی کی سفارش پر چھ ہزار سرکاری ملازمین متاثر ہو سکتے ہیں۔ ادھر ایک خبر یہ بھی ہے کہ 60 ہزار سے زائد سرکاری ملازمین کو فارغ کرنے کے لیے سول سرونٹ ایکٹ 1973ء میں ترمیم کی جا رہی ہے۔ خیبر پختونخوا حکومت نے اس ترمیم کو قبول کرنے سے معذرت کی ہے۔ ادھر ریلوے میں 13 ہزار اسامیاں ختم کرنے کی منظوری دی گئی ہے۔ ان ملازمین کا تعلق پشاور ریلوے ڈویژن سے ہے۔

جن ملازمین کو کسی بھی وجہ سے فارغ کیا جا رہا ہے۔ ان کے گھر کا چولہا کیسے جلے گا؟ گو کہ حکومت کی طرف سے ان کو کچھ طفل تسلیاں ضرور دی جاتی ہیں مگر ایک بار سرکاری ملازم اپنی نوکری سے گیا تو اس کا اکاموڈیٹ ہونا مشکل ہو جاتا ہے۔

سیاسی جماعتوں کے مذاکرات، امن وامان کی صورت حال اور مہنگائی کا مسئلہ!!!!!

پاکستان تحریک انصاف افواج پاکستان سے بات چیت کرنا چاہتی ہے لیکن نو مئی کو ملک میں جو کچھ ہوا اس پر پی ٹی آئی ابھی تک کوئی واضح موقف اختیار نہیں کر سکی کیونکہ نو مئی کو ہونے والے پرتشدد واقعات کی بنیاد پر بہت سے لوگ پی ٹی آئی چھوڑ گئے اور ان کی جگہ جماعت میں آنے والے سمجھتے ہیں کہ بانی پی ٹی آئی جو کہتے ہیں وہی حرف آخر ہے۔ صرف یہی نہیں جو سینئر لوگ پارٹی میں موجود ہیں وہ بھی یہی سمجھتے ہیں کہ نو مئی کو دفاعی اداروں کے دفاتر پر حملے، شہداء کی یادگاروں کو نقصان پہنچانا، وطن کی حفاظت کے لیے جان قربان کرنے والوں کی یادگاروں پر دھاوا بولنا کوئی بڑی بات نہیں ہے۔ یا یہ بھی سمجھا جاتا ہے کہ یہ صرف ایک سیاسی جماعت کی قیادت کے خلاف قانونی کارروائی کے ردعمل میں عوامی جذبات کا اظہار تھا، عوامی ردعمل ضرور تھا لیکن بظاہر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ یہ سب ایک طے شدہ حکمت عملی کا حصہ تھا اس کام کے لیے منصوبہ بندی کی گئی اور لوگوں کی ذہن سازی کر کے انہیں منزل مقصود تک پہنچایا گیا، لوگوں کے جذبات کو بھڑکایا گیا، انہیں تیار کیا گیا اور انہیں ہدف دیا گیا جہاں جا کر بپھرے ہوئے لوگوں نے توڑ پھوڑ کی، بدزبانی کی، نعرے لگائے اور یہ ثابت کرنے کی کوشش کرے گا کہ ملک میں بغاوت ہوگئی ہے، پرتشدد سوچ کے حامل افراد نے ملک کے لیے قیمتی جانیں قربان کرنے والوں کی قربانیوں کا مذاق بنایا۔ اس سانحے کو سولہ ماہ ہونے کو آئے ہیں آج بھی اسٹیبلشمنٹ سے بات چیت کی خواہش رکھنے والوں نے اس بغاوت کو تسلیم نہیں کیا اور اگر کوئی بغاوت کرے، قانون توڑے، قانون کو ہاتھ میں لے، املاک کو نقصان پہنچائے تو اس کے بعد وہ صرف اسے غلطی کہے اور معافی مانگے تو کیا اسے معاف کر دیا جائے، کیا ملک کے خلاف بغاوت کرنے والوں کے گرد جب گھیرا تنگ ہو اور انہیں لگے کہ قانون اپنا راستہ بنا رہا ہے تو پھر وہ مذاکرات کا ڈھونگ رچائیں۔ جس طرح کسی بھی شہری کو زبردستی کسی مقدمے میں پھنسایا نہیں جا سکتا عین اسی طرح اگر کوئی شخص قانون توڑنے میں ملوث ہے تو اسے معاف بھی نہیں کیا جا سکتا۔ جہاں تک تعلق سیاسی جماعتوں کی بات چیت کا ہے وہ سلسلہ نہیں رکنا چاہیے، سیاسی جماعتوں کا یہی کام ہے کہ جہاں مشکلات ہوں، رکاوٹیں ہوں، تقسیم کا خدشہ ہو یا تقسیم ہوتی نظر آئے، جہاں اتحاد کی کمی کا خدشہ ہو یا اتحاد میں کمی آئے، وسائل کی منصفانہ تقسیم کا معاملہ ہو، قومی و بین الاقوامی سطح کے معاملات ہوں، امن و امان کا معاملہ ہو ہر جگہ تعمیری گفتگو سے ہی مسائل حل ہوتے ہیں۔ سیاسی جماعتوں کے بامعنی و بامقصد مذاکرات جمہوریت کا حسن ہیں لیکن اس حوالے سے سیاسی جماعتوں کو اپنا رویہ بدلنا ہوگا کیونکہ جو حالات آج تحریک انصاف کے ہیں اس کے ذمہ دار وہ خود ہیں، یہ اچھی بات ہے کہ مختلف سیاسی جماعتوں میں پی ٹی آئی کے ساتھ سیاسی بات چیت کے حوالے سے حوصلہ افزا بیانات سامنے آئے ہیں۔ یہ بھی ذہن میں رہے کہ پاکستان تحریک انصاف کے ساتھ بات چیت کی مخالفت بھی ہوئی ہے اور اس مخالفت کی بنیادی وجہ پی ٹی آئی کا اپنا کردار ہے۔ اگر آج وزیر دفاع خواجہ آصف تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی کو بانی پی ٹی آئی عمران خان سے بچ کر رہنے کی تنبیہ کر رہے ہیں تو اس کی سب سے بڑی وجہ بانی پی ٹی آئی کا اپنا رویہ ہے۔ خواجہ آصف کہتے ہیں کہ بانی پی ٹی آئی محمود اچکزئی کے ذریعے بات چیت اس لیے کرنا چاہتے ہیں تا

کہ وہ کل کو منکر ہو سکیں کہ میں نے تو بات ہی نہیں کی، بات تو محمود اچکزئی کر رہے ہیں۔ اس لیے محمود اچکزئی کو بانی پی ٹی آئی سے بچ کر رہنا چاہیے وہ تو منکر جائیں گے اور آپ کی ساری عمر کی ساکھ خراب ہو جائے گی۔ اگر نو مئی فالس فلیگ تھا تو بانی پی ٹی آئی اب اسٹیبلشمنٹ سے کیوں بات کرنا چاہتے ہیں؟ ان کے دماغ میں تضادات کی آندھی چلی ہوئی ہے، وہ کسی ایک جگہ کھڑے ہوں تو استحکام آئے، عمران خان نے اسٹیبلشمنٹ سے بات کرنی ہے یا ان کی مخالفت، دونوں صورتوں میں واضح فیصلہ کریں۔

آئین و قانون کی بالادستی، لگ بھگ پچیس کروڑ انسانوں کے بنیادی مسائل حل کرنے، ملک میں سیاسی استحکام، معاشی استحکام کے لیے سیاسی جماعتوں کو ہر وقت رابطے میں رہنا چاہیے، ملکی خزانے کو نقصان پہنچا کر ایک دوسرے کو بچانے یا آئین و قانون کی دھجیاں بکھیرنے کے بعد مذاکرات کے پیچھے چھپنے کے بجائے مقدمات کا سامنا کرنا چاہیے۔ اگر قوم کے ساتھ غلط بیانی کی گئی ہے لوگوں کے جذبات سے کھیلا گیا ہے تو اس معاملے میں بھی سب سے پہلے غلطی تسلیم کرنی چاہیے اور پھر قانونی راستے پر چلنا ہی ملک و قوم کے بہترین مفاد میں ہے۔ ویسے بھی ملک میں امن و امان کے بگڑتے حالات سیاست دانوں سے سنجیدگی کا تقاضا کرتے ہیں۔

وزارت داخلہ نے قومی اسمبلی امن و امان کی بگڑتی صورتحال کا اعتراف کیا ہے۔ وزارت داخلہ کے مطابق سال 2024 کی پہلی سہ ماہی میں خفیہ معلومات پر دو ہزار دو سو آٹھ آپریشن کیے گئے جن میں 89 دہشتگرد ہلاک اور تین سو اٹھائیس کو گرفتار کیا گیا۔ دو ہزار بیس سے دو ہزار چوبیس کے دوران سندھ میں چینی اور جاپانی باشندوں پر چار دہشتگرد حملے ہوئے جن میں پانچ غیر ملکی ہلاک ہوئے ہیں۔ بلوچستان میں چینی باشندوں پر ہونے والے دو حملوں میں تین افراد زخمی ہوئے۔ خیبر پختونخوا میں بھی چینی باشندوں پر دو حملے ہوئے جس میں دو سکیورٹی اہلکار شہید اور سترہ چینی باشندے جان کی بازی ہار گئے جب کہ انیس مقامی لوگ شہید ہوئے۔ چینی باشندوں پر ہونے والے حملے ایک سوچی سمجھی سازش اور منصوبہ بندی کا نتیجہ ہیں کیونکہ سی پیک پر ہونے والا کام کئی عالمی طاقتوں کے ساتھ ساتھ پاکستان کے دشمنوں کو ہضم نہیں ہو رہا۔ سی پیک سے ملک میں معاشی استحکام کی امید ہے، یہی وجہ ہے کہ اس گیم چینجر منصوبے کو نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ اس منصوبے پر کام کرنے والے چینی باشندوں کو نشانہ بنایا جا رہا ہے۔

وزارت داخلہ کے مطابق گزشتہ برس جنوری سے دسمبر 2023 کے دوران ملک بھر میں دہشتگردی کے واقعات میں 930 افراد جاں بحق اور 1992 زخمی ہوئے، خیبر پختونخوا میں گزشتہ برس دہشتگردی کے 558 واقعات ہوئے جن میں 580 افراد شہید اور 1447 زخمی ہوئے، ان میں شہید ہونے والے 402 جب کہ زخمیوں میں 1054 اہلکار تھے۔ ادھر بلوچستان میں گزشتہ سال دہشتگردی کے 626 واقعات میں 315 افراد شہید اور 477 زخمی ہوئے، ان میں شہید ہونے والے 148 جب کہ زخمیوں میں 198 اہلکار شامل تھے۔ سندھ میں گزشتہ برس دہشتگردی کے 19 واقعات میں 14 افراد شہید اور 31 زخمی ہوئے، ان میں شہید ہونے والے 8 اور زخمیوں میں 26 اہلکار تھے، پنجاب میں 2023 میں دہشتگردی کے 8 واقعات میں 12 افراد شہید اور 11 زخمی ہوئے، شہدا میں 11 جب کہ زخمیوں میں 9 اہلکار تھے۔ اس کے علاوہ گلگت بلتستان میں گزشتہ برس دہشتگردی کے 3 واقعات میں 9 افراد شہید اور 26 زخمی ہوئے جب کہ اس دوران اسلام آباد میں دہشت گردی کا کوئی واقعہ نہیں ہوا۔ امن و امان کی اس صورت کے پیش نظر سیاسی قیادت کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ غیر ضروری مظاہرے، احتجاج بند کیے جائیں۔ پارلیمنٹ سمیت ہر جگہ متحد ہو کر دشمن کا مقابلہ کیا جائے۔ اندرونی و بیرونی دشمنوں کا مقابلہ کرنے کے لیے متحد اور یکسوئی کا مظاہرہ کرنا ہوگا اس کے بغیر کامیابی ممکن نہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ دفاعی اداروں کا ساتھ دینا بھی ضروری ہے تاکہ پاکستان میں بدامنی پھیلانے والوں کو منطقی انجام تک پہنچایا جا سکے۔

آخر میں امجد اسلام امجد کا کلام

اب تک نہ کھل سکا کہ مرے روبرو ہے کون!
کس سے مکالمہ ہے! پسِ گفتگو ہے کون!
سایہ اگر ہے وہ تو ہے اس کا بدن کہاں؟
مرکز اگر ہوں میں تو مرے چار سو ہے کون!
ہر شے کی ماہیت پہ جو کرتا ہے تو سوال

زندگی کی اذیتوں کا غلام بنائے رکھنے والا ''نیا قانون''

رپورٹنگ سے ''کالم نگاری'' میں گھس آئے مجھ جیسے بے ہنر کے لئے عرفان صدیقی صاحب زبان وبیان پر گرفت کے حوالے سے استاد کا درجہ رکھتے ہیں۔ عطاء الحق قاسمی صاحب سے برجستگی سیکھنے کی کوشش کرتا ہوں اور وجاہت مسعود مجھ سے کم عمر ہونے کے باوجود اکثر اپنے کالموں میں لکھے چند لفظوں کی وجہ سے مجھے لغت دیکھنے کو مجبور کر دیتے ہیں۔ آج کا کالم مگر یہ بیان کرنے کو نہیں لکھ رہا کہ مجھ بے ہنر کو کونسے لکھاریوں سے مسلسل رجوع کرنا پڑتا ہے۔ سینیٹر عرفان صدیقی کے متعارف کردہ ایک قانون پر توجہ دلانا مقصود ہے۔

پیر کی شام اپنے ٹی وی شو کے لئے مواد جمع کرنے کی خاطر ساتھیوں سمیت ایک کمرے میں بیٹھا تھا۔ میرے سامنے کی دیوار پر پانچ ٹی وی سکرینیں نصب تھیں۔ ان پر چلتے ٹکر چیختے رنگوں کے ساتھ ایک ہی خبر دہرائے جا رہے تھے۔ مذکورہ خبر کے مطابق سینٹ کے لئے بلوچستان سے ''آزاد'' حیثیت میں منتخب ہو کر ''باپ'' پارٹی کے ہوئے عبدالقادر صاحب نے سپریم کورٹ کے ججوں کی تعداد میں اضافے کے لئے ایک قانون متعارف کروانے کی کوشش کی۔ سپریم کورٹ کے ججوں کی تعداد میں اضافے کا ذکر ہوا تو میرے سمیت کمرے میں بیٹھے پانچ افراد کو شبہ ہوا کہ گزشتہ کئی دنوں سے شہباز حکومت اعلیٰ عدلیہ کو لگام ڈالنے کے ارادے سے نئے قوانین کا جو پیکیج متعارف کروانا چاہ رہی ہے سینیٹر عبدالقادر کا پیر کے روز پیش کردہ بل بھی غالباً اس کا حصہ ہے۔

اس سے قبل گزرے منگل کے دن مولانا فضل الرحمن کی جماعت سے تعلق رکھنے والے نور عالم خان نے بھی قومی اسمبلی میں عدالتی نظام میں ''بہتری'' لانے کے بہانے چند قوانین متعارف کروانے کا عندیہ دیا تھا۔ ان کے تجویز کردہ قوانین مگر منظوری کے لئے محض سادہ اکثریت کے طالب نہیں تھے۔ ان کی منظوری آئین میں ترمیم کے بغیر ممکن نہیں اور آئین میں ترمیم کے لئے دو تہائی اکثریت کی حمایت درکار ہوتی ہے۔ فی الوقت وہ شہباز حکومت کو میسر نہیں۔ حیرت ہوئی کہ ''نجی حیثیت'' میں مولانا فضل الرحمن کی جماعت سے تعلق رکھنے والے نور عالم خان دو تہائی اکثریت کی حمایت حاصل کرنے کی توقع کیوں باندھے ہوئے ہیں۔

نور عالم خان پیپلز پارٹی سے ناراض ہو کر تحریک انصاف کے ہوگئے تھے۔ اس کے ٹکٹ پر 2018ء میں قومی اسمبلی کے لئے منتخب ہوئے تو جلد ہی اس کی حکومت سے بھی مایوس ہونا شروع ہوگئے۔ بالآخر 2021ء کے وسط میں کھل کر بغاوت کا اعلان کر دیا۔ تحریک انصاف انہیں ''منحرف'' پکارتے ہوئے سماجی اعتبار سے ''عبرت کا نشان'' بنانے کو ڈٹ گئی۔ بہرحال تحریک انصاف ان دنوں کی قومی اسمبلی میں بھی اراکین کی تعداد کے حوالے سے سب سے بڑی جماعت ہے۔ وہ نور عالم خان کے پیش کردہ قوانین کی حمایت کر نہیں سکتی۔ غالباً اس حقیقت کو ذہن میں رکھتے ہوئے نور عالم گزرے منگل کے دن قومی اسمبلی میں تشریف ہی نہ لائے۔ اس دن حکومت بھی کورم پورا نہ کر سکی۔ معاملہ ٹائیں ٹائیں فش ہوا محسوس ہوا۔

پیر کے روز ایوان بالا کے اجلاس میں لیکن عبدالقادر صرف اصالتاً موجود تھے۔ انہوں نے بل پیش کیا تو وزیر قانون نے اس کی مخالفت کے اظہار کے بجائے اسے متعلقہ کمیٹی کو بھجوانے کی سفارش کر دی۔ تحریک انصاف چراغ پا ہو گئی۔ سپریم کورٹ کے ججوں میں اضافے کی تجویز کو ''سازش'' شمار کیا اور اسے حکومت سے منسوب اس ''سازش'' کا

حصہ قرار دیا جس کے ذریعے وہ عدالتوں کی آزادی سلب کرنا چاہ رہی ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ تحریک انصاف ہی کے سید علی ظفر اس خیال سے متفق سنائی دئے کہ سپریم کورٹ کے ججوں کی تعداد میں اضافے کی ضرورت ہے۔ عبدالقادر کے متعارف کردہ قانون کی ''بریکنگ نیوز'' چل چکی تو بحث یہ شروع ہوگئی کہ اس کی منظوری کے لئے ''دو تہائی اکثریت'' کہاں سے آئے گی۔ تھوڑی تحقیق اور ادھر ادھر فون گھمانے کے بعد علم ہوا کہ سپریم کورٹ کے ججوں کی تعداد بڑھانے کے لئے آئین میں ترمیم درکار نہیں۔ سپریم کورٹ کے ججوں کی تعداد آئین نہیں بلکہ 1997ء میں منظور ہوا ایک قانون طے کرتا ہے۔ اس قانون میں ترمیم کے لئے ایوان میں بیٹھے اراکین میں سے سادہ اکثریت کی ہاں درکار ہوگی اور وہ حکومت کے تعاون سے بآسانی فراہم ہو سکتی ہے۔

سینیٹر عبدالقادر کے متعارف کردہ قانون نے جو شور و غوغا برپا کیا وہ میرے اور آپ جیسے عام پاکستانی کی روزمرہ زندگی میں قطعاً کوئی تبدیلی نہیں لائے گا۔ یہ منگو کا بیان کردہ ''نیا قانون'' ہی ہوگا جو منگو کوچوان کو زندگی کی اذیتوں کا غلام ہی بنائے رکھے گا۔ پیر ہی کے دن مگر سینیٹر عرفان صدیقی صاحب نے بھی ایک قانون منظور کروانے کی کوشش کی۔ مقصد اس کا اسلام آباد میں جلسے، جلوسوں اور مظاہروں کو کسی صورت قواعد و ضوابط کے تحت لا کر اس شہر کی زندگی کو معمول کے مطابق لانا ہے۔

منگل کی صبح اٹھ کر میں نے اردو اخبارات میں مجوزہ قانون کی تفصیلات جاننے کی کوشش کی۔ ناکام رہا۔ یہ سوچتے ہوئے دکھ ہوا کہ دور حاضر کے نوجوان صحافی قانون سازی کے عمل کو ہماری نسل کے برعکس نظر انداز کرنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ انہیں دوش دینے کا مگر مجھ میں حوصلہ نہیں۔ قانون سازی کا ذکر سوشل میڈیا پر آپ کو زیادہ سے زیادہ لائیکس اور شیئرز فراہم نہیں کرتا۔ سیاسی اور آئینی امور پر غور کرتے ہوئے عزت مآب ججوں کے طیش میں دئے ریمارکس کی رپورٹنگ مگر ''بلے بلے'' کرا دیتی ہے۔ اخباروں سے مایوس ہو کر میں نے ایک چہیتے جونیئر مولا بخش سومرو کو فون کیا۔ ہم اسے پیار سے ایم بی پکارتے ہیں۔ میری دانست میں ان دنوں وہ واحد رپورٹر ہے جو دیوانگی کے ساتھ قانون سازی کے عمل پر کامل توجہ مبذول رکھتا ہے۔ اس کی بدولت عرفان صدیقی صاحب کے نجی حیثیت میں متعارف کردہ قانون کی تفصیلات کا علم ہوا۔ انہیں سن کر دل سے برجستہ دعا نکلی کہ عرفان صدیقی صاحب کا پیش کردہ بل نہ صرف جلد سے جلد منظور ہو بلکہ ضلعی انتظامیہ اس پر شدت سے عملدرآمد کو بھی ڈٹ جائے۔ ایسا نہ ہوا تو یقین مانیں چند ہی برسوں بعد اسلام آباد رہنے کے قابل شہر نہیں رہے گا۔ یہاں کی مہنگی جائیدادیں اور گھر خریدنے والے ماتم کنائی کرتے ہوئے اپنے گریبان پھاڑنا شروع ہو جائیں گے۔

اسلام آباد اب بقیہ پاکستان سے کٹا جزیرہ نہیں رہا۔ 1990ء کی دہائی سے اس کی آبادی میں حیران کن حد تک اضافہ ہوا ہے۔ اس کے پھیلاؤ اور آبادی کی وجہ سے قومی اسمبلی کی تین نشستیں اب اسلام آباد کے لئے وقف ہیں۔ وسیع و عریض رقبے تک مسلسل پھیلتے اسلام آباد کو اوور ہیڈ پلوں، انڈر پاسز اور سگنل فری شاہراہوں کے ذریعے ''جدید تر'' بنانے کی ہر ممکن کوشش ہوئی ہے۔ گزشتہ تین مہینوں سے مگر ہفتے کے تقریباً ہر دوسرے یا تیسرے دن آپ گھر سے نکل کر منزل مقصود پر جانا چاہیں تو کم از کم ایک گھنٹے تک ٹریفک میں پھنسے رہتے ہیں۔ ''سگنل فری شاہراہیں'' اکثر کنٹینر لگا کر بند کر دی جاتی ہیں کیونکہ ہر دوسرے روز کسی نہ کسی مسئلہ کی وجہ سے ناراض ہوئے گروہ اپنے جذبات کے اظہار کے لئے پارلیمان کے روبرو واقعہ نام نہاد ڈی-چوک پہنچنا چاہتے ہیں۔ ڈی چوک پہنچ کر وہاں دھرنا دے کر بیٹھ جانے کی روایت کینیڈا سے آئے ایک تماشہ گر نے متعارف کروائی تھی۔ 2014ء میں وہ عمران خان کے کزن ہوئے تو دھرنے کا سلسلہ 126 دنوں تک پھیل گیا۔ حکومت سے کسی نہ کسی وجہ سے ناراض ہوئی ہر جماعت اور گروہ اب ڈی چوک ہی جانے کو مصر رہتا ہے۔ مظاہرین کا اصرار پولیس کو وہ تمام شاہراہیں کنٹینروں سے بند کرنے کو مجبور کر دیتا ہے جو سگنلوں سے پاک رکھ کر شہریوں کے لئے گھروں اور مقصود مقامات تک جلد از جلد پہنچنے کی خاطر بنائی گئی تھیں۔ اسلام آباد کی سڑکیں اب دل کی رگوں کی طرح ایک دوسرے سے جڑی ہوئی ہیں۔ ان میں سے کوئی ایک بند ہو جائے تو بقیہ سڑکوں پر ٹریفک جام ہو جاتا ہے اور آپ کم از کم ایک گھنٹہ اس میں پھنسے رہتے ہیں۔ سینیٹر عرفان صدیقی صاحب کا شکریہ کہ انہوں نے اسلام آباد کے عام شہریوں کے درد کا احساس کرتے ہوئے اس کا حل ڈھونڈنے کی کوشش کی ہے۔ ربِ کریم سے فریاد ہے کہ وہ اپنی کوشش میں کامیاب رہیں۔

عقل، زبان اور انسان

ارسطو سے منسوب ایک کلاسِک یونانی فقرہ Zoon Logon Echon جس کا مطلب عقل و منطق رکھنے والا حیوان (rational being) ایک خردمند وجود۔ یہ جملہ انسان کے عقلی و استدلالی پہلو کو ظاہر کرتا ہے اور نطق انسانی بھی اس اصطلاح کا بنیادی جزو ہے۔ ارسطو نے ہی انسان کو سماجی حیوان قرار دیا تھا۔ سماجی شناخت اور تہذیب و ثقافت کی تشکیل و ارتقا میں زبان کلیدی حیثیت رکھتی ہے اسی طرح انسانی تجربات اور سماجی تعاملات کے بنیادی پہلو بھی زبان سے ہی وابستہ ہیں۔ زبان کا بنیادی فریضہ ترسیلِ معنی ہے۔ درست الفاظ کا انتخاب، اندازِ تکلم اور پس پردہ متحرک فکر موثر ابلاغ کو یقینی بناتی ہے۔ مکالمہ (dialogue) اور کلامیہ (Discourse) لسانی مواصلات کی بنیادی اور کارآمد اشکال ہیں۔ ان کا سیاق و سباق چاہے کچھ بھی ہو دونوں کا مقصد موثر اور بامعنی رابطہ قائم کرنا ہے۔ ترسیل مدعا کے لیے ترتیب اور معقولیت کا ہونا بے حد ضروری ہے جو عقل و استدلال کے بغیر ممکن نہیں ہے۔ فلسفیانہ بحث سے قطع نظر زبان کے اس پہلو کو عالمی اور مقامی تناظرات میں دیکھا جائے تو عجیب سی صورتحال سامنے آتی ہے۔ مفہوم رسانی کے انداز وقت کے ساتھ بدلتے جا رہے ہیں۔ ترقی یافتہ معاشرے کی بات کی جائے تو بلاغتِ کلام میں انسانی ذہانت کے ساتھ ساتھ مصنوعی ذہانت کا عمل دخل بھی نظر آتا ہے۔ مختلف chat bot چیٹ بوٹ اور ورچوئل اسسٹنٹ جیسے Siri، Alexa وغیرہ موثر، اور خودکار طریقوں سے معانی کی تفہیم اور ترسیل کو ممکن بنا رہے ہیں۔ انسانی ذہانت زبان کے تخلیقی اور پیچیدہ استعمال کو ممکن بناتی ہے مگر اس عمل میں جدت اور ترقی کے نت نئے راستے Ai یا مصنوعی ذہانت کی بدولت

ممکن ہوتے جا رہے ہیں۔ پاکستان جیسے ترقی پذیر ممالک کی حالت اس معاملے میں کافی مخدوش ہے۔ تقریباً ڈھائی ہزار سال پہلے ارسطو نے انسان کے لیے درج بالا فقرہ کہا اور دور حاضر کے معروف فلسفی اور تاریخ دان یووال نوح ہراری Yuval Noah Harari عقل، منطق اور زبان کو انسانی تہذیب کی بنیاد قرار دیتے ہیں۔ ہراری کا ماننا ہے کہ انسانی زبان نہ صرف حقیقی پیش آنے والے تجربات بیان کرتی ہے بلکہ غیر حقیقی تصورات اور خیالات کو بھی بیان کرتی ہے۔ جس کی اعلیٰ ترین شکل ادبی اور دیگر تخلیقات کی صورت میں ظاہر ہوتی ہے۔ تخلیقی عمل کے ذریعے ہی مختلف قصے کہانیاں سماجی نظام کا حصہ بنے اور انہی خیالی تصورات کی وجہ سے انسان پیچیدہ سماجی ڈھانچوں کی تشکیل میں کامیاب ہوا۔ عقلیت پسند سماج قصے کہانیوں کے لیے الگ شعبہ مختص کیے ہوئے ہے۔ ہمارے معاشرے کی بات کی جائے تو محدود پیمانے پر ہونے والے روزمرہ معمول کے مکالمہ جات ہوں یا وسیع پیمانے پر سیاسی سماجی، ادبی اور دیگر عوامی گفت و شنید کا ذکر ہو اکثر اوقات کہانی پن کا عنصر نمایاں ہوتا ہے اور صورتحال غیر موثر، بے معنی اور غیر تعمیری نوعیت کی ہوتی ہے۔ سماجی سطح پر بحث برائے بحث کا رجحان بڑھتا جا رہا ہے احترام رائے کا فقدان اور بلاجواز اختلافات نے صحت مند اور نتیجہ خیز مکالمے کے راستے بند کر دیے ہیں۔ جس کے نتیجے میں وہی گھسے پٹے فقرے بیانیے اور نقطہ نظر مختلف قسم کی ملمع کاری کے بعد سامنے آتے رہتے ہیں۔ پاکستان جیسے پولرائزڈ معاشرے میں سیاسی، مذہبی، سماجی اور ثقافتی تفریق موجود ہے۔ اس اختلاف و تضاد کو کئی اندرونی اور بیرونی طاقتوں کی طرف سے امداد فراہم کی جاتی ہے تاکہ اجتماعی توانائی کو ناکارہ کیا جا سکے۔ اجتماعی قوت اور استعداد کو ضائع اور بے کار کرنے کا سب سے آسان طریقہ عوام کو غیر ضروری اور غیر منطقی مباحث میں مشغول رکھنا ہے۔ ہر وقت کسی غیبی امداد کے منتظر رہنے سے بہتر ہے اپنی ودیعت شدہ فطری عنایات کا بھرپور استعمال کیا جائے۔ ان فطری عنایات میں عقل سرفہرست ہے اور اس کے اظہار کا بنیادی وسیلہ زبان ہے۔ ہمارے معاشرے کے مختلف مقامات اور سطوحات میں استعمال ہونے والی زبان کا جائزہ لیں تو الفاظ کو فقط جذباتی کتھارسس کا ذریعہ سمجھ کر پیش کیا گیا ہے۔ معقول اور مدلل اظہار خیال کی بجائے جذبات اور محسوسات کے ذریعے نقطہ نظر واضح کرنے کی کوشش کی جاتی ہے اس سارے منظر نامے سے سیاسی، سماجی تعلیمی اور ثقافتی تناظرات کی حقیقت اور حیثیت کا قیاس کرنا مشکل نہیں ہے۔ چھوٹے پیمانے پر کیے جانے والے خاندانی اور دوستانہ مکالمے عقلی بنیادوں پر نرم زبان استعمال کرتے ہوئے کیے جائیں تو مسائل کے موثر حل کی جانب پہلا قدم ہوتے ہیں۔ ان ہی کی بدولت تعاون، احترام اور برداشت کی تربیت ہوتی ہے۔ منطقی سماجی مکالمہ معاشرے کی بہتری انسان کی شعوری اور اخلاقی ترقی کے لیے جزو لازم کی حیثیت رکھتا ہے روزمرہ گفتگو سے لے کر بڑے پیمانے پر ہونے والے مباحث اور تبادلہ خیال میں منطقی استدلال کو اپنا لیا جائے تو جذباتی ردعمل کی بجائے مسائل کی جڑ تک پہنچا جا سکتا ہے اور تعصبات سے پاک فیصلے کرنے کی صلاحیت سے جامع اور منصفانہ معاشرتی ڈھانچہ تشکیل پا سکتا ہے۔ زبان کا مثالی استعمال یعنی عقل و استدلال سے آراستہ موثر، بامعنی اور تعمیری گفتگو دور حاضر کی انتشاری کیفیت کو کافی حد تک قابو کر سکتی ہے۔

اوکسفورڈ والا مشورہ کس نے دیا ہے؟

بہت دنوں بعد نواز شریف متحرک نظر آئے۔ معاف کیجئے گا، فقرے میں متحرک کا لفظ غیر ارادی طور پر آ گیا، اسے حذف سمجھا جائے اور فقرے کو یوں پڑھا جائے کہ بہت دنوں بعد نواز شریف نظر آئے۔ ہاں، تو کہاں نظر آئے؟ مسلم لیگ ن کے اعلیٰ سطحی اجلاس میں نظر آئے۔ اخبارات میں جو خبر آئی، اس میں بتایا گیا کہ نواز شریف نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف کی ان کوششوں کو سراہا جو وہ عوام کو ریلیف دینے کیلئے کر رہے ہیں۔ حسب حال ایک شعر یاد آ گیا

بھشا بھوش بھوشن بشارا
ڈغاڈغ ڈگاڈگ ڈگر دھم ڈگارا

امید ہے آپ کو شعر کا مطلب سمجھ میں آ گیا ہو گا۔ ظاہر ہے، آپ نے پہلے فقرے، وہی ریلیف دینے کی کوششوں والے، کی سمجھ آ گئی تو یہ شعر تو پھر بھی اس سطر کے مقابلے میں کہیں آسان ہے اور اگر آپ کو اول الذکر فقرہ سمجھ میں نہیں آیا تو پھر شعر بھی آپ کے پلے نہیں پڑا ہوگا۔

مریم نواز کی حد تک تو بات پھر بھی قابل فہم ہے۔ مطلب یہ کہ قدرے قابل فہم۔ لیکن شہباز شریف کے ساتھ ریلیف کی کوششوں کو جوڑ کر نواز شریف نے چھوٹے بھائی کے ساتھ کچھ اچھا سلوک نہیں کیا۔ عوام کو ریلیف وغیرہ کی باتیں شہباز شریف کی افتاد طبع کے خلاف ہیں۔ کسی کی افتاد طبع کو طنز و مزاح کا نشانہ نہیں بنانا چاہیے۔ ویسے بھی شہباز شریف ان دنوں بہت مصروف ہیں، اپنے اور اپنے وی وی آئی پی ساتھیوں پر مراعات کی بارش کرنے اور ایلیٹ کلاس کیلئے قومی خزانے کے منہ کھولنے میں، ایسے مصروف آدمی کی توجہ ہٹانا ٹھیک بات نہیں اور یہ بتانے کی ضرورت نہیں وزیر خزانہ اورنگ زیب کا جوڑی دار بننے کے بعد شہباز شریف دو آتشہ ہو گئے ہیں۔ اورنگ زیب نے معاشی پالیسی کی ڈاکٹرائن ہی بدل دی ہے۔ رائج الوقت ڈاکٹرائن ہے کہ غربت ایک لعنت ہے، اس کا خاتمہ ضروری ہے۔ ہمارے موصوف کی ڈاکٹرائن کچھ یوں ہے کہ غریب ایک لعنت ہے، لعنت کا خاتمہ ضروری ہے۔

برسبیل وضاحت، اس ڈاکٹرائن کے مصنف

پرویز مشرف تھے، عمران خان نے اس ڈاکٹرائن میں اضافی حواشی لکھے اور اورنگ زیب اس کے ''مجدد'' کہلائے جا سکتے ہیں۔

آدمی کو غیر متوقع خوشی ملے تو آنکھوں میں آنسو آ جاتے ہیں، حد سے زیادہ دکھ اور تکلیف کا سامنا ہو تو بھی آنسو آ جاتے ہیں یعنی دکھ اور خوشی کے بیچ کا برزخ اتنا باریک ہے کہ عملاً رشتہ داری قائم ہو جاتی ہے۔

ایسا ہی معاملہ حس مزاح اور حس تکلیف رسانی کا بھی ہے۔ اب ملاحظہ فرمائیے، پچھلے ہفتے اعلان ہوا کہ بجلی کے بلوں میں اس ماہ بہت بڑا تاریخی ریلیف ملنے والا ہے جس سے عوام کو اتنی خوشحالی ملے گی کہ وہ سنبھال نہیں پائیں گے۔ اس اعلان کے دو روز بعد وہ تاریخی ریلیف آ گیا۔ یعنی ایک مہینے کیلئے بجلی کے نرخوں میں ایک روپے 90 پیسے فی یونٹ کی کر دی گئی اور اس کے بعد کی، داستان کچھ یوں ہوئی کہ اگلے ہی دن فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی ایک روپے 87 پیسے فی یونٹ مہنگی کر دی گئی۔

اب جمع تفریق کر لیجئے۔ فیول ایڈجسٹمنٹ کی منہائی کے بعد ریلیف کی مد میں تین پیسے فی یونٹ پھر بھی بچ گئے۔

گویا، آپ اگر 500 یونٹ بجلی ماہانہ استعمال کرتے ہیں تو آپ کو مبلغ پندرہ سو پیسے کی بچت ہو گی یعنی پندرہ روپے کی۔

اب آپ کی مرضی ہے کہ اس پندرہ روپے سے کوئی پلاٹ خرید لیں، قسطوں پر کار لے لیں، سولر پینل لگا لیں، انعامی بانڈ خرید لیں، سٹاک مارکیٹ میں شیئر خرید لیں یا عمرے پر نکل جائیں۔

حس تکلیف وہی اور حس مزاح کے بیچ کا برزخ آپ نے ملاحظہ فرما لیا۔

پی ٹی آئی کے رہنما رؤف حسن نے کہا ہے کہ دنیا کے بہت سے ممالک عمران خان کو رہا کرانے کیلئے بے چین ہیں لیکن وہ عمران خان کے اشارے کے منتظر ہیں۔

ایک فلمی سین یاد آ گیا۔ بڑ ہانکنے کے شوقین ایک نوجوان نے اپنے ساتھی سے کہا، مجھے روزانہ صدر کلنٹن (تب کلنٹن صدر تھے) کا دس بار فون آتا ہے مگر میں سنتا ہی نہیں۔ دوسرے نے مذاق اڑانے کے انداز میں پوچھا، کیوں نہیں سنتے؟ جواب دیا، میرے پاس وقت ہی نہیں ہوتا، اتنا مصروف ہوں۔

تو یہی ماجرا رؤف حسن کے ولولے کا ہے۔ دنیا کے بہت سے ملک (بہت سے کیا مراد ہے، سینکڑوں ملک، ہزاروں ملک؟۔ انصاف انسائیکلو پیڈیا کے حساب سے تو شاید لاکھوں ملک) تیار کھڑے ہیں کہ عمران خان کی رہائی کے لیکھ دار ادا کریں۔ کردار کیا ادا کریں، اڑن کھٹولہ بھیجیں اور خان کو اڑا کر لے جائیں لیکن کیا کریں، مجبور ہیں، جب تک خان اشارہ نہیں کرتے، وہ کچھ نہیں کر سکتے۔

اور خان اشارہ کیوں نہیں کرتے؟۔ خان کے پاس اشارہ کرنے کو وقت ہی کہاں، اتنے تو وہ مصروف ہیں۔ امت کی تقدیر بدلنے کیلئے رات دن منصوبہ سازی کرنے کے علاوہ

حیراں ہوں بکرا پھاڑوں کہ چیروں مرغ کو
میں والا معاملہ بھی تو در پیش رہتا ہے۔

غیر معتبر اور بے وثوق ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ مرشدانی ساحرانی ان دنوں یہ معلوم کرنے کی کوششیں کر رہی ہیں کہ خان کو اوکسفورڈ یونیورسٹی کی چانسلر شپ کا مشورہ کس نامہرباں نے دیا تھا۔

مشورے کا مقصد تو بظاہر نیک ہی تھا کہ دنیا بھر کو پتہ چلے گا کہ ایک ایسا شخص بھی یہ الیکشن لڑ سکتا ہے جو سوا ڈیڑھ سال سے جیل میں بند ہے اور یوں خان کی گرفتاری کا مسئلہ اجاگر ہوگا۔

لیکن اجاگر تو کچھ اور ہی چیزیں ہو گئیں۔ جن کارناموں کی زیادہ شہرت صرف اندرون پاکستان تھی، انہیں عالمگیر شہرت مل گئی توشہ خانہ سے لے کر ملک، اور عارف نقوی کی منی لانڈرنگ میں خان کی شراکت کی خبریں بحث میں آ گئیں، احتجاجی مظاہرے ہوئے۔ طالبان اور ٹی ٹی پی کی مددگاری خاص طور سے برطانیہ میں زیر بحث ہے پھر وہ فقرہ کہ خواتین نازیبا لباس پہنیں گی تو مردوں کا کیا قصور۔ ایسا ہی فقرہ مرشد اول مشرف نے کہا تھا کہ خواتین خود عصمت دری کرانے کی شوقین ہوتی ہیں۔

''دیس کا سکھ''

''شاہ زیب!''

اس کے منہ سے اتنا نکلا بس، شاہ زیب دیوانہ وار باپ سے لپٹ گیا۔

''ابا! ابا!''

وہ بلک بلک کر بچوں کی طرح رونے لگا۔ رقیہ بھی گرتی پڑتی بیٹے سے آ کر لپٹ گئی۔ ''شاہ زیب میرا پتر!، میرا شہزادہ! کہاں چلا گیا تھا تو؟ اپنی ماں کو چھوڑ کر کوئی ایسے جاتا ہے کیا؟ تجھے ذرا ترس نہیں آیا ماں باپ کا۔''

رقیہ پاگلوں طرح کبھی اس کا ہاتھ چوم رہی تھی، کبھی اس کا منہ۔ رقیہ اور فیاض کی حالت ایسی تھی، جیسے بھٹکتے ہوئے مسافر اچانک سے منزل کے قریب پہنچ جاتے ہیں۔ وہ ماں کی گود میں لیٹا تھا اور وہ بڑی محبت سے اس کے بالوں میں انگلیاں پھیر رہی تھی۔ ''میں ذلیل خوار ہوتا ہوا ایران پہنچا اور پھر ایران سے چھپتا چھپاتا جان بچاتا ترکی، مجھے ترکی سے لبنان پہنچنا تھا اور لبنان سے اٹلی۔ میں نے بہت دھکے کھائے کئی کئی دن میں بھوکا بھی رہا، لوگوں سے پیٹ بھرنے کے لیے بھیک بھی مانگی اور کام بھی؛ مگر وہاں کوئی میری بات سننے کو تیار ہی نہیں تھا۔ نہ زبان اپنی نہ لوگ۔ مجھے احساس ہو گیا تھا کہ میں نے اپنے وطن کی سکھ بھری زندگی کو لات مار کر بہت بڑی غلطی کی ہے، مگر اب میرے پاس واپسی کا کوئی راستہ نہیں تھا۔ میں باقی کے تارکین وطن کے ساتھ لبنان کی سرحد کراس کرنے والا تھا کہ ترک فوجی کی گولی میری ٹانگ میں لگ گئی۔ میں کچھ دن ہسپتال اور پھر جیل میں ڈال دیا گیا۔ میں نے بہت بار کوشش کی کہ گھر رابطہ کروں؛ مگر نہیں کر سکا۔ اماں مجھے معاف کر دینا! میں تیری بالیاں واپس نہیں لا سکا، تیرا کھا پتر پردیس جا کر بھی نکما ہی رہا۔''

وہ گود میں پڑا آنسو بہا رہا تھا۔

''ایسے نہ کہہ پتر!، آگے بتا، پھر آگے کیا ہوا؟''

''پھر میں تین سال جیل میں پڑا سڑتا رہا اور پرسوں ترک حکومت نے پاکستان کے یوم آزادی کے تحفے کے طور پر خیر سگالی جذبے کے تحت کچھ تارکین وطن پاکستانی قیدیوں کو پاکستانی سفارت خانے کے حوالے کیا۔ خوش قسمتی سے ان میں سے ایک میں بھی تھا۔ میں کل اسلام آباد پہنچا اور آج صبح کا اسلام آباد سے چلا رات گئے اپنے گاؤں پہنچ سکا۔ یہ ہے میری ترک وطن کی کہانی، جس کے ہر موڑ پر مجھے اپنا گاؤں، آپ دونوں اور...''

وہ چپ ہو گیا یکدم بولتا ہوا۔

تحریر
ماہم حامد (ڈیرہ غازی خان)

''رانیل کیسی ہے وہ ٹھیک تو ہے ناں؟''

وہ یکدم پوچھنے لگا۔

''ٹھیک ہے، تجھے بہت یاد کرتی ہے، مگر تین دن بعد اس کی شادی ہے۔ وہ شادی کی لیے نہیں مان رہی تھی، بڑی مشکل سے میں نے اور تمہارے ابا نے راضی کیا ہے اسے۔ ہمیں کیا پتا تھا تو لوٹ آئے گا، ورنہ ہم بھی اسے کسی دوسرے سے شادی کے لیے راضی نہ کرتے۔ تو اب اسے بھول جا بیٹا، وہ تیرے نصیب میں نہیں تھی۔ اب وہ کسی اور کی منگ ہے۔''

اماں کے یہ بات بتاتے ہی شاہ زیب کے چہرے کا رنگ اڑ گیا، اس نے گاؤں میں رہ کر بھلے رانیل کی محبت کی بھی قدر نہ کی ہو، مگر پردیس جا کر وہ ہر لمحہ اس کی محبت میں گھلتا رہا تھا۔

صبح ہوتے ہی پورا گاؤں شاہ زیب کو ملنے پہنچ گیا، سب آ گئے؛ مگر وہ نہ آئی جس کا راستہ وہ صبح سے دیکھ رہا تھا۔ شام ہو گئی اس کا دل گھبرانے لگا۔

''اماں! میں ماسی کے گھر ہو آؤں۔ میرا دل چاہ رہا ہے، چار سال ہو گئے مجھے وہاں گئے ہوئے۔''

''ہاں، ہاں چلا جا۔''

اماں کی بجائے ابا بولا اور فوراً ماسی کے گھر کی طرف چل دیا۔ ''ارے کیوں بھیج دیا وہاں اسے جانتے ہیں ناں رانیل کی منگنی ہو گئی ہے اور پرسوں شادی ہے اس کی۔ ایسے اس کا اس کے گھر جانا اس کے سسرال والوں کو ناگوار نہ گزرے۔''

رقیہ پریشانی سے بولی۔

''وہ کچھ نہیں ہوتا، وہ اس کی خالہ کا گھر بھی ہے۔''

فیاض نے جواب دیا۔ وہ ماسی کے گھر داخل ہوا تو ماسی اسے دیکھتے ہی واری صدقے جانے لگی۔ فوراً اس کے لیے لسی بنا لائی؛ مگر رانیل پھر بھی باہر نہ آئی۔ بالآخر شاہ زیب نے رانیل کے بارے میں پوچھ لیا۔

''وہ چھت پر ہے پتر، میں بلاتی ہوں اسے۔''

ماسی کراہتے ہوئے اٹھنے لگی؛ مگر شاہ زیب نے انہیں روک دیا۔ ''رہنے دیں خالہ آپ تنگ ہوں گی، میں خود ہی مل آتا ہوں اسے۔'' وہ یہ کہہ کر چھت پر چلا گیا۔ وہ ایک کونے میں زمین پر بیٹھی آسمان کو گھور رہی تھی۔ ''کیا دیکھ رہی ہو؟''

وہ اس کے قریب جا کر بولا۔

''کچھ نہیں بس اوپر والے کی طرف دیکھ رہی ہوں کہ میری محبت کے نصیب میں اتنی آزمائش کیوں۔ جب میں تمہاری تھی تو تم کھو گئے اور جب میں تمہاری نہ رہی تو تم فوراً لوٹ آئے۔ شاید اسے میرا تمہارے نام ہونا منظور ہی نہیں ہے۔''

وہ ٹھنڈی آہ بھرتے ہوئے بولی۔

''نہیں ایسا نہیں ہے، اسے تمہارا کسی اور کا ہونا نامنظور ہے، جبھی تو مجھے واپس لے آیا وہ۔ تم اپنے دل پر ہاتھ رکھ کر کہو، کیا تم میرے علاوہ کسی کی ہو سکتی ہو؟''

اس نے اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا اور رانیل کی آنکھوں سے موٹے موٹے آنسو گر کر اس کے گالوں پر پھسلنے لگے۔

''اب کچھ نہیں ہو سکتا چلے جاؤ یہاں سے۔ تمہیں تو بہت شوق تھا ناں بچھڑنے کا پردیس جانے کا۔ مبارک ہو تمہیں، ہم دیس میں رہتے ہوئے ایک دوسرے کے لیے پردیسی ہو گئے۔''

وہ روتے ہوئے بول رہی تھی۔

''ایسا مت کہو رانیل میں مر جاؤں گا۔''

''تم مر جاؤ گے اور میں مر چکی ہوں اور جانتے ہو میں کب مری۔ جب میرے سر پر تمہاری اور میری ماں نے مشتاق درزی کے بیٹے کے نام کی چنری ڈال دی۔ مجھے وہ چنری اپنی محبت کا کفن لگ رہی تھی۔''

وہ آنسو بہاتے ہوئے بولی۔

شمشاد اور صفیہ دور کھڑے دونوں کی باتیں سن چکے۔ صفیہ آگے بڑھنے لگی مگر شمشاد اس کا بازو پکڑ کر اسے واپس لے آیا اور وہ نیچے اترتے ہی مشتاق درزی کی دوکان پر چلا گیا اور ہاتھ جوڑ کر رشتے سے انکار کر آیا۔ کیونکہ پورا گاؤں جانتا تھا کہ رانیل چار سالوں سے کوئی رشتہ صرف شاہ زیب کے لیے قبول نہیں کر رہی تھی، اس لیے مشتاق درزی نے بھی اس کے انکار کا برا نہیں منایا۔ اور پھر سترہ اگست کو رانیل دلہن بن گئی، مشتاق درزی کے بیٹے کی نہیں؛ بلکہ چوہدری شاہ زیب کی۔ شاہ زیب کی زندگی میں سکھ ہی سکھ تھا۔ ماں باپ کی محبت، رانیل کی محبت اور وطن کی مٹی کی اپنائیت کی خوشبو، سب مل گیا تھا اسے اور اب اسے ان سب کی قدر بھی تھی؛ کیونکہ پردیس میں دھکے کھا کر وہ دیس کا سکھ جان چکا تھا۔

ویسے میری عمر 32 سال ہے لیکن مجھے آپی، باجی، بہنا، سسٹر سارے لفظ بہت اچھے ان سب لفظوں میں احترام اور محبت ہے۔

استغفار کی اہمیت، ہبہ اور تحائف احادیث نبوی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی روشنی میں!!

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے اللہ کے راستہ میں عمدہ گھوڑا دیا تو اس کے مالک نے اسے ضائع کر دیا میں نے گمان کیا کہ وہ اسے سستے داموں پر فروخت کرنے والا ہے تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے اس بارے میں سوال کیا تو آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا تو اسے مت خرید اور اپنے صدقہ میں مت لوٹ کیونکہ اپنے صدقہ میں لوٹنے والا ایسا ہے جیسا کہ کتا اپنی قے کی طرف لوٹتا ہے۔ حضرت مالک بن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی یہ حدیث ان اسناد سے مروی ہے اور اس میں اضافہ یہ ہے تو اسے مت خرید اگرچہ وہ تجھے ایک درہم ہی میں دیدے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو آدمی اپنے صدقہ کو لوٹاتا ہے اس کی مثال اس کتے کی سی ہے جو قے کرتا ہے پھر اپنی قے کو لوٹائے اور اسے کھا لے۔ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ اسے اس کے والد رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت میں لے کر حاضر ہوئے تو عرض کیا میں نے اپنے اس بیٹے کو اپنا ایک غلام ہبہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کیا تو نے اپنی تمام اولاد کو اسی طرح ہبہ کیا ہے اس نے کہا نہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا اس سے لوٹا لے۔ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ اس کی ماں بنت رواحہ نے اس کے باپ سے اس کے مال میں سے کچھ مال ہبہ کرنے کا سوال کیا۔ انہوں نے ایک سال تک التواء میں رکھا پھر اس کا ارادہ ہو گیا اس کی ماں نے کہا میں اس وقت تک راضی نہیں ہوں گی جب تک تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو میرے بیٹے کے ہبہ پر گواہ نہ بنا لے۔ تو میرے والد نے میرا ہاتھ پکڑا اور ان دنوں میں لڑکا تھا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ

تحریر
محمد اکرم چوہدری

وسلم کے پاس حاضر ہوئے اور عرض کیا اے اللہ کے رسول! اس کی ماں بنت رواحہ پسند کرتی ہے کہ میں آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو اس کے بیٹے کے ہبہ پر گواہ بناؤں۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا اے بشیر! کیا اس کے علاوہ بھی تیری اولاد ہے؟ انہوں نے کہا: انہوں نے کہا جی ہاں! آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کیا تو نے اسی طرح سب کو ہبہ کیا ہے؟ انہوں نے کہا: نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا تو مجھے گواہ مت بنا کیونکہ میں ظلم پر گواہی نہیں دیتا۔ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جس شخص کو اس کیلئے اور اس کے ورثاء کے لئے عمر بھر کے لئے ہبہ کی گئی تو یہ ہبہ اس کے لئے ہے جسے دیا گیا ہے۔ جس نے اسے دیا ہے اس کی طرف نہیں لوٹے گا کیونکہ اس نے ایسی عطا کی ہے جس میں وراثت جاری ہو گئی۔ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ تاعمر ہبہ جسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے جائز رکھا ہے یہ ہے کہ ہبہ کرنے والا کہے یہ تیرے لئے اور ورثاء کے لئے اور جب اس نے یہ کہا کہ تیری زندگی میں تیرے لئے ہے تو پھر وہ چیز اپنے اصل مالک کی طرف لوٹ جائے گی۔ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت ہے اور وہ حضرت عبداللہ کے بیٹے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اس آدمی کے بارے میں فیصلہ فرمایا جسے اس کے لئے اور اس کے ورثاء کے لئے تاعمر ہبہ کیا گیا وہ یقینی طور پر اسی کے لئے ہے ہبہ کرنے والے کے لئے اس میں شرط لگانا اور استثنیٰ کرنا جائز نہیں۔ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا تاعمر ہبہ اس کے لئے ہے جس کو ہبہ کیا گیا ہو۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ مدینہ میں ایک عورت نے اپنا باغ اپنے بیٹے کو ہبہ کیا پھر وہ فوت ہو گیا اور اس کے بعد وہ عورت بھی فوت ہو گئی اور اولاد چھوڑی جو اس مرنے والے کے بیٹے اور بھائی تھے جو عمر ہبہ کرنے والی عورت کے بیٹے تھے تو ہبہ کرنے والی عورت کی اولاد نے کہا باغ ہماری طرف لوٹ آیا اور جسے عمر بھر کے لئے ہبہ کیا گیا اس کے بیٹے نے کہا بلکہ یہ ہمارے باپ ہی کے لئے ہے اس کی زندگی اور موت میں انہوں نے حضرت طارق کے پاس اپنا جھگڑا پیش کیا جو حضرت عثمان کے آزاد کردہ غلام تھے تو انہوں نے حضرت جابرؓ کو بلوایا تو انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے قول پر گواہی دیتے ہوئے کہا کہ یہ باغ اسی کا ہے جسے تاعمر کے لئے ہبہ کیا گیا ہے تو طارق نے اسی پر فیصلہ کر دیا پھر عبدالملک کو لکھ کر اس کی خبر دی اور اسے حضرت جابرؓ کی شہادت و گواہی کی بھی خبر دی تو عبدالملک نے کہا جابر نے سچ کہا ہے طارق نے اس کے مطابق حکم جاری کر دیا۔ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا تاعمر ہبہ کرنا جائز ہے۔

عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم ایک مجلس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے سو بار: اے میرے رب! مجھے بخش دے، میری توبہ قبول کر، تو ہی توبہ قبول کرنے والا اور رحم فرمانے والا ہے کہنے کو شمار کرتے تھے۔ عبدالعزیز بن صہیب کہتے ہیں کہ قتادہ نے انسؓ سے پوچھا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کون سی دعا زیادہ مانگا کرتے تھے؟

پی ایس ایل کی طرز پر پاکستان کی پہلی فرنچائز والی بال لیگ منعقد کرنے جا رہے ہیں: چوہدری محمد یعقوب

15 دسمبر سے شروع ہونے والی لیگ میں شہروں کے ناموں سے 6 ٹیمیں شامل ہوں گی، ہر ٹیم دو انٹرنیشنل کھلاڑی کھلا سکے گی، ڈیک اپ کے طور پر جونیئر کھلاڑیوں کو ٹرینڈ کر رہے ہیں، کوچ سعید احمد کی زیر نگرانی جونیئر ٹیم انٹرنیشنل سطح پر شاندار پرفارمنس دے رہی ہے

لاہور (رپورٹ: محمد بابر) پاکستان میں پہلی بار پی ایس ایل کی طرز پر فرنچائز والی بال لیگ شروع کرنے جا رہے ہیں جس میں شائقین نیشنل اور انٹرنیشنل کھلاڑیوں کو ایکشن میں دیکھ سکیں گے۔ انٹرنیشنل سطح کی اس لیگ میں والی بال کا ٹیلنٹ نہ صرف متعارف ہوگا بلکہ یہ لیگ کھلاڑیوں کو مالی طور پر مستحکم کرنے میں بھی فائدہ مند ثابت ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان والی بال فیڈریشن کے چیئرمین اور سابق آئی جی پولیس چوہدری محمد یعقوب نے پاکستان سپورٹس جرنلسٹس فیڈریشن کے صدر محمد اقبال ہارپر کی قیادت میں سیکرٹری محمد بابر، سیکرٹری فنانس عبدالقیوم پر مشتمل وفد سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ چوہدری محمد یعقوب نے والی بال لیگ کے حوالے سے بتایا کہ انشاء اللہ اس سال دسمبر میں یہ لیگ شروع ہوگی اور تقریباً تین ہفتے جاری رہیگی۔ فرنچائز کی طرز پر 6 شہروں کے ناموں سے چھ ٹیمیں تشکیل دی جائیں گی جن کے ڈبل لیگ کی بنیاد ہر میچز ہوں گے۔ ہر ٹیم دو انٹرنیشنل کھلاڑی ایک وقت میں کھلا سکتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس لیگ سے کھلاڑیوں کیلئے نئی راہیں کھلیں گی۔ پاکستان اس وقت ایشیاء میں پانچویں نمبر پر اور چیلنج کپ میں دوسرے نمبر پر ہے۔ اسوقت ہماری سینئر اور جونئر ٹیم میں ٹاپ کلاس کھلاڑی شامل ہیں۔ حالیہ انٹرنیشنل مقابلوں میں جونئر ٹیم نے شاندار پرفارمنس دی ہے اور پاکستان نے آئیندہ جونئر انڈر 18 ورلڈ کپ کیلئے کوالیفائی کر لیا ہے بعد میں انڈر 19 کیلئے پروموٹ ہو جائیں گے۔ جونیئر ٹیم کے کوچ سعید احمد نے کھلاڑیوں کی بھرپور ٹریننگ کی جس کی بدولت جونیئر ٹیم انٹرنیشنل مقابلوں میں شاندار پرفارمنس دے رہی ہے۔ ورلڈ کپ کیلئے کوالیفائی کرنا ایک اعزاز سے کم نہیں۔ پاکستان میں والی بال کے ٹیلنٹ کی تلاش کے حوالے سے پوچھے گئے سوال کے جواب میں چوہدری محمد یعقوب نے بتایا کہ ہم ملک بھر میں ریجنل کی سطح پر ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام دوبارہ شروع کر رہے ہیں ہر ریجن میں 20 کھلاڑی ریجنل کیمپ میں شریک ہوں گے ہر ریجن کا اپنا ٹریننگ کیمپ ہوگا اس کے بعد انٹر ریجنز مقابلے کروائے جائیں گے۔ ان مقابلوں کے اختتام پر منتخب کردہ کھلاڑیوں کو قومی ٹیم کی تیاری کیلئے قومی تربیتی کیمپ میں شامل کیا جائے گا۔ ٹریننگ کیمپس کے اخراجات کے حوالے سے پوچھے گئے سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہم فی الحال دستیاب سپانسرز کے ذریعے اخراجات پورے کر رہے ہیں۔ لیکن اگر پاکستان اسپورٹس بورڈ ہمارے تربیتی کیمپوں کے اخراجات، کھلاڑیوں کی رہائش و کھانے پینے کا اخراجات کے ساتھ ساتھ قومی ٹیم کے غیر ملکی دوروں کے اخراجات میں اگر تھوڑا بہت شیئر کر دیا کرے تو ہمارے لئے بہت آسانی ہو جائے گی۔ دوسری طرف پاکستان سپورٹس بورڈ سے یہ بھی ہماری گزارش ہے کہ قومی ٹیموں کے غیر ملکی دوروں کیلئے این او سی جاری کرنے کے ایک طویل اور تکلیف دہ پراسس کو آسان کرے۔ پوری دنیا میں قومی ٹیموں کو این او سی دینے کے حوالے سے ایسا کوئی قانون نہیں ہے۔ باقی ہم اپنے کھلاڑیوں کو تمام تر سہولتوں کی فراہمی کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہیں۔ اس وقت پاکستان والی بال ٹیم کی انٹرنیشنل سطح پر صورت حال بہت بہتر ہے ہم نے غیر ملکی کوچ 5 ہزار ڈالر ماہانہ پر رکھا تھا حالیہ انٹرنیشنل مقابلوں میں پاکستان نے کوریا جیسی والی بال کی مضبوط ٹیم کو شکست دی تو کوریا کی والی بال فیڈریشن نے یہی ہمارے کوچ کو ڈبل معاوضے پر اور دیگر سہولتوں کا لالچ دے کے ہائر کر لیا۔ کیونکہ ہم اتنا زیادہ معاوضہ نہیں دے سکتے۔ اسی لیئے اب ہم ساتھ ساتھ پاکستانی کوچز کو بھی ٹرینڈ کر رہے الحمدللہ اس وقت ہمارے پاس آٹھ کے قریب کوالیفائیڈ کوچز کا پینل ہے۔ اور سب سے اہم ویڈیو اینالسٹ بھی تیار کیے ہیں جو ہائی ایجوکیشن کے علاوہ آئی ٹی شعبہ کے بھی ماہر ہیں جو ہر کھلاڑی کی پرفارمنس کو مانیٹر کریں گے اور ان کی رپورٹ کی روشنی میں کوچز کھلاڑیوں کی بھرپور تربیت اور رہنمائی کر سکیں گے۔ ہم نے اپنے کوچز کی ٹیم جو تیار کی ہے وہ ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام میں کھلاڑیوں کی بھرپور تربیت کریں گے۔ چوہدری محمد یعقوب نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان والی بال کا کھیل ترقی کی جانب چل پڑا ہے انشاء اللہ اب کھلاڑیوں کی بھرپور پرفارمنس کی صورت میں قوم کو خوشخبریاں ملیں گی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اسی طرح ویمن ٹیم کی بھی تیاری کی جا※ گی۔ ایک سوال کے جواب میں چوہدری محمد یعقوب نے بتایا کہ ورلڈ والی بال فیڈریشن کا اگلا اجلاس پرتگال میں ہو رہا ہے اجلاس میں یہ مسئلہ ضرور اٹھاؤں گا کہ ایشین گیمز کی پرفارمنس کو ورلڈ رینکنگ میں شامل کیا جائے اس سے ہمارے کھلاڑیوں اور ٹیم کی رینکنگ بہتر ہوگی۔

لاہور: پاکستان والی بال فیڈریشن کے چیئرمین اور سابق آئی جی پولیس چوہدری محمد یعقوب گفتگو کرتے ہوئے

ابوظہبی: ایشین جونیئر باکسنگ چیمپئن شپ، پاکستان کی عائشہ ممتاز سیمی فائنل میں پہنچ گئیں

ابوظہبی (سپورٹس ڈیسک) یو اے ای کے شہر ابوظہبی میں ایشین جونیئر باکسنگ چیمپئن شپ جاری ہے، جس میں پاکستان کی عائشہ ممتاز نے سیمی فائنل میں جگہ بنالی۔ عائشہ ممتاز کے سیمی فائنل میں پہنچنے پر ایشین جونیئر چیمپئن شپ میں پاکستان کا میڈل یقینی ہو گیا ہے۔ چیمپئن شپ کے سیمی فائنل میں عائشہ ممتاز بھارتی کھلاڑی کے مدمقابل آئیں گی۔

آئی سی سی نے ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے فائنل کی تاریخ اور وینیو کا اعلان کر دیا

لاہور (شیروز میاں سے) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے فائنل کی تاریخ اور وینیو کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ فائنل 11 سے 15 جون 2025 کو لارڈز میں کھیلا جائے گا۔ کھیلوں کی ویب سائٹ کرک انفو کی رپورٹ کے مطابق ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے فائنل کے لیے اس وقت آسٹریلیا اور بھارت سب سے مضبوط امیدوار تصور کیے جا رہے ہیں کیوں کہ دونوں ہی اس وقت پوائنٹس ٹیبل پر سرفہرست ہیں۔ آئی سی سی کے مطابق ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں بھارت 52.68 پوائنٹس کے ساتھ پہلے اور آسٹریلیا 50.62 پوائنٹس کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہے۔

انگلینڈ کیخلاف سیریز سے قبل کھلاڑیوں کے ساتھ کوئی نرمی نہ برتنے کا فیصلہ

راولپنڈی (سپورٹس ڈیسک) بنگلا دیش ٹیم نے بہترین کارکردگی دکھا کر پاکستان کرکٹ کے پورے نظام پر ہی بجلی گرادی ہے۔ چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے سربراہ محسن نقوی جو سرجری نہ کر سکے، وہ مہمان ٹیم کر کے اپنے گھر روانہ ہوگئی۔ پی سی بی کے ساتھ اب کرکٹرز بھی پریشان ہیں کہ 3 سالوں سے مسلسل ٹیسٹ میچز میں شکست کو فتح میں کیسے بدلا جائے اس ضمن میں خراب کارکردگی سے تنقید کا نشانہ بننے والے کرکٹ بورڈ حکام نے انگلینڈ کے خلاف سیریز سے پہلے پی سی بی نے کھلاڑیوں کے ساتھ کوئی نرمی نہ برتنے کا فیصلہ کیا ہے۔ قوم ٹیم کیلئے 7 اور 9 ستمبر کو لاہور میں فٹنس ٹیسٹ بھی پلان کیے گئے ہیں، جس میں سینٹرل کنٹریکٹ کی فہرست میں شامل وہ تمام کرکٹرز حصہ لیں گے جن کے چیمپئنز ون ڈے کپ سے پہلے ریجنز کی طرف سے فٹنس ٹیسٹ نہیں ہو سکے۔ ذرائع کے مطابق پی سی بی انگلینڈ کے خلاف سیریز سے پہلے نئے سینٹرل کنٹریکٹس کا اعلان کرنا چاہتا ہے۔ سینٹرل کنٹریکٹ کی فیسوں میں کوئی اضافہ نہیں کیا جا رہا، فٹنس ٹیسٹ رپورٹ اور پرفارمنس کی بنیاد پر کھلاڑیوں کی کیٹگریز میں ردوبدل ہوگا۔ بنگلا دیش جیسی آسان ٹیم سے بھی گھر پر ہارنے کے بعد قومی کرکٹرز پریشان ہیں کہ وہ پرفارمنس میں بہتری لانے کیلئے کیا کریں۔

بنگلا دیش سے تاریخی شکست؛ پاکستانی ٹیم نے 69 سالہ تاریخ پلٹ دی

راولپنڈی میں کھیلے گئے 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز کے پہلے میچ میں پاکستان کو 10 وکٹوں جبکہ دوسرے میں 6 وکٹوں کی شکست کا منہ دیکھنا پڑا

واضح رہے کہ سال 1962 سے 1969 کے دوران ہوم گراؤنڈ پر 9 ٹیسٹ میچز میں پاکستان فتح سے محروم رہا تھا

راولپنڈی (سپورٹس ڈیسک) پاکستان نے بنگلا دیش کیخلاف ہوم گراؤنڈ پر مسلسل 10 ٹیسٹ میں کوئی فتح نہ سمیٹ کر ایک اور ناپسندیدہ ریکارڈ بھی بنا ڈالا۔ راولپنڈی میں کھیلے گئے 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز کے پہلے میچ میں پاکستان کو 10 وکٹوں جبکہ دوسرے میں 6 وکٹوں کی شکست کا منہ دیکھنا پڑا۔ بنگلا دیش نے ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ میں پہلی بار پاکستان مسلسل ابتدائی 2 میچز میں شکست دی جبکہ پہلی بار پاکستان بنگلا دیش سے کوئی ٹیسٹ میچ ہارا۔ اسی طرح یہ بھی پہلی بار ہے کہ پاکستان لگاتار ہوم گراؤنڈ پر 10 ٹیسٹ میچز میں کوئی ایک بھی فتح نہ سمیٹ سکا ہو۔ پاکستانی ٹیم سال 2022 سے ہوم گراؤنڈ پر بھی ٹیسٹ سیریز تو دور میچ بھی جیتنے میں کامیاب نہ ہو سکی۔ 2022 میں آسٹریلیا نے پاکستان کو 0-1 سے سیریز میں شکست دی، بعد ازاں انگلینڈ نے پاکستان کو ہوم گراؤنڈ پر 0-3 سے شکست دیکر تاریخ رقم کی۔ سال 2022 میں ہی پاکستان نے نیوزی لینڈ کی سی ٹیم کیساتھ ٹیسٹ میچز کی سیریز ڈرا کی اور فتح کو ترستی رہی۔ واضح رہے کہ سال 1962 سے 1969 کے دوران ہوم گراؤنڈ پر 9 ٹیسٹ میچز میں پاکستان فتح سے محروم رہا تھا۔

یوگنڈا کی ایتھلیٹ ریبیکا چیپٹگی کو سابق بوائے فرینڈ نے آگ لگا دی

کمپالا (ویب ڈیسک) پیرس اولمپک میں یوگنڈا کی نمائندگی کرنیوالی ایتھلیٹ ریبیکا چیپٹگی کو سابق بوائے فرینڈ نے پیٹرول چھڑک کر آگ لگا دی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ 33 سالہ میراتھن رنر ریبیکا کا جسم 75 فیصد سے زیادہ جھلس گیا ہے، واقعے کے وقت ریبیکا گھر میں ٹریننگ کر رہی تھیں جب سابق بوائے فرینڈ نے ریبیکا پر مبینہ طور پر پیٹرول چھڑک کر آگ لگائی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق خاتون ایتھلیٹ ہسپتال میں داخل ہیں اور ان کی حالت تشویشناک ہے۔ واضح رہے کہ کینیا میں خواتین کھلاڑیوں کے خلاف تشدد کے بڑھتے ہوئے واقعات پر تشویش پائی جاتی ہے ان میں کئی خواتین جان کی بازی ہار چکی ہیں۔

ساف انڈر 17 چیمپئن شپ 2024 کیلئے ممکنہ کھلاڑیوں کا اعلان

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) پاکستان فٹبال فیڈریشن (پی ایف ایف) نے ساف انڈر 17 چیمپئن شپ 2024 کیلئے ممکنہ کھلاڑیوں کا اعلان کر دیا۔ ساف انڈر 17 چیمپئن شپ 20 سے 30 ستمبر تک تھمپو میں کھیلی جائے گی، سجاد محمود ہیڈ کوچ، حسن بلوچ انکے معاون ہونگے۔ قومی ٹیم اپنی مہم کا آغاز نیپال کے خلاف 21 ستمبر کو کریگی جبکہ 23 ستمبر کو میزبان بھوٹان اور 25 ستمبر کو سری لنکا کے مدمقابل ہونگے۔ مڈفیلڈرز میں عبدالصمد، محمد فراز، فرہاد، ہارون رشید، حکمت اللہ، خبیب خان، ایم شہاب احمد اور محمد خان شامل ہیں جبکہ ڈیفینڈرز میں عبدالرحمان، محمد حسنین سلیم، نجیم خان، سمیر احمد، عبید اللہ خان، ماجد علی، سید محمد عابس رضا اور عمر جاوید شامل کیے گئے ہیں۔

ہسپانوی فٹبال لیگ: ریال میڈرڈ نے ریال بیٹس کو 0-2 سے ہرا دیا

میڈرڈ (ویب ڈیسک) ہسپانوی فٹ بال لیگ لالیگا میں ریال میڈرڈ کی ٹیم نے ریال بیٹس کو ہرا دیا۔ سپینش لالیگا کے دلچسپ مقابلوں کا سلسلہ سپین میں جاری ہے، سپین کے دارالحکومت میڈرڈ کے سینٹیاگو برنابیو میں کھیلے گئے میچ میں ریال میڈرڈ اور ریال بیٹس کی ٹیمیں آمنے سامنے تھیں، جس کے پہلے ہاف پر کوئی ٹیم گول نہیں کر سکی۔ دوسرے ہاف میں ریال میڈرڈ قدرے بہتر کھیل پیش کرتے ہوئے ریال بیٹس پر حاوی ہوگئی، کیلین ایمباپے نے میچ کے 67 ویں منٹ میں گول کر کے اپنی ٹیم کو ریال بیٹس کے خلاف 0-1 گول کی برتری دلا دی۔

پاکستان کرکٹ ٹیم کو تاریخی شکست دیکر بنگلا دیشی ٹیم وطن واپس روانہ

کراچی (این این آئی) پاکستان کے خلاف ٹیسٹ سیریز کی تاریخی فاتح بنگلا دیشی ٹیم اور آفیشل کراچی ایئر پورٹ سے دو مختلف پروازوں سے وطن واپس روانہ ہوگئے۔ بنگلا دیشی ٹیم کے کھلاڑی اور آفیشل رات گئے اسلام آباد سے کراچی پہنچے۔ انہوں نے گزشتہ رات کراچی کے ہوٹل میں قیام کیا۔ وطن واپس جانے والی فاتح ٹیم کو سخت سیکیورٹی میں کراچی ایئر پورٹ پہنچا دیا گیا۔ ٹیم اور آفیشل کراچی سے دبئی اور دوحہ کے راستے دو مختلف پروازوں سے بنگلا دیش پہنچیں گے۔

چیمپئنز ون ڈے کپ: سرفراز احمد ڈولفنز کے مینٹور مقرر

وقت کے ساتھ سب ہو جائے گا، ابھی مجھے لگتا ہے کہ میں کھیل سکتا ہوں، سرفراز احمد

لاہور (شیروز میاں سے) چیمپئنز ون ڈے کپ کے لیے سابق کپتان سرفراز احمد کو ڈولفنز کا مینٹور مقرر کر دیا گیا۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے سرفراز احمد نے کہا ہے کہ کوشش ہوگی کہ اچھے پلیئرز سامنے لائیں جو پاکستان کی نمائندگی کر سکیں۔ سرفراز احمد کا کہنا ہے کہ میں پاکستان ٹیم کے لیے دستیاب ہوں گا، ڈومیسٹک میں جب ڈیوٹی ہوگی وہ انجام دوں گا۔ انہوں نے کہا کہ ڈومیسٹک کرکٹ کے لیے بھی میں دستیاب ہوں، میں مینٹور کے ساتھ کھیلتا ہوا بھی دکھائی دوں گا۔ سابق کپتان کا کہنا ہے کہ میں نے ورکنگ کے بعد ٹیم کا انتخاب کیا ہے، انڈر 19 کھلاڑیوں کی ڈیولپمنٹ کریں گے، وقت کے ساتھ سب ہو جائے گا، ابھی مجھے لگتا ہے کہ میں کھیل سکتا ہوں، جب تک کھیل سکتا ہوں کھیلتا رہوں گا۔ ڈولفنز کے مینٹور نے کہا کہ میرے لیے یہ ایک سیکھنے کا مرحلہ ہے، میں کھلاڑی کے ساتھ ساتھ رہ کر سیکھوں گا، اپنے تجربے سے ہم اچھے پلیئرز سامنے لانے کی کوشش کریں گے۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ عمر اکمل اور احمد شہزاد باصلاحیت کھلاڑی ہیں۔



دوسری شادی پر دھمکیاں، دانیہ شاہ اور شوہر نے سرکاری سیکیورٹی مانگ لی



ملتان (شوبز ڈیسک) پاکستان کے معروف ٹی وی میزبان مرحوم ڈاکٹر عامر لیاقت حسین کی سابقہ اہلیہ دانیہ شاہ کو دوسری شادی کرنے پر سنگین نتائج کی دھمکیاں ملنے لگیں جس کے بعد دانیہ اور اُن کے شوہر حکیم شہزاد نے سرکاری سیکیورٹی مانگ لی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ملتان ہائی کورٹ بنچ کے جسٹس عاصم حفیظ نے دانیہ شاہ اور ان کے موجودہ شوہر حکیم شہزاد احمد کی سیکیورٹی فراہمی کے لیے دائر درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار نے کہا کہ انٹرنیشنل نمبرز سے کال کر کے دانیہ شاہ کو دوسری شادی پر سنگین نتائج کی دھمکیاں دی گئیں، متعلقہ تمام اداروں نے رپورٹ بھی لکھ کر دی کہ انہیں سیکیورٹی فراہم کی جائے مگر ابھی تک انہیں سیکیورٹی فراہم نہیں کی گئی ہے۔ سماعت کے دوران، درخواست گزار نے کہا کہ ہوم سیکرٹری پنجاب کو درخواست دی کہ انہیں سیکیورٹی فراہم کی جائے جس کے اخراجات بھی وہ ادا کرنے کے لیے تیار ہیں۔ درخواست گزار کے مطابق حکیم شہزاد کو دھمکی دی گئی کہ وہ فوری دانیہ شاہ کو طلاق دیں اور اگر ایسا نہیں کیا گیا تو انہیں گولی مار دی جائے گی۔ درخواست گزار نے مزید کہا کہ دانیہ شاہ نے پہلی شادی معروف مذہبی اسکالر عامر لیاقت حسین سے کی تھی، اُن کی وفات کے بعد عدت مکمل ہونے پر دانیہ شاہ نے دوسری شادی حکیم شہزاد احمد سے کی اور اب وہ اپنے شوہر کے ساتھ شجاع آباد کے نواحی علاقے شاہ پور میں مقیم ہیں۔

آئی سی 814 سیریز پر نیٹ فلکس کا جواب، 'ایمرجنسی' کی ریلیز رُک گئی؟

نیٹ فلکس انڈیا نے مرکزی حکومت کو یقین دہانی کروائی ہے کہ مستقبل میں ان کا مواد انڈیا کی عوام کے جذبات کے عین مطابق ہوگا۔ این ڈی ٹی وی کے مطابق یہ ضمانت اس وقت سامنے آئی ہے جب ویب سیریز 'آئی سی 814 قندھار ہائی جیک' پر تنازع کھڑا ہوا تھا۔ نیٹ فلکس پر ریلیز ہونے والی یہ سیریز 1999 میں انڈین ایئر لائن کی ہائی جیک کی گئی فلائٹ آئی سی 814 کے واقعات کے گرد گھومتی ہے۔ س ویب سیریز میں اغوا کاروں کے اصلی ناموں کے بجائے فرضی نام استعمال کیے گئے تھے جس کی وجہ سے عوام کی جانب سے سیریز کے تخلیق کاروں کو تنقید کا نشانہ بنایا جا رہا تھا۔ ویب سیریز تنقید کرنے والوں کی جانب سے موقف اپنایا گیا تھا کہ ویب سیریز میں اغوا کاروں کے اصل ناموں کے بجائے ان کے فرضی نام (جو ہندو نام ہیں) استعمال کیے گئے ہیں جس کے باعث نہ کہ صرف اس واقعے کے تاریخی پس منظر کو تبدیل کرنے کی کوشش کی گئی ہے بلکہ اس سے عوامی جذبات بھی مجروح ہوتے ہیں۔ خبر کے مطابق دوسری طرف اداکارہ سے سیاست دان بننے والی کنگنا رناوت کی آنے فلم 'ایمرجنسی' کی اب کڑی چھان بین کی جائے گی۔ 'ایمرجنسی' فلم سنہ 1975 سے 1977 کے دوران انڈیا پر لاگو کی گئی ایمرجنسی کے واقعات کے گرد گھومتی ہے اور اس فلم میں اندرا گاندھی کا کردار کنگنا رناوت نبھا رہی ہیں۔

ہانیہ عامر کی بھارت میں مقبولیت، بھارتی صحافی نے انٹرویو کیلئے وقت مانگ لیا

کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی ڈمپل گرل ہانیہ عامر کی مقبولیت نہ صرف پاکستان بلکہ پڑوسی ملک بھارت میں بھی خوب ہے جس کا اندازہ ایک حالیہ تبصرے سے لگایا جا سکتا ہے۔ بھارت کی معروف انٹرنیٹ شخصیت اور صحافی فریدون شہریار نے حال ہی میں پاکستانی اداکارہ ہانیہ عامر کا انٹرویو لینے کی خواہش ظاہر کی ہے، انہوں نے بالی ووڈ کے کئی سپر ہٹ اداکاروں کا انٹرویو کیا ہے۔ فریدون شہریار نے ہانیہ عامر کی پوسٹ پر کمنٹ کرتے ہوئے اُن کے اے آر وائی ڈیجیٹل پر نشر ہونے والے ڈرامہ سیریل 'کبھی میں کبھی تم' میں اُن کی اداکاری کی تعریف کی۔ ساتھ ہی بھارتی صحافی نے ہانیہ عامر سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ ''میں نے آپ کے ساتھ انٹرویو کرنا ہے، برائے مہربانی بتائیں کہ یہ کس طرح ممکن ہو سکتا ہے''۔

طلاق کی خبریں: ایشوریا رائے بیٹی کے ہمراہ سسرال پہنچ گئیں، ویڈیو وائرل

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ اداکارہ ایشوریا رائے کو بیٹی آرادھیا کے ہمراہ ابھیشیک بچن کے گھر جلسہ میں دیکھا گیا جس کی ویڈیو اور تصاویر بھی بھارتی میڈیا پر وائرل ہیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق ممبئی میں موجود فوٹو گرافرز کے کیمروں نے ایشوریا اور آرادھیا کے بچن ہاؤس (جلسہ) پہنچنے کے لمحات عکس بند کر لیے، بعد ازاں ان ویڈیوز اور تصاویر کو سوشل میڈیا پر تیزی سے شیئر کیا جاتا رہا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ویڈیو گزشتہ روز کی ہے جس میں ایشوریا اور آرادھیا کو جلسہ ہاؤس کے باہر اپنی گاڑی سے نکلتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے، ویڈیو میں آرادھیا کو اسکول یونیفارم میں اور ایشوریا کو گرین سوٹ پہنے دیکھا گیا ہے۔

سوناکشی سنہا کی آنے والی فلم ''تو ہے میری کرن'' کو بڑی رکاوٹ کا سامنا

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کی معروف اداکارہ سوناکشی سنہا کی آئندہ ریلیز ہونے والی فلم 'تو ہے میری کرن' کی نمائش میں بڑی رکاوٹ آڑے آ گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق 'تو ہے میری کرن' میں سوناکشی سنہا اپنے شوہر و اداکار ظہیر اقبال کے ساتھ مرکزی کردار میں نظر آئیں گی لیکن اب اس کی ریلیز کو قانونی رکاوٹ کا سامنا ہے۔ دراصل ایڈ لیبز فلم نے 'تو ہے میری کرن' کے فلمسازوں پر اپنی فلموں 'کالز' (2011) اور 'کال' (2019) کے کاپی رائٹس کی خلاف ورزی کا الزام لگایا ہے۔ ایڈ لیبز فلم نے فلم کے پروڈیوسر وشال رانا اور ایکپیلون پروڈکشنز کے خلاف شکایت درج کروائی ہے جس میں الزام لگایا گیا ہے کہ بالی وڈ فلم ان کی اصل فلموں کے کاپی رائٹ کی خلاف ورزی کرتی ہے۔ ماضی میں ایڈ لیبز فلم نے ایکپیلون پروڈکشنز کو قانونی نوٹس بھیجا تھا اور اب کمپنی نے انڈین فلم اینڈ ٹیلی ویژن پروڈیوسرز کونسل (IFTPC) میں شکایت درج کر کے معاملے کو بڑھا دیا ہے۔

شوبز انڈسٹری میں جگہ بنانے کیلئے تعلقات کا ہونا ضروری نہیں: سونیا حسین

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ سونیا حسین نے شوبز انڈسٹری میں اقربا پروری جیسے عوامل کی موجودگی سے انکار کر دیا۔ حال ہی میں اداکارہ سونیا حسین ساتھی اداکارہ و میزبان اشنا شاہ کے پروگرام میں بطور مہمان شریک ہوئیں جہاں انہوں مختلف موضوعات پر تبادلہ خیال کیا۔ دوران انٹرویو انہوں نے بیشتر فنکاروں کی جانب سے کام نہ ملنے یا پھر لیڈ رول نہ ملنے کی شکایات کو بے سبب قرار دیا۔ سونیا حسین نے کہا ہے کہ انڈسٹری میں جگہ بنانے کے لیے تعلقات کا ہونا ضروری نہیں یہ سب بہانے ہیں آپ کو اپنا کام آنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ انڈسٹری میں فیورٹ ازم ضرور ہے لیکن مجھے نہیں لگتا کہ انڈسٹری میں اقربا پروری جیسی کوئی چیز ہے یا پھر صرف گورے رنگ کو فوقیت دی جاتی ہے بلکہ جو کام کرنا جانتا ہے وہ اپنی جگہ اپنے کام کی بنیاد پر بنا سکتا ہے۔ اداکارہ کا کہنا ہے کہ لوگ صرف بہانے بناتے ہیں کہ کام نہیں مل رہا، انڈسٹری میں اقربا پروری کی بنیاد پر کام دیا جاتا ہے یا پھر صرف گورے رنگ کو ترجیح دی جاتی ہے۔

ماہرہ خان کی "لیلیٰ او لیلیٰ" پر جلوے بکھیرنے کی ویڈیو وائرل

لاہور (شوبز ڈیسک) سپر اسٹار" اداکارہ ماہرہ خان اور ان کے ساتھیوں کی جانب سے بھارتی گانے "لیلیٰ او لیلیٰ" پر جلوے بکھیرنے کی ویڈیو وائرل ہوگئی۔ وائرل ہونے والی ویڈیو کو ماہرہ خان نے اپنے انسٹاگرام پر شیئر کیا تھا، جہاں سے اسے دوسرے شوبز سوشل میڈیا پیجز نے بھی شیئر کیا۔ مختصر ویڈیو میں اداکارہ اور ان کے ساتھیوں کو مختلف انداز میں جلوے بکھیرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ وائرل ویڈیو کے اختتام پر ماہرہ خان جلوے بکھیرتی دکھائی دیتی ہیں اور ان کی جانب سے ادائیں دکھانے کو صارفین نے قاتلانہ قرار دیا۔ اداکارہ نے جہاں بولڈ لباس میں جلوے بکھیرے، وہیں انہوں نے دیسی انداز میں ٹھمکا لگا کر قاتلانہ ادائیں دکھا کر میلا لوٹا۔ اداکارہ کی ویڈیو پر صارفین نے کمنٹس کرتے ہوئے ان کے ناز و انداز کی تعریفیں کیں اور انہیں تجویز بھی دی کہ وہ دوسرے گانوں پر بھی جلوے بکھیریں۔ زیادہ تر صارفین نے ماہرہ خان کی جانب سے جلوے بکھیرنے کو سراہا اور انہیں نہ صرف خوبصورت قرار دیا بلکہ انہیں سپر اسٹار بھی کہا۔ سوشل میڈیا صارفین نے ماہرہ خان کے ساتھیوں کی بھی تعریفیں کیں لیکن زیادہ تر نے اداکارہ کے جلوے بکھیرنے کو سراہا۔ جہاں مداحوں نے ماہرہ خان کی تعریفیں کیں، وہیں بعض افراد نے انہیں تنقید کا نشانہ بھی بنایا اور ان کے ناز و انداز کو نامناسب بھی قرار دیا۔ ماہرہ خان نے اپنی ہی 2016 کی بولی وڈ فلم "رئیس" کے گانے "لیلیٰ او لیلیٰ" پر جلوے بکھیرے تو مداحوں کو ان کی فلم بھی یاد آئی۔

کم کارڈیشن جیسا نظر آنے کا جنون! کاسمیٹک سرجری نے برازیلی انفلوئنسر کو بانجھ بنا دیا

کم کارڈیشن جیسا نظر آنے کا جنون! کاسمیٹک سرجری نے برازیلی انفلوئنسر کو بانجھ بنا دیا۔ جینیفر پامپلونا نے اپنے جسم اور چہرے پر 30 سے زائد مختلف سرجریز کروائیں۔ جینیفر پامپلونا نے اپنے جسم اور چہرے پر 30 سے زائد مختلف سرجریز کروائیں۔ امریکی اسٹار کم کارڈیشین کی طرح نظر آنے کے لیے کاسمیٹک سرجریز پر ایک ملین ڈالر خرچ کرنے والے برازیلین انفلوئنسر کو سرجریز نے بانجھ بنا دیا۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق جینیفر پامپلونا نامی برازیلین انفلوئنسر نے انکشاف کیا ہے کہ کاسمیٹک سرجریز میں استعمال ہونے والے ایک مواد نے اُنہیں بانجھ بنا دیا ہے۔ جینیفر پامپلونا نے کہا کہ مجھے کم کارڈیشین بہت پسند ہیں اور مجھے جنون تھا کہ میں اُن کی طرح نظر آؤں، اسی جنون میں متعدد سرجریز کروائیں، ان سرجریز نے جہاں مجھے خوبصورت بنایا تو وہیں مجھے ماں بننے سے محروم کر دیا۔ انفلوئنسر نے دیگر لوگوں کو کاسمیٹک سرجری نہ کروانے کا مشورہ دیا اور کہا کہ میں نے ہمیشہ ماں بننے کا خواب دیکھا تھا لیکن بدقسمتی سے، اب میں خود کو اس خواب کو پورا کرنے سے قاصر محسوس کرتی ہوں۔ اُنہوں نے کہا کہ میری صحت میں بہتری آ رہی ہے لیکن میں اس وقت ذہنی طور پر شدید اذیت میں ہوں کیونکہ میں نے کبھی نہیں سوچا تھا کہ میں ماں نہیں بن سکوں گی، یہ میری زندگی کا سب سے بڑا خواب تھا اور اب اس خواب کی محرومی نے مجھے توڑ دیا ہے۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر ایک ملین فالوورز رکھنے والی برازیلین انفلوئنسر نے 17 کی عمر میں اپنی پہلی کاسمیٹک سرجری کروائی تھی اور پھر وہ دیکھتے ہی دیکھتے سرجریز کی عادی ہوگئی تھیں۔ جینیفر پامپلونا نے اس نشے میں اپنے جسم اور چہرے پر 30 سے ز

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

غیر معقول پالیسیوں کے باعث ملکی برآمدات کی نمو بری طرح متاثر ہو رہی ہے، میاں زوہیب سرور

اصلاحی تدابیر کے بغیر ملک میں معیشت کی بحرانی حالت دور نہیں ہوگی، عاطف منیر شیخ، جاوید شفیق شیخ، مسلم توقیر

فیصل آباد: ڈائیز اینڈ کیمیکل ایسوسی ایشن امام بارگاہ روڈ کے اجلاس سے گروپ لیڈر میاں ایوب صابر، مرزا محمد اسلم، صدر میاں زوہیب سرور، عاطف منیر شیخ، جواد شفیق شیخ، مسلم توقیر، میاں ممتاز فیصل خالد، عبدالناصر، محمد نواز ڈاکٹر نثار اعجاز، محمد یاسین ودیگر خطاب کر رہے ہیں۔

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) ڈائیز اینڈ کیمیکل ایسوسی ایشن امام بارگاہ روڈ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے میاں ایوب صابر، مرزا محمد اسلم، صدر میاں زوہیب سرور، عاطف منیر شیخ، جواد شفیق شیخ، مسلم توقیر کہا پالیسی میکروں کی غیر معقول پالیسیوں کے باعث ملکی برآمدات کی نمو بری طرح متاثر ہو رہی ہے مسئلے کے حل کیلئے حکومت کو پاکستان کی معیشت کو خصوصی کاروبار، تجارت پالیسیوں اور سرمایہ کاری کے زمرے میں اصلاحات کی ضرورت کو پورا کرنا ہوگا اصلاحی تدابیر کے بغیر ملک میں معیشت کی بحرانی حالت دور نہیں ہوگی انھوں وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ ٹیکسٹائل و برآمدی سیکٹر کی ترقی کی طرف فوری طور پر مثبت اقدامات اٹھائے جائیں حکومت کے اس اقدام سے جہاں برآمدی تاجروں کا اعتماد بحال ہوگا وہیں برآمدات کے فروغ میں بھی مدد ملے گی انہوں نے کہا کہ ٹیکسٹائل سیکٹر کو حکومت سے بہت سی توقعات ہیں انکی مایوسی دور کی جائے انہوں نے کہا کہ حکومت کے پاس معاشی ماہرین کی بہترین ٹیم موجود ہے اس ٹیم کو ملک میں معاشی واقتصادی انقلاب کے عزم کی تکمیل اور صنعتی انقلاب لانے کیلئے بجلی، گیس کی قیمتیں اور مارک اپ کی بلند شرح کو کم کرنا چاہئے۔

ذوالفقار علی بھٹو نے ختم نبوت کے حوالے سے عظیم کارنامہ سرانجام دیا، ریاض علی قریشی

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) ذوالفقار علی بھٹو نے ختم نبوت کے حوالے سے عظیم کارنامہ سرانجام دیا تاریخ انہیں ہمیشہ یاد رکھے گی 7 ستمبر کو قائد عوام نے علماء کی مدد سے فتنہ قادیانیت کو درگور کیا اور اسلام کے خلاف عظیم سازش کو ناکام بنایا ستمبر کا مہینہ ہمیں محافظین ختم نبوت کی جرأت جذبے اور قربانیوں کی یاد دلاتا ہے شہید ذوالفقار علی بھٹو نے بطور وزیر اعظم دستخط کر کے قادیانیوں کو اقلیت قرار دیا ان خیالات کا اظہار پاکستان پیپلز پارٹی لاہور ڈویژن کے ڈپٹی انفرمیشن سیکرٹری ریاض علی قریشی نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے اس کیلئے کوئی کمپرومائز نہیں ہوسکتا ان شاء اللہ آخری سانس تک اس کا تحفظ یقینی

الحرمین ڈینٹل کیئر واقع خالد روڈ پر ماہانہ فری ڈینٹل کیمپ کا انعقاد

نیو لاہور لیب کی طرف سے مریضوں کے فری شوگر ٹیسٹ بھی کئے گئے، کیمپ کا اہتمام اہتمام آل صدیق ویلفیئر سوسائٹی بھکھی کے عہدیداران نے کیا

شیخوپورہ: الحرمین ڈینٹل کیئر میں منعقدہ ماہانہ فری ڈینٹل کیمپ کا ڈائریکٹر بزم فاؤنڈیشن و نائب صدر ٹی بی ایسوسی ایشن محمد عارف باجوہ، چیئرمین پاکستان میڈیکل لیبارٹری ایسوسی اشین لاہور ڈویژن محمد الیاس ساجد بھٹہ، چیف ایگزیکٹو الحرمین ڈینٹل کیئر رانا محمد اکرام ودیگر افتتاح کر رہے ہیں۔ دوسری جانب ڈاکٹر رانا عبدالمنیب اکرم مریضوں کے چیک اپ کر رہے ہیں۔

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) الحرمین ڈینٹل کیئر واقع خالد روڈ پر ماہانہ فری ڈینٹل کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس کا افتتاح مہمان خصوصی ڈائریکٹر بزم فاؤنڈیشن و نائب صدر ٹی بی ایسوسی ایشن محمد عارف باجوہ، چیئرمین پاکستان میڈیکل لیبارٹری ایسوسی ایشن لاہور ڈویژن محمد الیاس ساجد بھٹہ، چیف ایگزیکٹو الحرمین ڈینٹل کیئر رانا محمد اکرم ودیگر نمائندہ شخصیات نے کیا، اس موقع پر رانا اخلاق احمد، رانا محمد اشرف، رانا غلام سرور، رانا محمد الیاس، رانا محمد اقبال ایڈووکیٹ، رانا نجم الثاقب، رانا محمد اسلم، گل شیر منظور، زاہد شریف و دیگر موجود تھے، میڈیکل کیمپ میں ڈاکٹر حسین ثاقب، ڈاکٹر فراز محمود ڈوگر، ڈاکٹر رانا عبدالمنیب اکرم اور ڈاکٹر منیزہ منیب اکرم نے مریضوں کے مفت چیک اپ کئے اور انہیں فری ادویات فراہم کیں جبکہ نیو لاہور لیب کی طرف سے مریضوں کے فری شوگر ٹیسٹ بھی کئے گئے، کیمپ کا اہتمام اہتمام آل صدیق ویلفیئر سوسائٹی بھکھی کے عہدیداران نے کیا، شرکاء تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محمد عارف باجوہ نے کہا کہ غریب مستحق افراد کے علاج معالجہ کیلئے الحرمین ڈینٹل کیئر کی انتظامیہ و ڈاکٹرز کا کردار سراہے جانے لائق ہے جبکہ آل صدیق ویلفیئر سوسائٹی بھکھی نے بھی اس کاوش میں اپنا عملی حصہ ڈال کر نئی مثال رقم کی ہے اگر معاشرے کے دیگر طبقات بھی اپنی مدد آپ کے تحت متاثرہ افراد وغریب و بے سہارا گھرانوں کی اعانت ومعاونت یقینی بنائیں۔

مہوش سلطان راجہ نے گورنمنٹ سکول کیلئے اپنی چار کنال ذاتی زمین عطیہ کر دی

اہلیان قصبہ وٹلی نے سرزمین وٹلی پر پروقار تقریب کا انعقاد کیا

وآسیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) دختر چوآسیدن شاہ ممبر صوبائی اسمبلی پنجاب مہوش سلطانہ راجہ اور سلطان راجہ عزم العمر کا جزبہ ایثار، چوآسیدن شاہ کے نواحی قصبہ وٹلی میں حالیہ بارشوں میں لینڈ سلائیڈنگ کے باعث تباہ ہونے والے گورنمنٹ سکول کیلئے اپنی چار کنال ذاتی زمین عطیہ کر دی، اس سلسلے میں اہلیان قصبہ وٹلی نے سرزمین وٹلی پر پروقار تقریب کا انعقاد کیا جس میں ممبر صوبائی اسمبلی پنجاب مہوش سلطانہ راجہ اور سلطان راجہ عزم العمر سمیت معززین دیہہ کی بڑی تعداد شریک ہوئی، شرکاء نے سلطان فیملی کے جذبہ ایثار کو سراہتے ہوئے زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا اور ذاتی زمین عطیہ کرنے پر شکریہ بھی ادا کیا، اس

جہلم: سرکاری ہسپتالوں کے ڈاکٹر نجی ہسپتالوں میں ڈیوٹی میں مصروف

بائیومیٹرک سسٹم کے نفاذ کیلئے کروڑوں روپے خرچ بھی بے کار پریکٹس نکلی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پابندی کے باوجود ضلع بھر کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں تعینات ڈاکٹرز کی اکثریت فرائض کی سرانجام دہی کے بجائے پرائیویٹ کلینکس اور نجی ہسپتالوں میں ڈیوٹی دینے میں مصروف بائیومیٹرک سسٹم کے نفاذ کیلئے کروڑوں روپے خرچ کرنے کے باوجود ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل سٹاف کی حاضری کو یقینی نہ بنایا جاسکا، ضلعی انتظامیہ اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی ڈاکٹرز اور عملہ کی حاضری کو 100 فیصد یقینی بنانے میں ناکام۔ ذرائع کے مطابق ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں شعبہ ڈچہ بچہ اور نائٹ شفٹ ڈیوٹی پر مامور ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف، بائیومیٹرک کرنے کے ساتھ ہی ڈیوٹی سے غائب ہو جاتے ہیں اور پرائیویٹ کلینکس اور نجی ہسپتالوں میں خدمات سرانجام دینی شروع کر دیتے ہیں، ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف ہسپتال میں ڈیوٹی سرانجام نہ دینے کی وجہ سے رات گئے سرکاری ہسپتال کے وارڈ، شعبہ ڈچہ بچہ اور ایمرجنسی میں آئے مختلف بیماریوں میں مبتلا مریض علاج ومعالجہ کیلئے ڈاکٹرز کی عدم موجودگی کی وجہ سے مجبوراً پرائیویٹ ہسپتالوں کا رخ کرتے ہیں۔ مریضوں اور لواحقین نے وزیر اعلیٰ پنجاب، چیف سیکرٹری پنجاب، صوبائی وزیر صحت سے مطالبہ کیا ہے کہ نوٹس لیتے ہوئے ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف کی حاضری کو یقینی بنایا جائے۔

اسسٹنٹ کمشنر اوکاڑہ کا تجاوزات کو خاتمے کیلئے اڈا نول پلاٹ پر گرینڈ آپریشن

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ فرخ عتیق کے حکم پر اسسٹنٹ کمشنر اوکاڑہ سورتھ مبشر کا ناجائز تجاوزات کو ختم کرنے کے لئے اڈا نول پلاٹ پر گرینڈ آپریشن۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ فرخ عتیق کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر اوکاڑہ سورتھ مبشر نے ناجائز تجاوزات کو ہٹانے کے لئے اڈا نول پلاٹ پر گرینڈ آپریشن کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر سورتھ مبشر نے اڈا نول پلاٹ پر میونسپل کمیٹی کی مشینری سے سڑک کے دونوں اطراف سے ناجائز تجاوزات کو ختم کروا دیا۔ ناجائز تجاوزات سے آئے روز ٹریفک کا بند رہنا اور حادثات کا ہونا معمول بن چکا تھا۔

چناب کالج جھنگ کے طلبا وطالبات نے شاندار نتائج کی روایت برقرار رکھی

جھنگ (اصغر بھٹی سے/قوت) چناب کالج جھنگ کے طلبا وطالبات نے شاندار نتائج کی روائت برقرار رکھتے ہوئے بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد کے پہلے سالانہ امتحان انٹرمیڈیٹ 2024 میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے جس کے کل 805 میں سے 783 طلبا و طالبات پاس ہوئے جن کی کامیابی کا مجموعی تناسب 27.97 فیصد رہا۔ بدھ کو فیصل آباد بورڈ کی طرف سے اعلان کردہ نتائج کے مطابق انٹر میڈیٹ کے مذکورہ امتحان میں 356 طالبات نے حصہ لیا جن میں سے 355 کامیاب قرار پائیں اس طرح ان کی کامیابی کا تناسب 72.99 فیصد رہا جبکہ مذکورہ امتحان میں کل 449 طلبا نے شرکت کی جن میں سے 428 پاس ہوئے۔

واجبات کی وصولی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں، راؤ انعام الحق

جھنگ (اصغر بھٹی سے/قوت) ایکسیئن فیسکو جھنگ ڈویژن فرسٹ راؤ انعام الحق نے کہا کہ نادہندگان سے واجبات کی وصولی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں پولیس اہلکاروں کے ہمراہ مگر مچھ ڈیڈ ڈیفالٹرز کے گھروں پر ریڈ کریں اور ان کے بجلی کنکشن فوری طور پر منقطع کر کے میٹر اتار لیں اور ان سے کسی قسم کی رعایت نہ برتی جائے گزشتہ روز ایس ڈی او ز سے میٹنگ کے دوران خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہر سب ڈویژن میں لائن مین کی ڈیوٹی لگائی جائے جو روزانہ ڈیڈ ڈیفالٹرز صارفین کے کنکشن چیک کرے تاکہ وہ کسی دوسرے کنکشن سے بجلی کی سپلائی استعمال نہ کر سکے ان کا کسی طریقے سے بھی کنکشن نہ چلنے دیا جائے دوسرا کنکشن چلانے کی صورت میں ڈیفالٹر کے خلاف کاروائی عمل میں لائی جائے انہوں نے کہا کہ فیسکو کی خوشحالی اور اپنی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے لائن سٹاف کو روزانہ کی بنیاد پر کام دیں اور اگلے دن ان سے رپورٹ لیں کام نہ کرنے والے ملازمین کے خلاف سخت کاروائی کریں۔

اوکاڑہ ریسکیو 1122 ڈسٹرکٹ ایمرجنسی افیسر انجینئر احتشام کی زیر صدارت ماہانہ کارکردگی پیش کر دی گئی

ریسکیو 1122 اوکاڑہ کو گزشتہ ماہ کل 21253 کالز موصول ہوئی جس میں 4919 ایمرجنسی کالز تھیں

اوکاڑہ: ریسکیو اہلکاروں کی جانب سے گزشتہ دو ماہ میں مختلف ایمرجنسیز میں متاثرین کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے، فائر فائٹنگ اور سرچ آپریشن کی تصویری جھلکیاں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ ریسکیو 1122 ڈسٹرکٹ ایمرجنسی افیسر انجینئر احتشام کی زیر صدارت ماہانہ کارکردگی پیش کر دی گئی۔ اجلاس سٹرل اسٹیشن اوکاڑہ میں منعقد ہوا۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر نے کارکردگی رپورٹ جاری کرتے ہوئے بتایا کہ ریسکیو 1122 اوکاڑہ کو گزشتہ ماہ کل 21253 کالز موصول ہوئی جس میں 4919 ایمرجنسی کالز تھیں۔ 12277 غیر متعلقہ اور مس کالز، 4031 معلوماتی، 15 رونگ کالز اور 11 فیک کالز تھیں۔ ایمرجنسی کال کا تناسب 159 کالز فی دن تھا۔ 4919 ایمرجنسیز میں 958 روڈ ٹریفک حادثات، 3305 میڈیکل، 30 آگ لگنے کے واقعات، 136 کرائم، 02 ڈوبنے کے واقعات اور 488 م تفرق قسم کے حادثات شامل تھے۔ روڈ ٹریفک حادثات میں 1028 افراد متاثر ہوئے جن میں 10 افراد زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جان بحق ہوئے جبکہ 550 افراد کو موقع پر ہی ابتدائی طبی امداد دی گئی اور 468 متاثرین کو طبی امداد دیتے ہوئے ہسپتال میں منتقل کیا گیا۔ آگ لگنے کے 30 واقعات ہوئے جن میں 23 کمرشل ایریا اور 07 رہائشی علاقے پیش آئے۔ آگ لگنے کی وجوہات میں شارٹ سرکٹ (11)، گیس لیکج (01)، دیگر (08)، کچن (01) اور لاپرواہی (09) بنی۔ ان واقعات میں بروقت ریسپانس کرتے ہوئے تقریباً 36 ملین سے زائد کی پراپرٹی کو محفوظ کیا گیا۔ ریسکیو موٹر بائیک سروس کے ذریعے 2247 ایمرجنسیز پر بروقت ریسپانس کرتے ہوئے 2237 افراد کو مدد فراہم کی گئی۔

ماہ ربیع الاول کی آمد پر تمام اہل اسلام کو مبارکباد، مولانا پیر محمد داؤد رضوی

وزیر آباد (نامہ نگار) امیر جماعت رضائے مصطفےٰ پاکستان مولانا پیر محمد داؤد رضوی نے ماہ ربیع الاول کی آمد پر تمام اہل اسلام کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ربیع الاول وہ مقدس مہینہ ہے جس میں سرور دو عالمؐ اس کائنات آب وگل میں ظہور فرمایا، لہٰذا ہمیں اس مہینہ میں زیادہ سے زیادہ عبادت، قرآن پاک کی تلاوت، درود و سلام کی کثرت اور گھر گھر محافل میلاد کا انعقاد کرنا چاہیئے۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کی طرح ربیع الاول بھی بڑی عظمت وشان والا مہینہ ہے۔

جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شایان شان طریقے سے منائینگے، شہباز قادری

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شایان شان طریقے سے منائیں گے منہاج القرآن پی پی 136 کے زیر اہتمام 6 ستمبر کو رفیق آباد سے مغرب کی نماز کے بعد مشعل بردار جلوس نکالا جائے گا جو ریلوے اسٹیشن پہنچ کر اختتام پذیر ہوگا تمام تنظیمات اہلسنت اور عاشقان رسول ضرور شرکت فرمائیں ان خیالات کا اظہار تحریک منہاج القرآن پی پی 136 کے صدر چوہدری نثار احمد گجر اور ناظم شہباز علی قادری نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ کائنات کا وجود حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وجہ سے ہے اللہ تعالیٰ نے صرف اسی ذات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وجہ سے یہ دنیا بنائی ہے اور انہیں خاص مقام اور مرتبہ عطا کر کے بھیجا ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر اللہ تعالیٰ نے خود بلند کیا ہے ہم جشن ولادت منا کر خوشی کا اظہار کرتے ہیں۔

اوکاڑہ چیمبر اف کامرس کے کارپوریٹ ایسوسی ایٹ ممبران کے انتخابات مکمل ہو گئے

تمام کارپوریٹ ممبران بلا مقابلہ منتخب ہو گئے۔ صدر سینئر نائب صدر۔ نائب صدر کے عہدیداران جمہوری طریقے سے انتخابات میں حصہ لیں گے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ چیمبر اف کامرس کے کارپوریٹ ایسوسی ایٹ ممبران کے انتخابات مکمل ہو گئے۔ تمام کارپوریٹ ممبران بلا مقابلہ منتخب ہو گئے۔ صدر سینئر نائب صدر۔ نائب صدر کے عہدیداران جمہوری طریقے سے انتخابات میں حصہ لیں گے جن کے انتخابات 25 ستمبر 2024 کو کرائے جائیں گے اور جیتنے والے عہدیداروں کا اسی روز اعلان کر دیا جائے گا۔ جس سے چیمبر اف کامرس کے انتخابات مکمل ہو جائیں گے۔ کارپوریٹ ممبران میں بلا مقابلہ منتخب ہونے والوں میں۔ چوہدری شفقت رسول۔ محمد طیب بشیر۔ چوہدری عمر جاوید۔ شیخ محمد اقبال شاہد۔ شیخ محمد حنیف۔ عبدالرحمن ملجی۔ وقار فیض۔ شیخ محمد ریاض انور۔ چوہدری عثمان غنی۔ چوہدری بلال بشیر۔ نبیل اقبال۔ اور رئیس افضل شامل ہیں۔ ایسوسی ایٹ ممبران میں منتخب ایگزیکٹیو ممبران میں شہزاد حسن۔ حاجی شفاء اللہ وسیم۔ نور احمد خان۔ نوید حسین۔ محمد ارشد۔ محمد جاوید۔ عامر رزاق۔ محمد منظہر۔ محمد خرم نثار۔ محمد نعیم۔ محمد رضا خاں۔ علی ظہیر۔ اور عبدالحمید شامل ہیں جو آئندہ سالوں کے مجلس عاملہ کے رکن ہوں گے۔

پاک فوج سرزمین پاکستان کے استحکام کی ضامن ہے، افواج پاکستان کی قربانیوں سے پاکستان کو پہچان حاصل ہے، محمد زمان چیمہ

وزیر آباد (نامہ نگار) ضلعی نائب صدر مسلم لیگ (ن) گوجرانوالہ محمد زمان چیمہ نے کہا ہے کہ شہدائے خون سے قوموں کا مستقبل ہے، پاک فوج سرزمین پاکستان کے استحکام کی ضامن ہے، افواج پاکستان کی قربانیوں سے پاکستان کو پہچان حاصل ہے، پاک فوج کی پیشہ وارانہ مہارت کی پوری دنیا معترف ہے، شہداء کے خون کی آبیاری سے آج ارض پاک محفوظ ہے، ماہ ستمبر میں ہر سال چھ ستمبر ہمارے حوصلوں کو جلا بخشتے، دلوں کو گرماتے اور ہمارے ولولوں کو تازگی فراہم کرتا ہے اس دن دشمن کی مذموم مقاصد کی راہ میں افواج پاکستان اور پوری قوم سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑی رہی۔

جرم وسزا

CRIME & COURT

کمپیوٹر ہماری زندگی کے ساتھ لازم ملزوم کی حیثیت اختیار کر چکا ہے۔ ڈی ایس پی سرکل لالیاں غلام شبیر بلوچ

لالیاں (رانا کاشف کلیم سے) کمپیوٹر ہماری زندگی کے ساتھ لازم ملزوم کی حیثیت اختیار کر چکا ہے۔ ڈی ایس پی سرکل لالیاں غلام شبیر بلوچ۔ تفصیلات کے مطابق رحمن مٹلی میڈیا کمپیوٹر اکیڈمی میں سالانہ تقسیم اسناد کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ جسمیں کورس مکمل کرنے والے طلباء اور طالبات کو اسناد اور انعام دیئے گئے۔ تقریب میں خصوصی شرکت ڈی ایس پی سرکل لالیاں غلام شبیر بلوچ۔ اور صدر لالیاں پریس کلب رانا محمد اکرام اللہ نے خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر ڈی ایس پی لالیاں غلام شبیر بلوچ نے طلباء اور طالبات میں اسناد اور ٹرافی تقسیم کی اور اس موقع پر مبارک باد بھی دی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈی ایس پی سرکل لالیاں نے کہا۔ ہم جس دور سے گزر رہے ہیں۔ بلاشبہ اس دور کو کمپیوٹر کا دور کہا جاتا ہے۔ کمپیوٹر ہماری زندگی کیساتھ لازم ملزوم کی حیثیت اختیار کر چکا ہے۔ کمپیوٹر نے موجودہ دور کو گلوبل ویلیج کی شکل دے دی ہے۔

مشہور ماہر قانون نور محمد جسپال ایڈووکیٹ کے مقدمہ قتل کا فیصلہ سنا دیا گیا

بھلوال (تحصیل رپورٹر) مشہور ماہر قانون نور محمد جسپال ایڈووکیٹ کے مقدمہ قتل کا فیصلہ سنا دیا گیا قتل میں ملوث 6 ملزمان کو سزائے موت اور مجموعی طور پر 60 لاکھ روپے سزا کا حکم سنایا گیا ہے مشہور ماہر قانون نور محمد جسپال ایڈووکیٹ کو ملزمان ابوبکر، شعیب مشتاق، آفتاب مبارک، مبشر سردار، مشتاق احمد، وقاص مبارک اور سردار احمد جسپال نے گزشتہ برس 29 اگست ک 2023 کو فائرنگ کر کے اس وقت قتل کر دیا تھا جب وہ سالم سے بھلوال جا رہا تھا آج ایڈیشنل سیشن جج بھلوال رائے لیاقت علی کھرل نے مقدمہ نمبر 605/23 بجرم 302 قتل کا فیصلہ سناتے ہوئے 6 ملزمان شعیب مشتاق، آفتاب مبارک، مبشر سردار، مشتاق احمد، وقاص مبارک اور سردار احمد جسپال کو سزائے موت آور 60 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا ہے ان ملزمان کا ایک ساتھی تھی ابوبکر اشتہاری ہے اس لئے اس حوالے سے عدالت نے کوئی فیصلہ نہیں سنایا

میڈیا اور پولیس کے اچھے تعلقات ہی ہماری کامیابی کا زینہ ہے، کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی

جھنگ (اصغر بھٹی سے/قوت) ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے کہا کہ میڈیا اور پولیس کے اچھے تعلقات ہی ہماری کامیابی کا زینہ ہے صحافیوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے صحافی معاشرے میں آنکھ اور کان کی حیثیت رکھتے ہیں ان کے ساتھ مثالی تعلقات قائم کر کے ضلع جھنگ کو امن کا گہوارہ بنائیں گے گزشتہ روز صحافیوں سے تعارفی میٹنگ میں ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پولیس کا وہ ملازم میرے لیے قابل فخر ہے جس کی ترجیحات رزق حلال ہے انشاءاللہ جتنا عرصہ رہوں گا عوام کے جان ومال کا تحفظ یقینی بنائیں گے اور پولیس سے

مرید کے: ٹمبر مارکیٹ میں مبینہ پولیس مقابلہ ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

دو ساتھی فرار ڈاکو راہگیروں سے اسلحہ کے زور پر لوٹ مار کر رہے تھے

مرید کے (تحصیل رپورٹر) تھانہ سٹی کے علاقہ ٹمبر مارکیٹ میں مبینہ پولیس مقابلہ ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار جبکہ دو ساتھی فرار ڈاکو راہگیروں سے اسلحہ کے زور پر لوٹ مار کر رہے تھے تفصیل کیمطابق تھانہ سٹی کی حدود ٹمبر مارکیٹ میں ڈالفن پولیس کا سامنا ناکہ لگائے شہریوں کو لوٹتے ڈاکوؤں سے ہو گیا جہاں پر فائرنگ کے تبادلہ سے ایک ڈاکو زخمی حالت میں سٹی پولیس نے گرفتار کر لیا جبکہ ڈاکو کے دو ساتھی فرار ہو گئے پولیس کیمطابق ڈاکو اپنے ساتھیوں کی فائرنگ سے زخمی ہوا ہے سٹی پولیس نے زخمی ڈاکو کو ٹی ایچ کیو منتقل کیا جہاں سے لاہور ریفر کر دیا گیا پولیس نے علاقہ میں ناکہ بندی کر کے بھاگنے والے ڈاکوؤں کی تلاش شروع کر دی ہے پولیس نے حکم عملی کا مظاہرہ کرتے اپنی اور شہریوں کی جان کو محفوظ رکھا ڈی پی او بلال ظفر شیخ نے سرکل مرید کے ڈی ایس پی غلام مرتضیٰ ڈوگر سمیت ایس ایچ او ولی حسن پاشا اور ڈالفن ٹیم کو بروقت پہنچنے پر شاباش دی اور جرائم پیشہ افراد کیخلاف سخت کاروائیاں جاری رکھنے کا کہا۔

77 سال گزرنے کے باوجود ہم کہاں کھڑے ہیں، چوہدری صابر نذیر گجر

سمندری (اعظم رضا راول سے) ملک روز بروز معاشی اور اقتصادی لحاظ سے بربادی کی طرف جا رہا ہے، ملک میں غربت، بھوک ننگ، افلاس بدترین مہنگائی عروج پر ہے۔ عوام کیلئے بھاری بلوں کی ادائیگی مشکل ہو چکی ہے۔ ہمیں سوچنا چاہیے کہ 77 سال گزرنے کے باوجود ہم کہاں کھڑے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار معروف سماجی شخصیت چوہدری صابر نذیر گجر نے اپنے ایک بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے ہم سے بعد میں آزاد ہونیوالے کئی ممالک ترقی اور خوشحالی کی طرف گامزن ہیں۔ مگر ہم ''کولہو کے بیل'' کی طرح چکر کھا رہے ہیں، ہمیں بحیثیت قوم اپنی درست سمت کا تعین طے کرنے کی اشد ضرورت ہے۔

مسلم لیگ (ن) لیگ وعدوں کی بجائے کام پر یقین رکھتی ہے، ڈاکٹر شاہد جاوید

سمندری (اعظم رضا راول سے) پاکستان مسلم لیگ (ن) لیگ وعدوں کی بجائے کام پر یقین رکھتی ہے، مسلم لیگ نے مشکل حالات میں حکومت کی بھاگ دوڑ سنبھالی جب ملک دیوالیہ ہونے کے قریب تھا، نومئی نے ملک کی اساس سے کھلواڑ کیا ہے۔ شہباز شریف حکومت مشکل فیصلے کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما ڈاکٹر شاہد جاوید نے اپنے بیان میں کیا۔ مزید کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی قیادت ملک کو موجودہ بھنور سے نکالنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے۔

قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دینے والی اسمبلی کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، چوہدری مستقیم مہار

سمندری (اعظم رضا راول سے) 7 ستمبر 1974 کو قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دینے والی اسمبلی کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، 7 ستمبر 1974 کو علماء ومشائخ بالخصوص مولانا الشاہ احمد نورانی صدیقی رحمتہ اللہ علیہ نے کلیدی اور اہم کردار ادا کیا ختم نبوت پر مکمل یقین ایمان کی اساس ہے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف حلقہ پی پی 104 کے رہنما چوہدری مستقیم مہار نے اپنے ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ختم نبوت کے باغیوں کا تعاقب اور محاسبہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ فتنہ قادیانیت پاکستان کے امن وامان کیلئے شدید خطرات پیدا کر رہا ہے جس کیخلاف ہمیں متحد ہونے کی اشد ضرورت ہے۔

مصطفیٰ آباد: عبدالخالق بھٹی نماز جنازہ کے بعد آبائی قبرستان میں سپرد خاک

خالد بھٹی ایڈووکیٹ کے بھائی عبدالخالق بھٹی وفات پا گئے

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) عبدالخالق بھٹی نماز جنازہ کے بعد آبائی قبرستان میں سپرد خاک، نماز جنازہ حضرت مولانا علی مرتضیٰ چشتی، دعائے مغفرت حضرت مولانا پیر الیاس قادری نے کروائی، نماز جنازہ میں سیاسی، سماجی، مذہبی جماعتوں کے نمائندوں، صحافیوں، وکلا، تاجروں سمیت مختلف مکتبہ فکر کے نمائندہ افراد کی خصوصی شرکت، تفصیلات کے مطابق منیر احمد بھٹی ایڈووکیٹ کے بھتیجے، خالد بھٹی ایڈووکیٹ کے بھائی عبدالخالق بھٹی وفات پا گئے، مرحوم کی نماز جنازہ حضرت مولانا علی مرتضیٰ چشتی نے پڑھائی، جبکہ حضرت مولانا پیر الیاس قادری المعروف بابا جی سرکار نے دعائے مغفرت کروائی، مرحوم کو نماز جنازہ کے بعد ہزاروں سوگواروں کی موجودگی میں آبائی قبرستان حضرت بابا مٹھوہ شاہ میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

مصطفیٰ آباد: سیٹھ محمد حسین پاکستان میڈیا کونسل کے چیئرمین، مہر محمد عدنان صدر منتخب

سینئر صحافی سیٹھ محمد حسین چیئرمین، مہر محمد عدنان صدر، ملک عاطف سینئر نائب صدر، سرفراز اصغر نائب صدر، جمشید رشید جنرل سیکرٹری منتخب

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) سیٹھ محمد حسین پاکستان میڈیا کونسل کے چیئرمین، مہر محمد عدنان صدر منتخب، مرکزی صدر مہر حمید انور دلو کی طرف سے نوٹیفکیشن جاری، سیاسی، سماجی، مذہبی جماعتوں کے نمائندوں کی مبارکباد، تفصیلات کے مطابق پاکستان میڈیا کونسل مصطفیٰ آباد کے نو منتخب عہدیداران کا اعلان کر دیا گیا، سینئر صحافی سیٹھ محمد حسین چیئرمین، مہر محمد عدنان صدر، ملک عاطف سینئر نائب صدر، سرفراز اصغر نائب صدر، جمشید رشید جنرل سیکرٹری، ملک ظہیر ایڈیشنل جنرل سیکرٹری، حاجی محمد اویس وائس چیئرمین، محمد طاہر میو فنانس سیکرٹری، آصف امین انفارمیشن سیکرٹری عاقب الیاس آفس سیکرٹری منتخب، نو منتخب عہدیداران کو نوٹیفکیشن دینے کے لئے پریس کلب مصطفیٰ آباد میں تقریب کا اہتمام کیا گیا، تقریب میں مرکزی صدر مہر حمید انور دلو، چیئرم

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ 1 بقیہ جات

اطراف کی آبادیوں کی سہولت کے پیش نظر بند روڈ سروس لین کی مزید توسیع کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے بند روڈ پراجیکٹ پر پودا بھی لگایا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے بند روڈ کوریڈور اور راوی برج کا دورہ بھی کیا اور سروس روڈ کا بھی جائزہ لیا۔ نیازی انٹرچینج تا سگیاں اور سگیاں تا بابو صابو انٹرچینج پراجیکٹ پر تعمیرات مکمل ہے۔ 5.7 کلومیٹر پر محیط کنٹرولڈ ایکسس کوریڈور بند روڈ پراجیکٹ کی دونوں اطراف میں سروس لائن روڈ بھی کھول دی گئی۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق اور چیف انجینئر اسرار سعید نے پراجیکٹس پر بریفنگ دی۔

بقیہ 2 بقیہ جات

ہوئے عظمیٰ بخاری نے کہا کہ چند علاقوں میں سیلابی ریلوں سے فصلوں کا نقصان ہوا ہے، سیلابی علاقوں میں محکمہ صحت کام کر رہا ہے تاہم پنجاب کے سیلابی علاقوں میں صحت کے حوالے سے ایمرجنسی صورتحال نہیں۔ ڈینگی وبا پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پنجاب میں ڈینگی کنٹرول ہے اور سندھ میں ڈینگی مریضوں کی تعداد زیادہ ہے۔ بجلی بلوں پر ریلیف کو لے کر آئی ایم ایف کے تحفظات پر عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ بجلی کے بلوں پر ٹارگٹڈ سبسڈی ہے، اس پر آئی ایم ایف کو اعتراض نہیں ہوتا اور اگر آئی ایم ایف کو کوئی اعتراض ہے تو اس پر بات ہو سکتی ہے۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ بجلی کے بلوں پر دو ماہ کا عارضی ریلیف دیا گیا تھا لیکن سیاسی مخالفین بجلی بلوں کے ریلیف پر سیاست کر رہے ہیں۔

بقیہ 3 بقیہ جات

خواتین کی شمولیت نہ ہو۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی زیر صدارت خواتین کو ہراساں کرنے کے خلاف وزارت منصوبہ بندی کی قائم کردہ کمیٹی کے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے کیا جس میں سیکرٹری منصوبہ بندی اور وزارت کی تمام خواتین نے شرکت کی۔ پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ ہر خاتون کو کام کی جگہ پر تحفظ فراہم کرنا ہمارا فرض ہے، ہم نے حکومت میں آتے ہیں خواتین کی قومی ترقی میں شمولیت بڑھانے کے لیے جینڈر یونٹ قائم کیا تاکہ خاتون دفتر میں تحفظ کے احساس کے ساتھ کام کرے اور وزارت منصوبہ بندی خواتین کو اپنے لیے کام کرنے کی محفوظ ترین جگہ لگے۔

بقیہ 4 بقیہ جات

موقع پر کہا کہ پاک امریکہ تعلقات دونوں ممالک اور خطے کے لیے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں، دونوں ملکوں کے درمیان حالیہ دنوں میں سامنے آنے والی مثبت پیش رفت انتہائی حوصلہ افزا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیر سگالی اور دوستی کے اس جذبے کو ہمہ جہتی تعلقات خصوصاً معاشی تعلقات کے فروغ کے لیے بھرپور طریقے سے بروئے کار لانے کے لیے پرعزم ہیں۔ سفیر رضوان سعید شیخ نے یوم آزادی کے موقع پر نیک جذبات کا اظہار کرنے پر کانگریسی رکن ٹام سوازی کا شکریہ ادا کیا۔ ٹام سوازی نے پاک امریکہ تعلقات کی مضبوطی اور امریکہ کے لیے خدمات پر پاکستانی کمیونٹی کی خدمات کو سراہا۔ دوران گفتگو پاک امریکہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے، عوامی روابط کے فروغ کے حوالے سے مل کر کام کرنے اور امریکی کانگریس میں پاکستانی کاکس کو متحرک و مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ 5 بقیہ جات

فنانسنگ کے اقدامات سے متعلق آگاہ کیا، دوست ممالک سے قرض رول اوور اور نئے فنانسنگ اقدامات بارے بھی آگاہ کیا، آئندہ ہفتے تک دوست ممالک سے قرض رول اوور ہونے کی ٹائم لائن دی۔ آئی ایم ایف نے مطالبہ کیا ہے کہ ایگزیکٹو بورڈ کی منظوری کیلئے 12 ارب ڈالر قرض رول اوور پہلے کرانا ہوگا، عالمی مالیاتی فنڈ مشن نے رواں ماہ ایف بی آر سے ریونیو شارٹ فال بھی پورا کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ عالمی مالیاتی فنڈ کی جانب سے مزید کہا گیا ہے کہ ریونیو شارٹ فال پورا نہ کیا تو محصولات ہدف پورا کرنے کیلئے ایف بی آر حکام سے پلان طلب کیا جائے گا۔

بقیہ 6 بقیہ جات

میں بجلی کی پیداوار زائد جبکہ اس کی کھپت کم ہے، آئی پی پیز کو کپیسٹی پیمنٹ کے حوالے سے مسئلے کے حل کے لئے پیشرفت جاری ہے۔ بدھ کو قومی اسمبلی میں وقفہ سوالات کے دوران وزیر پارلیمانی امور سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے بتایا کہ وزیر آبی وسائل نے کپیسٹی ادائیگیوں کے لئے اہم اجلاس طلب کر رکھا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سندھ اور بلوچستان میں ونڈ انرجی کا پوٹینشل ایک لاکھ 32 ہزار میگاواٹ ہے، نجی شعبہ کے تعاون سے ونڈ انرجی کے 1845 میگاواٹ استعداد کے حامل 36 منصوبے ہیں، ہماری استعداد کے مقابلے میں بجلی کی طلب کم ہے، اس شعبہ میں زیادہ کام نجی شعبہ کے تعاون سے ہو رہا ہے۔ نوابزادہ افتخار کے سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ شاہ جمال مظفر گڑھ میں گرڈ سٹیشن کی دیوار تک کام ہو چکا ہے، ورلڈ بینک کے قرض سے یہ دو سال میں مکمل ہو جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ 200 یونٹ تک پروٹیکٹڈ صارفین کو 14 روپے فی یونٹ چارج کیا جاتا ہے، کل صارفین میں سے ایک کروڑ 70 لاکھ صارفین ماہانہ 200 یونٹ سے کم بجلی استعمال کرتے ہیں۔ ڈالر کی قدر میں اضافہ سے یہ ممکن نہیں کہ تمام صارفین کو پہلے 200 یونٹ پر 14 روپے فی یونٹ کے حساب سے ہی چارج کیا جائے اور صرف اس سے زیادہ استعمال پر فی یونٹ چارجز میں اضافہ ہو۔

بقیہ 7 بقیہ جات

بدھ کو ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن سیکٹر میں تعاون بڑھانے کے حوالے سے گفتگو ہوئی۔ فریقین نے دونوں ممالک کے مابین آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن سیکٹر میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔ وزیر مملکت آئی ٹی شزہ فاطمہ نے کہا پاکستان ازبکستان کے ساتھ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، دونوں ممالک کے مابین آئی ٹی و ٹیلی کام سیکٹر میں تعاون بہت اہم ہے، پاکستان اور ازبکستان ٹیکنالوجی کے میدان میں ایک دوسرے کے تجربات سے استفادہ کر سکتے ہیں۔

بقیہ 8 بقیہ جات

چیت ہونی چاہیے، حکومت کی ذمہ داری ہے کہ انہیں بتائیں کہ ان کے پیارے اس وقت کہاں ہیں؟ میں چاہتا ہوں کہ لوگ افواج پاکستان پر اعتبار کریں۔ سربراہ جمعیت علمائے اسلام (ف) کے مطابق مہنگائی بڑھتی جا رہی ہے، لوگوں کو روزگار نہیں دے پا رہے ہیں، پاک پی ڈبلیو ڈی اور یوٹیلٹی اسٹور کو ہم ختم کر رہے ہیں، ہم اس طرح کے قوانین کو ایوان میں مسترد کریں گے، یہی سب دیکھ کر سردار اختر مینگل نے استعفیٰ دے دیا ہے، آپ واضح ہدایت دیں کہ یہ ایوان مضطرب ہے، ہم یہاں ملک و قوم کی خدمت کے لیے بیٹھے ہوئے ہیں۔ مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ اس صورتحال میں ہمیں قدم اٹھانا چاہیے، ہم لڑیں گے، تنقید کریں اپوزیشن کا کردار ادا کریں گے لیکن ملک کو ضرورت پڑی تو اپنا کردار نبھائیں گے، پارلیمان، سیاسی جماعتوں اور قائدین کو ملک کے غیر ضروری سمجھنے سے زیادہ بڑی حماقت کوئی نہیں۔

بقیہ 9 بقیہ جات

گا۔ "اپنی چھت اپنا گھر" بلاسود پروگرام ہے، اسکی ماہانہ قسط 14 ہزار روپے ہوگی اور اس کے سروس چارجز حکومت پنجاب خود برداشت کرے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کسان کارڈ کا بھی باقاعدہ آغاز کر دیا ہے۔ یہ 300 ارب روپے کا پراجیکٹ ہے جو مکمل ٹیکس فری ہے۔ اس پروگرام کا بنیادی ہدف پنجاب کے دور دراز علاقے ہیں۔ کسانوں کو چھ ماہ کیلئے بلاسود 30 ہزار روپے فی ایکڑ کے حساب سے قرض ملے گا۔ اس ضمن میں محکمہ زراعت نے 136 کسان کارڈ ڈسٹری بیوشن سینٹر قائم کر دیئے ہیں۔ وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب نے بجلی کے بلوں میں ریلیف کا پروگرام شروع کیا تو اسکی شمال اور مغرب سے مخالفت کی گئی۔ مریم نواز کو پنجاب کے لوگوں نے مینڈیٹ دیا ہے وہ یہاں کے لوگوں کو ریلیف دے رہی ہیں۔ سولر پینل پراجیکٹ جلد شروع ہو جائیگا جس سے لوگوں کو بجلی کے بلوں سے نجات ملے گی۔ اس منصوبے کو دوسرے صوبوں نے کاپی کرنے کی کوشش کی ہے۔

بقیہ 10 بقیہ جات

دوران ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے استدعا کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں دو تین دن کا مزید وقت دیا جائے۔ آئی جی اسلام آباد علی ناصر رضوی نے عدالت کو بتایا کہ میں نے لاپتہ فیضان کے والد کے ساتھ آدھا گھنٹہ گزارا، فیضان کی لوکیشن پہلے اسلام آباد اور 17 اگست کو پھر لاہور کی لوکیشن آئی۔ انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے فوٹیج دیکھی ہیں، کچھ لوگوں کے چہروں پر ماسک ہیں، دوسری فوٹیج میں نظر آنے والے لوگوں کے چہرے واضح نہیں ہیں، فوٹیج میں گاڑیاں واضح نظر آ رہی ہیں۔ علی ناصر رضوی نے عدالت کو بتایا کہ وزارت داخلہ اور وزارت دفاع کو گاڑیوں سے متعلق معلومات کے لیے لکھا ہے، سیف سٹی کا ریکارڈ ایک مہینے تک ہوتا ہے، اس واقعے کو 2 ماہ ہو چکے ہیں۔

بقیہ 11 بقیہ جات

بیان میں کہا ہے کہ شہباز شریف حکومت میں شرمندگی کے نئے ریکارڈ بن رہے ہیں، بنگلا دیش کے ہاتھوں اپنے ہی ملک میں وائٹ واش کا سامنا کرنا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ محسن نقوی اور جعلی حکومت کی ترجیحات صرف پی ٹی آئی کارکنوں کی پکڑ دھکڑ ہے۔ بیرسٹر سیف کا کہنا ہے کہ ورلڈ کپ میں بدترین کارکردگی کے بعد محسن نقوی نے ٹیم میں سرجری کا شوشہ چھوڑا تھا، اسی دن میں نے کہا تھا کہ سرجری فارم 47 حکومت کی ہونی چاہیے۔ ان کا مزید کہنا ہے کہ فارم 47 کی جعلی حکومت نے کرکٹ کے میدانوں کو بھی سیاست کی نذر کیا ہے۔ بیرسٹر سیف نے یہ بھی کہا ہے کہ ارشد ندیم نے اپنی ہی محنت پر ریکارڈ بنایا تھا، اس میں حکومت کا کوئی کردار نہیں تھا۔

بقیہ 12 بقیہ جات

نظر آؤں گا، فی الحال اپنے ایک تعلیمی پروجیکٹ میں مصروف ہوں۔ ڈیجیٹل پلیٹ فارم یوٹیوب کے لیے ایک پوڈ کاسٹ میں انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے گزشتہ سال میں نے سوئمنگ اور جم بہت کیا تھا، اب یہ روٹین چھوڑ دی ہے۔ ڈرائیونگ کا بالکل شوق نہیں ہے، میں گاڑی نہیں چلاتا نہ مہنگی ترین گاڑیاں رکھنے کا شوق ہے، گھومنے کا بہت شوق ہے، میں نے ساری دنیا گھوم رکھی ہے۔ فواد چوہدری نے کہا کہ میں کھانے پینے کا بہت شوقین ہوں، آلو، دال اور گوشت سے بنی غذائیں بہت شوق سے کھاتا ہوں، میں خود کچھ پکا نہیں سکتا مگر سب سے چھوٹی بیٹی کے کہنے پر اب سوچ رہا ہوں کہ کوکنگ کروں۔ ایک سوال کے جواب میں فواد چوہدری نے بتایا کہ میں نے دو شادیاں کی ہیں، دونوں محبت کی شادیاں ہیں، تیسری کا کوئی ارادہ نہیں، میری تین بیٹیاں ہیں۔ پاکستان کی نوجوان نسل کو پیغام دیتے ہوئے فواد چوہدری نے کہا کہ مایوس نہ ہوں، ایک نہ ایک دن حالات ضرور ٹھیک ہوں گے، مشکل کے کچھ ماہ یا سال ہیں پھر سب ٹھیک ہو جائے گا۔

بقیہ 13 بقیہ جات

لاکھ 4 1 ہزار 5 8 9 امیدوار پاس ہوئے۔ امتحانات میں 75 ہزار سے زائد امیدوار فیل ہوئے۔

بقیہ 14 بقیہ جات

سے اعتماد کا ووٹ لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ دو تہائی اکثریت والے وزیراعلیٰ اپنی اسمبلی میں جانے سے کترا رہے ہیں۔ ایک تقریب کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ میرے پاس سمری آئی ہے لیکن اس پر پاؤں نہیں رکھوں گا کیوں کہ ابھی کسی قانونی ماہرین سے مشاورت نہیں کی، لوگ مجھے ٹیلی فون کر رہے ہیں کہ سمری کا کیا ہوا۔ انہوں نے کہا کہ کابینہ میں کیوں ردوبدل کیا جا رہا ہے قوم کو بتایا جائے، اگر یہ ممبران کرپٹ ہیں یا پھر نا اہل ہے تو قوم کو بتایا جائے، کابینہ میں ردوبدل سے متعلق تحقیقات کی جا رہی ہیں۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ فٹ بال میچ کی طرح کابینہ میں کیوں تبدیلی کی جا رہی ہے، سمری پر دستخط کرنے میں ابھی بہت وقت ہے۔

بقیہ 15 بقیہ جات

المسالک اتحاد کو فروغ دینے کے لئے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ دہشتگردوں کا کوئی دین و مذہب نہیں، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں علماء کرام نے پہلے بھی قوم کی رہنمائی کی اور اب بھی اس کی اشد ضرورت ہے، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں موثر بیانیہ کے لیے تمام مسالک کے علماء کرام سے مشاورت کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ علماء کرام سے مشاورت کی قومی مہم کا جلد آغاز کیا جائیگا، دہشتگردی کے خلاف جنگ پاکستان کی بقا جنگ ہے۔ اس ناسور کے خاتمے کے لئے علماء کرام کو ایک بار پھر اپنا عظیم کردار کرنا ہے۔ علماء کرام نے ہمیشہ پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دشمن بدامنی پھیلا کر انتشار پیدا کر کے قومی یکجہتی کو نقصان پہنچانا چاہتا ہے۔ سب مل کر دشمن کے ناپاک ایجنڈے کو ناکام بنائیں گے۔ مولانا سید عبدالخبیر آزاد نے کہا کہ پیغام پاکستان، پاکستان کا وہ عظیم بیانیہ ہے جس نے دہشت گردی، انتہاء پسندی اور فرقہ واریت کو حرام قرار دیا ہے۔ موجودہ حالات میں بین المسالک و بین المذاہب ہم آہنگی اور قومی یکجہتی کیلئے سب کو کردار ادا کرنا ہوگا۔ پاکستان میں قیام امن کیلئے وزیر داخلہ محسن نقوی کی کوششیں اور خدمات لائق تحسین ہیں۔

بقیہ 16 بقیہ جات

اختیار کیا گیا کہ پنشن کی عدم ادائیگی پر یونیورسٹی انتظامیہ کے خلاف پٹیشن دائر کی تھی۔ درخواست گزار کے مطابق پٹیشن پر ہونیوالی سماعت میں عدالت کو آگاہ کیا کہ پنشن کے اجرا کا اختیار یونیورسٹی انتظامیہ کا نہیں، عدالت کو بتایا گیا کہ پنشن کے اجرا کی درخواست وزیراعلیٰ سندھ کو ارسال کی گئی ہے۔ درخواست گزار کے مطابق عدالت نے وزیراعلیٰ سندھ کو 60 روز کے اندر درخواست پر

میونسپل سروسز کا منصوبہ ڈریم ون 225 ڈالر کی لاگت سے 2028 میں مکمل ہوگا، وزیر بلدیات

وزیراعلیٰ مریم نواز نے پنجاب بھر میں صفائی، واٹر سپلائی اور سیوریج کے منصوبے جلد شروع کرنے کی ہدایت کی ہے

منصوبوں کی تکمیل سے شہریوں کا معیار زندگی بلند ہوگا، ذیشان رفیق کا اجلاس سے خطاب

لاہور (خبر نگار) وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا ہے کہ ورلڈ بینک کے تعاون سے 225 ڈالر کی لاگت سے ڈریم ون منصوبہ 2028 میں مکمل ہوگا جس سے منتخب تحصیلوں میں شہریوں کو معیاری میونسپل سروسز کی فراہمی ممکن ہوسکے گی۔ سول سیکرٹریٹ میں ہونے والے ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب بھر میں صفائی، واٹر سپلائی اور سیوریج کے منصوبے جلد شروع کرنے کی ہدایت کی ہے۔ اجلاس کے دوران صوبہ بھر میں جاری اور نئی میونسپل سکیموں پر غور کیا گیا۔ سیکرٹری
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35

یونیک گروپ آف انسٹی ٹیوشنز کی جانب سے یوم دفاع کی تقریب

دشمن سوشل میڈیا پر پراپیگنڈہ سے ہماری قوم میں انتشار، تقسیم کی ناپاک کوشش کررہا ہے، خواجہ عمران نذیر

دشمن کو ناکام کرنے کے لئے اختلافات بھلا کر صفوں میں اتحاد پیدا کرنا ہوگا، صوبائی وزیر صحت

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر خواجہ عمران نذیر نے کہا ہے کہ یوم دفاع ہمارے شہداء کی قربانیوں کو یاد کرنے اور انکو خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے۔ ستمبر 1965 میں پاک فوج اور قوم نے بزدل دشمن کے ناپاک ارادے خاک میں ملا دیے تھے۔ اس وقت ہماری قوم میں اتحاد و اتفاق مثالی تھا، آج وہی نظم وضبط اپنی صفوں میں لانا ہوگا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے ان خیالات کا اظہار یونیک گروپ آف انسٹی ٹیوشنز کی جانب سے منعقدہ تقریب یوم دفاع و شہداء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36

وزیر بلدیات ذیشان رفیق پنجاب میں میونسپل منصوبوں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلحہ، شراب برآمدگی کیس: وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا کو گرفتار کرکے پیش کرنے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد نے غیر قانونی اسلحہ شراب برآمدگی کیس میں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کردیئے۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے خلاف کیس کی سماعت سول جج شائستہ خان کنڈی نے کی، جج نے معاون وکیل سے استفسار کیا کہ ملزم کہاں ہیں؟ معاون وکیل نے عدالت کو آگاہ کیا کہ پشاور میں سیلاب کی صورتحال ہے، جج نے وکیل ظہورالحسن سے کہا کہ آپ کے وکیل نے کہا سیلاب کا مسئلہ ہے، آپ کہہ رہیں ہیں طبیعت ناساز ہے۔

فیصل آباد ریجن میں کمشنر سوشل سکیورٹی کا مصروف ترین دورہ

مزدوروں کے مسائل کے فوری حل کیلئے عملی اقدامات

لاہور (این این آئی) کمشنر پنجاب سوشل سکیورٹی محمد علی نے فیصل آباد ریجن کا مصروف ترین دورہ کیا اور مزدوروں کے مسائل کے فوری حل کیلئے عملی اقدامات کئے۔ کمشنر سوشل سکیورٹی نے مدر اینڈ چائلڈ، مدینہ ٹاؤن، کلاش ہسپتال میڈیکل سنٹرز، ڈائریکٹوریٹس کا تفصیلی معائنہ کیا۔ سرونر اور انفراسٹرکچر کے معیار کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے پیپلز کالونی میڈیکل سنٹر کی خستہ حالت پر برہمی کا اظہار کیا اور بلڈنگ کی فوری مرمت اور عملے کے
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

اثاثے چھپانے کا الزام، ڈپٹی اسپیکر خیبر پختونخوا کے خلاف درخواست خارج

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان (ای سی پی) نے ڈپٹی اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی ثریا بی بی کے خلاف کاغذات نامزدگی میں حقائق چھپانے کے الزام سے متعلق درخواست خارج کردی ہے۔ ڈپٹی اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی ثریا بی بی کے خلاف کاغذات نامزدگی میں حقائق چھپانے کے الزام سے متعلق درخواست پر ممبر سندھ نثار درانی کی سربراہی میں 4 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ وکیل محب اللہ نے موقف اختیار کیا کہ ایک نامعلوم شخص نے ڈپٹی اسپیکر کے خلاف اثاثے چھپانے کی درخواست دی تاہم نامعلوم
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43



صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر کو یونیک گروپ آف انسٹی ٹیوشنز کے چیئرمین پروفیسر عبدالمنان خرم یوم دفاع کی تقریب میں شیلڈ پیش کر رہے ہیں

پنجاب کے تمام تھانوں پر سولر سسٹم نصب کرنے کا فیصلہ

پہلے مرحلے میں پنجاب کے 350 تھانے پر سولر سسٹم کی تنصیب کا عمل شروع کردیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب کے تمام 737 تھانوں پر سولر سسٹم نصب کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا کہنا تھا کہ سولر سسٹم سے فرنٹ ڈیسک پر تمام سروسز بلاتعطل فراہم کی جاسکیں گی، سولرائزیشن 2 مرحلوں میں مکمل کی جائے گی، پہلے مرحلے میں پنجاب کے 350 تھانے پر سولر سسٹم کی تنصیب کا عمل شروع کردیا گیا۔ دوسرے مرحلے میں اگلے مالی سال میں 375 پولیس اسٹیشنز پر تنصیب کی جائے
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

قائد حزب اختلاف احمد خان بھچر پبلک اکاؤنٹس کمیٹی I کا چیئرمین منتخب کرلیا گیا

پنجاب اسمبلی کی دیگر 5 قائمہ کمیٹیوں کے چیئرمینز کا بھی انتخاب، نوٹیفکیشن جاری

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی I سمیت دیگر 5 قائمہ کمیٹیوں کے چیئرمینز کا انتخاب عمل میں آگیا۔ پنجاب اسمبلی میں قائد حزب اختلاف احمد خان بھچر کو پبلک اکاؤنٹس کمیٹی I کا چیئرمین منتخب کیا گیا ہے۔ ممبر صوبائی اسمبلی جنید افضل ساہی کو قائمہ کمیٹی برائے انڈسٹریز، کامرس اینڈ انویسٹمنٹ، ممبر صوبائی اسمبلی محمد اویس کو قائمہ کمیٹی برائے خوراک، ممبر صوبائی اسمبلی حافظ فرحت عباس کو قائمہ کمیٹی انوائرمنٹ پروٹیکشن، ممبر
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41

مصطفیٰ کمال کا حکومت سے این ایف سی فنڈز براہ راست اضلاع کو دینے کا مطالبہ

اٹھارویں ترمیم کے اختیارات نچلی سطح پر نہیں آئے، اختیارات لوکل گورنمنٹ کو دیے جائیں، رہنما ایم کیو ایم

اسلام آباد (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم پاکستان) پاکستان کے سینئر رہنما مصطفیٰ کمال نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ قومی موومنٹ پاکستان (ایم کیو ایم) کے رہنما مصطفیٰ کمال نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ قومی مالیاتی کمیشن (این ایف سی) ایوارڈ کے تحت فنڈز براہ راست اضلاع کو دینے کا مطالبہ کیا ہے۔ اٹھارویں ترمیم کے اختیارات نچلی سطح پر نہیں آئے، اختیارات لوکل گورنمنٹ کو دیے۔ متحدہ
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے کیسکو انجینئرز آفیسرز ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے کیسکو انجینئرز اور آفیسرز ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری انجینئر کلیم اللہ خان جوگیزئی نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی۔ بدھ کو سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں بلوچستان میں جاری بجلی کے منصوبوں بالخصوص کیسکو میں جاری ترقیاتی منصوبوں سے متعلق بات چیت ہوئی۔ اس موقع پر انجینئر کلیم اللہ خان جوگیزئی نے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان کا شکریہ ادا کیا۔

پاکستان ریلوے کا ایم ایل ون پر جدید ترین فائبر آپٹک نیٹ ورک بچھانے کا معاہدہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے معروف فائبر برانڈ بینڈ آپریٹر سائبر نیٹ اور پاکستان ریلوے نے کراچی سے پشاور تک پھیلی ہوئی ایم ایل ون ریلوے لائن کے ساتھ جدید ترین فائبر آپٹک نیٹ ورک بچھانے کے لیے معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔ یہ شراکت داری پاکستان کے ڈیجیٹل انفرااسٹرکچر میں ایک اہم ترین پیش رفت ہے، جو ملک کو مستقبل کی کنیکٹیویٹی کے تقاضوں کو پورا کرنے اور اقتصادی ترقی کے لیے انتہائی ضروری ہے۔

بہاولنگر، چیئرپرسن ویمن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ کم عمری شادی کا شکار بچی سے ملاقات کے بعد میڈیا کو بریفنگ دے رہی ہیں

جنگلات کاٹنے میں ملوث افسران، ملازمین کو نوکریوں سے نکال دینا چاہیے، چیف جسٹس

ملی بھگت سے جنگلات کاٹے جانے کا معاملہ انتہائی سنگین ہے، چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس پاکستان جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے ریمارکس دیے ہیں کہ ملی بھگت سے جنگلات کاٹے جانے کا معاملہ انتہائی سنگین ہے، کٹائی میں ملوث افسران اور ملازمین کو نوکریوں سے نکال دینا چاہیے۔ ضلع مردان میں شیشم کے قیمتی درختوں کی کٹائی سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی، چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے سماعت کی۔ عدالت عظمیٰ نے ریجنل افسر مردان فارسٹ ڈویژن مہر بادشاہ کی نوکری سے برخاستگی، جرمانہ کی سزا برقرار رکھتے ہوئے اپیل خارج کردی۔ سماعت کے
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

عوامی نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما زاہد خان کا سیاست سے کنارہ کشی کا اعلان

ہم نے سیاست میں بڑی قربانیاں دی ہیں، موجودہ حالات میں مزید سیاست نہیں کرسکتا، بیان

پشاور (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) کے سینئر رہنما زاہد خان نے عملی سیاست سے کنارہ کشی اختیار کرنے کا اعلان کردیا۔ اپنے ایک بیان میں زاہد خان نے کہا کہ نظریات اور سوچ کے ساتھ سیاست کررہے تھے، بدقسمتی سے ملک میں جو سیاست سے چل رہی ہے، اس میں نظریات کہیں نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے سیاست میں بڑی قربانیاں دی ہیں، موجودہ حالات میں مزید سیاست نہیں کرسکتا، مستقبل کا فیصلہ اپنے حلقے کے
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45

جنگلی جانوروں کے تحفظ اور بحالی کے لیے کومبنگ آپریشن جاری

وائلڈ لائف ملتان ٹیم نے مقامی ٹک ٹاکر سے ایک نایاب ایشیائی ریچھ بازیاب کرلیا

جنگلی حیات کا تحفظ ہر شہری کا فرض ہے، کسی کو معصوم جانوروں کو قید میں رکھنے کی اجازت نہیں، مریم اورنگزیب

لاہور (این ین آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کی ہدایت پر جنگلی جانوروں کے تحفظ اور بحالی کے لیے کومبنگ آپریشن جاری ہے۔ وائلڈ لائف ملتان ٹیم نے مقامی ٹک ٹوکر سے ایک نایاب ایشیائی ریچھ (بچہ) بازیاب کرلیا ہے۔ ملزم تابسب ولید ولد ولید احمد، رہائشی ملتان، شناختی کارڈ نمبر 36302-23416833 کیخلاف قانونی
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49

پنجاب کے پبلک سکولوں میں سکول نیوٹریشن پروگرام کا آغاز (آج) سے ہوگا

سکول میل پروگرام جنوبی پنجاب کے 3 اضلاع سے شروع کیا جائے گا، وزیر تعلیم پنجاب

دیگر ضروری غذائی اجناس کو بھی سکول میل پروگرام کا حصہ بنایا جائے گا

لاہور (این این آئی) وزیر تعلیم رانا سکندر حیات سکول نیوٹریشن پروگرام کے آغاز کیلئے جنوبی پنجاب پہنچ گئے۔ رانا سکندر حیات نیوٹریشن پروگرام کے امور کی نگرانی اور آغاز کیلئے آج ڈی جی خان موجود رہیں گے جہاں وزیر اعلیٰ مریم نواز پروگرام کا افتتاح کریں گی۔ ڈی جی خان پہنچنے پر وزیر تعلیم سی ای او ایجوکیشن ڈی جی خان سے نیوٹریشن پروگرام
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48

امریکا کی پاکستان میں دہشت گرد حملوں کی شدید مذمت

علاقائی سلامتی کو لاحق خطرات سے نمٹنے میں امریکا اور پاکستان کا مشترکہ مفاد ہے، میتھیو ملر

ایران کے ساتھ تجارتی معاہدوں پر غور کرنے والوں کو ممکنہ ردعمل سے آگاہ رہنے کا مشورہ دیتے ہیں

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے گزشتہ ہفتے بلوچستان میں ہونے والے دہشت گرد حملوں کی شدید مذمت کی ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان میتھیو ملر نے پریس بریفنگ میں کہا کہ حملوں میں سیکیورٹی اہلکاروں سمیت عام شہریوں کو نشانہ بنایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ موسیٰ خیل میں 23 معصوم شہریوں کو نشانہ بنایا گیا تھا، پاکستانی عوام نے
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47

ترنول میں بارش کے جمع پانی میں 3 بہن بھائی ڈوب کر جاں بحق

بھائی پھسل کر پانی میں ڈوبنے لگا تو بچانے کے لیے 2 بہنوں نے چھلانگ لگائی، ریسکیو

بچے کاغذ اٹھانے کیلئے کوڑا کرکٹ کے ڈھیر پر گئے جہاں علاقہ دلدل بنا ہوا تھا، ڈی سی اسلام آباد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کے قریب ترنول میں بارش کے پانی کی وجہ سے بننے والی دلدل میں 3 بچے دھنس کر جاں بحق ہوگئے۔ علاقے میں نکاسی آب نہ ہونے کے باعث بارشوں کا پانی جمع ہوا تھا۔ ڈی سی اسلام آباد کے مطابق بچے کاغذ اٹھانے کیلئے کوڑے کرکٹ کے ڈھیر پر گئے جہاں علاقہ دلدل بنا ہوا تھا۔ جاں
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46

لاہور، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود پنجاب یونیورسٹی میں شجرکاری مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

انسداد پولیو پروگرام کے سربراہ خضر افضال ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کپاس کی پیداوار میں 60 فیصد کی بڑی کمی، ٹیکسٹائل کے شعبے میں تشویش کی لہر دوڑ گئی

اسلام آباد (این این آئی) سندھ اور پنجاب سے گزشتہ ماہ اگست میں کپاس کی پیداوار میں 60 فیصد تک کی خطرناک کمی پر ٹیکسٹائل کے شعبے میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے جو کہ غیر ملکی منڈیوں سے زیادہ غیر ملکی زرمبادلہ کی قیمت پر اپنی لنٹ کی
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50

جولائی اور اگست کے دوران برآمدات میں 14 فیصد اضافہ

2 ماہ میں برآمدات کا حجم 5 ارب ڈالر سے زائد ریکارڈ کیا گیا ہے: ادارہ شماریات

اگست میں سالانہ بنیادوں پر درآمدات میں 1.25 فیصد کمی ہوئی

اسلام آباد (این این آئی) رواں مالی سال کے پہلے 2 ماہ میں برا؟ مدات میں 14 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ ادارہ شماریات کے مطابق 2 ماہ میں برآمدات کا حجم 5 ارب ڈالر سے زائد ریکارڈ کیا گیا ہے جب کہ گزشتہ مالی سال اسی عرصے میں حجم 4 ارب 43 کروڑ ڈالر تھا۔ ادارہ شماریات کا بتانا ہے کہ اگست میں ملکی برآمدات میں سالانہ 15.93 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، اسی طرح جولائی میں برآمدات کا حجم 2 ارب 30 کروڑ ڈالر تھا۔ ادارہ
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51

آرمی چیف کی زیرصدارت کور کمانڈرز کانفرنس کا عزم قوم کا حوصلہ ہے، اسلم فاروقی

کراچی (این این آئی) بانیان پاکستان کی اولادوں کی تنظیم محب قومی سماجی کونسل (ایم کیو ایس سی) پاکستان کے چیئرمین و محب وطن سماجی رہنما محمد اسلم خان فاروقی نے کہا ہے کہ آرمی چیف جنرل حافظ سید عاصم منیر کی زیرصدارت کور کمانڈرز
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52

پنجاب انسداد پولیو مہم کے حوالے سے اجلاس

مہم کا آغاز 9 ستمبر سے 15 اضلاع میں کیا جا رہا ہے: خضر افضال

مہم کے دوران کوائف میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ سربراہ انسداد پولیو پروگرام

لاہور (خبر نگار) پنجاب انسداد پولیو مہم کے حوالے سے اجلاس پنجاب انسداد پولیو پروگرام سربراہ کی صدارت میں 15 اضلاع کے محکمہ صحت افسران کی ویڈیو لنک پر شرکت اجلاس میں انسداد پولیو پارٹنرز شریک مہم کا آغاز 9 ستمبر سے 15 اضلاع میں کیا جا رہا ہے خضر افضال کے مطابق مہم میں لاہور، راولپنڈی، اٹک، چکوال، فیصل آباد، شیخوپورہ، اوکاڑہ شامل جنوبی اضلاع ملتان، مظفر گڑھ، رحیم یار خان، ڈیرہ غازی خان، راجن پور، بہاولپور بھی مہم کا حصہ ہیں گجرانوالہ، بہاولنگر میں بھی پولیو مہم منعقد کی جائے گی تمام ضلعی افسران اپنے
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

لاہور، اقبال ٹاؤن کے رہائشی پولیس کے ظلم وستم کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کا سخت ایکشن غیر قانونی عمل میں ملوث سرکاری ملازمین فارغ

سیالکوٹ انتظامیہ کیخلاف اشتعال انگیزی میں ملوث سرکاری ملازمین کی معطلی کر کے نوٹیفکیشن جاری کردیا

میونسپل آفیسر ریگولیشن رانا ثقلین محمود کی مدعیت میں تھانہ کوتوالی میں درج بالا کیخلاف مقدمہ درج

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) سالڈ ویسٹ مینجمنٹ سیالکوٹ ضلع کونسل سیالکوٹ، میونسپل آفیسر ریگولیشن و ڈسٹرکٹ آفیسر ریگولیشن رانا ثقلین محمود و میونسپل آفیسر کارپوریشن سیالکوٹ کیخلاف اتفاق لیبر یونین کے سیکرٹری جنرل و دیگر مقررین نے چند روز قبل میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ و سمبڑیال کے سینکڑوں مستقل و ڈیلی ویجیز سینٹری ورکرز کے ہمراہ قلعہ سیالکوٹ میونسپل کارپوریشن آفیسر کے دفتر کے نیچے احتجاجی مظاہرہ کیا جس میں سیالکوٹ کی ضلعی و تحصیل انتظامیہ افسران کیخلاف ہرزہ سرائی و اشتعال انگیز تقاریر کی گئیں اور باقاعدہ
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38

چیئرمین گلشن ٹاؤن ڈاکٹر فواد احمد کا فیضان مدینہ کا

ربیع الاول میں عوام کو بہترین بلدیاتی سہولیات میسر کی جائیں گی، ڈاکٹر فواد احمد

کراچی (این این آئی) چیئرمین گلشن اقبال ٹاؤن ڈاکٹر فواد احمد نے کہا ہے کہ ماہ ربیع الاول وہ عظیم مہینہ ہے جس میں سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت ہوء جو تمام جہانوں کیلئے راہ ہدایت ہیں لہٰذا اس ماہ میں بلدیاتی سہولیات کی فراہمی اپنا دینی فریضہ سمجھ کر سرانجام دیں گے، قبل از وقت دورے کرکے مسائل کا جائزہ لے رہے ہیں تاکہ باہمی مشاورت سے امور کی انجام دہی کو یقینی بنایا جاسکے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے فیضان مدینہ
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53

شہید ختم نبوت ذوالفقار علی بھٹو اکیڈمی کا قیام، مولانا امین انصاری صدر مقرر

کراچی (این این آئی) متحدہ علماء محاذ پاکستان، متحدہ ختم نبوت فورم پاکستان کے بانی سربراہ مولانا محمد امین انصاری نے محاذ میں شامل کراچی سمیت ملک بھر کے 150 سے زائد مختلف مکاتب فکر کے جید علماء مشائخ سے ایک ہفتہ کی طویل مشاورت کے بعد تحفظ ختم نبوت کی 50 سالہ گولڈن جوبلی کے موقع پر سابق وزیراعظم
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54

کراچی، سپر ہائی وے پر پولیس مقابلہ، اہلکار شہید، دوسرا زخمی

سائٹ سپر ہائی وے پر محمدی گوٹھ ندی کے کنارے مسلح ڈکیت واردات کررہے تھے، پولیس پہنچی تو فائرنگ کردی

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے سائٹ سپر ہائی وے پر پولیس مقابلے میں ایک پولیس اہلکار جاں بحق جبکہ دوسرا زخمی ہوگیا۔ پولیس حکام کے مطابق سائٹ سپر ہائی وے پر محمدی گوٹھ ندی کے کنارے مسلح ڈکیت واردات کررہے تھے کہ گشت پر مامور پولیس اہلکار پہنچ گئے۔ اس موقع پر ڈاکوؤں نے پولیس کو دیکھتے ہی اندھا دھند فائرنگ کی جس
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62

کراچی، ایسٹ کمپلین سیل میں پولیس اہلکاروں کی رشوت لینے کی ویڈیو وائرل

کراچی (این این آئی) کراچی میں ایسٹ کمپلین سیل میں پولیس اہلکاروں کی رشوت لینے کی ویڈیو سامنے آ گئی۔ اپنے خلاف درج شکایت کے سلسلے میں کمپلین سیل آنے والے اہل کار سے ایک خاتون اہل کار کو 50 ہزار روپے سے زائد رشوت کا مطالبہ کرتے دیکھا جاسکتا ہے۔ ویڈیو میں متاثرہ اہلکار نے کہا کہ میرے پاس صرف 30 ہزار روپے ہیں۔ اس حوالے سے کراچی پولیس کے ترجمان نے کہا کہ ایڈیشنل آئی جی نے اہلکاروں کی رشوت لینے کی ویڈیو کا نوٹس لے لیا۔

عالمی یوم حجاب: جماعت اسلامی خواتین کی کراچی پریس کلب تک حجاب واک

یہ دن ایک بیٹی کی یاد میں منایا جاتا ہے جسے جرمنی میں خنجر سے شہید کیا گیا، منعم ظفر کا خطاب

کراچی (این این آئی) جماعت اسلامی کی خواتین نے عالمی یوم حجاب کے موقع پر کراچی پریس کلب تک حجاب واک کی۔ امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر نے حجاب واک سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ دن ایک بیٹی کی یاد میں منایا جاتا ہے جسے جرمنی میں خنجر سے شہید کیا گیا، اس لڑکی کا جرم یہ تھا کہ وہ اسلام کی تعلیمات پر عمل کرتی تھی۔ انہوں نے کہا کہ اسلام میں قدرت نے یہ لچک دی ہے کہ اسے جتنا دبائے گے اتنا ہی ابھرے گا۔ منعم ظفر نے کہا کہ اسلام یہ رہنمائی بھی کرتا ہے کہ طرز سیاست، طرز معاشرت کیسا ہوگا۔

گورنر سندھ کا یوم دفاع کی تقریب شایان شان طریقے سے منانے کا اعلان

شہداء کی قربانیاں فراموش نہیں کرسکتے، پوری قوم مل کر شہداء کے اہل خانہ کے ساتھ اظہار عقیدت کرے گی، کامران ٹیسوری

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے یوم دفاع کی تقریب شایان شان طریقے سے منانے کا اعلان کردیا۔ تفصیلات کے مطابق گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے یوم دفاع کی تقریب شایان شان طریقے سے منانے کے اعلان کے بعد گورنر ہاؤس میں انتظامات شروع کردیئے گئے ہیں۔ رات گئے گورنر ہاؤس کے سبزہ زار لان میں
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61

پولیس اہلکاروں میں ٹک ٹاک بنانے کا رجحان میں سابق آئی جی کی حوصلہ افزائی شامل نکلی

کراچی (این این آئی) سندھ میں پولیس اہلکاروں کا ڈیوٹی کے دوران ٹک ٹاک بنانے کے بڑھتے ہوئے رجحان میں سابق آئی جی رفعت مختار کی حوصلہ افزائی شامل نکلی۔ سابق آئی جی نے اپنی سوچ کے مطابق کراچی پولیس کی ٹک ٹاک فورس بھی بنائی، جن سے سینٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی ان کو سراہا شاباشیاں دی۔

کراچی، امریکی قونصل جنرل اسکاٹ اربوم بابائے قوم محمد علی جناح کے مزار پر حاضری دے رہے ہیں

کراچی سٹی کورٹ میں جعلی وکیل کے خلاف کراچی بار ایسوسی ایشن کا ایکشن، مقدمہ درج

کراچی (این این آئی) کراچی سٹی کورٹ میں جعلی وکیل کے خلاف کراچی بار ایسوسی ایشن کا ایکشن، مقدمہ درج کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق عوامی شکایات پر جعلساز تحسین نواز کے خلاف سٹی کورٹ تھانے میں مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ جعلساز تحسین نواز جتوئی عدالتی احاطوں میں خود کو وکیل ظاہر کرتا
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63

کراچی: ولی اللہ خان ایف پی سی سی آئی کے کنوینئر مقرر

ایس ایم ایز کی ترقی کے لئے ہر ممکن اقدامات کرینگے، تاجروں سے بات چیت

کراچی (این این آئی) ایف پی سی سی آئی ایس ایم ای فاؤنڈیشن کے صدر ولی اللہ خان کو ایف پی سی سی آئی سندھ ریجنل اسٹینڈنگ کمیٹی برائے ایس ایم ایز پروموشن کا کنوینئر مقرر کردیا۔ ولی اللہ خان کی تقرری کو تاجر برادری نے خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان کی تقرری سے چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباری افراد کے مسائل حل
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60

کراچی، جماعت اسلامی شعبہ خواتین کی جانب سے عالمی یوم حجاب کے موقع پر ریلی نکالی جارہی ہے

کانگو، جیل توڑنے کی کوشش کے دوران 129 قیدی ہلاک، درجنوں زخمی

مکالا جیل میں 15 سو قیدیوں کی گنجائش، 12 ہزار سے زیادہ رکھے گئے ہیں، وزیر داخلہ کانگو

کانگو (این این آئی) افریقی ملک کانگو میں مرکزی جیل توڑنے کی کوشش میں 129 قیدی ہلاک اور درجنوں زخمی ہوگئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق حکام نے بتایا کہ دارالحکومت کنشاسا کی مکالا جیل سے فرار ہونے کی کوشش کے دوران زیادہ تر ہلاکتیں بھگدڑ مچنے سے ہوئیں۔ کانگو کے وزیر داخلہ نے بتایا کہ ابتدائی تحقیقات کے مطابق
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

ای او بی آئی: 19، افسران کی ڈپٹی ڈائریکٹر کے عہدوں پر ترقیاں، تین افسران کی ترقی موخر

کراچی (این این آئی) نجی شعبہ کے ملازمین کو پنشن فراہم کرنے والے قومی ادارہ ایمپلائیز اولڈ ایج بینی فٹس انسٹی ٹیوشن (EOBI) کے چیئرمین فلائیٹ لیفٹیننٹ (ر) خاقان مرتضیٰ نے ڈپارٹمنٹل پروموشن کمیٹی کی سفارشات پر مختلف کیڈرز کے 19 اسسٹنٹ ڈائریکٹرز کو ڈپٹی ڈائریکٹر کے اگلے گریڈ (8) میں ترقی دیدی ہے
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57

انگلش چینل میں کشتی الٹنے سے 12 افراد ہلاک

انتظامیہ نے حادثے کو رواں سال کا خوفناک واقعہ قرار دیا

لندن (این این آئی) انگلش چینل میں کشتی الٹنے سے کم ازکم 12 افراد ہلاک ہوگئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق انگلش چینل میں ایک کشتی کو حادثہ پیش آیا جس میں درجنوں افراد ڈوب گئے۔ مقامی انتظامیہ نے کہا کہ ایک کشتی میں کافی تعداد میں لوگ سوار تھے جو انگلش چینل کو پار کرنے کی کوشش کررہے تھے کہ اسی دوران کشتی الٹ گئی۔ انتظامیہ کے
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59

یو اے ای میں مظاہروں اور فسادات میں ملوث بنگلہ دیشی شہریوں کی معافی کا حکم جاری

ابوظہبی (این این آئی) متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زاید النہیان نے گزشتہ ماہ یو اے ای کی مختلف ریاستوں میں ہونے والے مظاہروں اور فسادات میں ملوث بنگلہ دیشی شہریوں کی معافی کا حکم دے دیا۔ عرب میڈیا کے مطابق فیصلے میں سزا یافتہ افراد کی سزائیں منسوخ کرنا اور ان کی ملک بدری کا بندوبست بھی شامل ہے، متحدہ عرب
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 66

نائجیریا، گاؤں پر عسکریت پسندوں کا حملہ، 81 افراد ہلاک، کئی لاپتا

یہ حملہ مقامی چوکیداروں کے ہاتھوں بوکوحرام کے دو مشتبہ جنگجوؤں کی ہلاکت کا انتقام بھی ہوسکتا ہے، ترجمان یوبی اسٹیٹ پولیس

ابوجا (این این آئی) نائجیریا کے شمالی مشرق میں عسکریت پسند تنظیم کی جانب سے حملے میں 81 افراد ہلاک جبکہ متعدد زخمی ہوگئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق نائجیریا کے شمال مشرق علاقے میں واقع ریاست یوبی کے مافا گاؤں میں
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64

سعودی عرب میں گرج چمک کیساتھ موسلا دھار بارشوں کا امکان

محکمہ شہری دفاع نے عوام کو محفوظ مقامات پر رہنے، نشیبی مقامات کی طرف جانے سے روک دیا

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں محکمہ شہری دفاع نے بدھ سے سے اتوار تک مملکت کے کئی علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار بارشوں کا امکان ظاہر کیا ہے۔ محکمہ شہری دفاع نے اپنے بیان میں عوام سے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کہا ہے اس کے علاوہ محفوظ مقامات پر رہنے، سیلابی مراکز، وادیوں اور نشیبی مقامات کی طرف جانے
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 65

چین کیلئے جاسوسی کرنے والی فلپائن کی سابق میئر انڈونیشیا سے گرفتار

ایلس گو پر آن لائن جوئے بازی کے اڈوں کی حفاظت کرنے کا بھی الزام ہے

جکارتہ (این این آئی) چین کیلئے جاسوسی کے الزام کے بعد فرار ہونے والی فلپائن کے سابق میئر کو انڈونیشیا سے گرفتار کرلیا گیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق فلپائنی حکام نے سابق میئر انڈونیشیا سے گرفتار کرنے کی تصدیق کی ہے۔ فلپائنی حکام نے چار ممالک میں ایلس گو کا تعاقب کیا اور جولائی میں مجرمانہ سرگرمیوں کی تحقیقات کے بعد لاپتا ہوگئی
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56

نیو یارک کے دو گورنرز کی سابق معاون لنڈا سن چینی ایجنٹ نکلی

لنڈا سن نیلا کھوں ڈالر کے عوض خفیہ طور پر چینی حکومت کیلئے کام کیا، امریکی میڈیا

نیویارک (این این آئی) نیویارک کے 2 گورنروں کی سابق معاون لنڈا سن مبینہ طور پر چینی ایجنٹ نکلی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق لنڈا سن نیلا کھوں ڈالر کے عوض خفیہ طور پر چینی حکومت کیلئے کام کیا۔ امریکی میڈیا کے مطابق کہ لنڈا سن پر فارن ایجنٹ رجسٹریشن ایکٹ کی خلاف ورزی سمیت ویزا فراڈ، اسمگلنگ اور منی لانڈرنگ کا الزام بھی عائد کیا گیا ہے۔

اسرائیل، حماس کی جلد جنگ بندی نہ ہوئی تو کارروائی پر غور کرینگے، صدر سلامتی کونسل

غزہ میں اسرائیل کی انسانی حقوق و بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی پر سلامتی کونسل کا صبر کا پیمانہ لبریز ہورہا ہے، گفتگو

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے صدر نے خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسرائیل اور حماس کے درمیان جلد جنگ بندی نہ ہوئی تو سلامتی کونسل ممکنہ کارروائی پر غور کرے گا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق غزہ میں اسرائیلی جارحیت اور جنگ بندی پر غور کرنے کیلئے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کا اجلاس ہوا۔ اجلاس میں روس کے نائب سفیر نے اپنے امریکی ہم منصب سے کہا کہ وہ جنگ
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58

7 اکتوبر حملہ، حماس رہنماؤں پر فرد جرم، مذاکراتی عمل میں امریکی کردار پر سوالات اٹھ گئے

امریکی محکمہ انصاف نے اسماعیل ہنیہ، محمد دائف اور مروان عیسیٰ سمیت 6 مرکزی رہنماؤں پر فرد جرم عائد کی

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے اسرائیل پر 7 اکتوبر 2023 کے حملے کا جواز بنا کر حماس کے سرکردہ رہنماؤں پر فرد جرم عائد کردی جس نے غزہ میں جنگ بندی کے حوالے سے امریکا کی ثالثی کے کردار پر سوالات کو جنم دیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 67

ڈریگنز آف پاکستان 2024 ایوارڈز میں بہترین مارکیٹنگ کمپنیز کی جیت

کراچی (این این آئی) پاکستان ڈریگنز آف پاکستان کے افتتاحی ایوارڈز کی تقریب کراچی کے ایک مقامی ہوٹل میں اختتام پذیر ہوئی جس میں ڈریگنز آف ایشیا کے ڈائریکٹر مانیک ڈی سلوا اور انڈسٹری کے بہت سے ماہرین اور ممتاز شخصیات نے شرکت کی۔ اس تقریب کا انتظام ایڈ سٹریٹ نے کیا تھا جو ایڈورٹائزنگ ایکسپرٹس کا ایک منفرد فورم ہے اور اپنے دلیرانہ اقدامات سے جانا جاتا ہے جس کے بانی سید سعد ہاشمی ہیں۔

لاہور، امریکی ڈاکٹر کیرسٹین نوبل کا پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیوروسائنس لاہور میں لیکچر دینے کے موقع پر ای ڈی پروفیسر آصف بشیر اور دیگر ہیلتھ پروفیشنلز کے ہمراہ گروپ فوٹو

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔

آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

مظفر آباد، ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن چوہدری مختار حسین سپرنٹنڈنٹ پولیس اینٹی کرپشن محمد سلیم درانی و دیگر افسران کا خرید کردہ نئے اسلحہ اور ایمونیشن کا معیار چیک کرنے کے موقع پر گروپ فوٹو